قولہ عن ابی ہریرۃ عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم من صلی صلوۃ لم یقرأ فیہا بام القرآن فہی خداج ثلثا غیر تمام۔ فقیل لابی ہریرۃ انا نکون وراء الامام فقال اقرء بہا فی نفسک فانی سمعت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم الحدیث **اقول** وباللہ التوفیق۔ اسکا جواب بچند وجوہ ہے **وجہ اوّل** اس حدیث میں کوئی ایسا لفظ نہیں جو بخصوصہ وجوب قرآۃ مقتدی پر دال ہو۔ بلکہ مدلول کلمہ **من**۔ کا جو موضوع واسطے عموم کے ہے۔ منافی تخصیص مقتدی کا ہے۔ کیونکہ جائز ہے کہ مراد حدیث میں وہ نماز ہو جسمیں امام نہیں ہے۔ ہاں البتہ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے اپنے رائے مبارک سے مقتدی کی خصوصیت باشمول ٹھہرایا۔ اور ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کا فقیہ مجتہد ہونا کچھہ ہمکو اس مسئلہ میں مضر نہیں۔ اسلئے کہ رائے مبارک ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے آیۃ قرآنی اور احادیث مرفوعہ کی فوقیت اور مزیت کا تو یقین ہے۔ کہ آپ بھی انکار نہیں کرینگے۔ پہر بحالت تعارض بینہما کے واجب العمل آیۃ قرآنی اور احادیث مرفوعہ نبویہ ہووینگے۔ نہ رای مبارک ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کی قال اللہ تعالی واذا قرئ القرآن فاستمعوا لہ وانصتوا لعلکم ترحمون۔ **وعن** ابی ہریرۃ رضی اللہ عنہ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم۔ انما جعل الامام لیؤتم بہ فاذا کبر فکبروا واذا قرأ فانصتوا۔ رواہ ابوداؤد۔ والنسائی۔ وابن ماجہ۔ **و** فی روایۃ لمسلم عن ابی ہریرۃ وقتادۃ فاذا قرأ فانصتوا۔ جب کہ قرآن کریم اور احادیث مرفوعہ صریحہ موجود ہوں۔ کہ امام جب قرآن پڑہے تو تم چپکے رہو۔ اور اوس کی

فاتحہ خلف الامام ہی کب ہو سکتا ہے۔ کیونکہ یہ لفظ لا اقل محتمل دونو معنونکا علی السواء
ہے۔ وَاِذا جاء الاحتمال بطل الاستدلال۔ فلم یثبت ما ادعاہ۔ فہو المطلوب

وجہ پنجم۔ نووی نے لکھا ہے قولہ سبحانہ وتعالیٰ۔ قسمت الصلوٰة
بینی وبین عبدی نصفین الحدیث **قال** العلماء المراد بالصلوٰة ھھنا
الفاتحۃ یعنے علماء نے کہا ہے کہ مراد صلوٰة سے اسمقام میں فاتحہ ہے۔ جبکہ صلوٰة
سے مراد فاتحہ ہوئی۔ تو معنے قسمت الصلوٰة بینی وبین عبدی کے یہ ہوئی کہ فاتحہ
میرے اور میرے بندیکے درمیان بدیں تقسیم جسکا بیان آئندہ حدیث میں فرمایا ہے۔
منقسم ہے۔ تو پھر اس جملہ حدیث میں کونسا لفظ فرضیت فاتحہ پر دال ہے فضلاً
عن ان یکون خلف الامام بلکہ مدلول صریح اسحدیث کا فضیلت فاتحہ کی ہے نماز
یا خارج نماز کے اوسکو کوئی پڑہے۔ تو مستحق اوس فضیلت وثواب کا ہوگا جس کو باریتعالی
نے بیان فرمایا ہے۔ فرضیت کس کلمہ کا مدلول ہے۔ بلکہ اگر نماز میں فاتحہ بطریق
استحباب یا سنت کے بھی پڑہی جاوے۔ تو ثواب موعود کا مستحق ہوگا **ہاں** البتہ
ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کی راے مبارک ہے۔ اور صحابی کی راے مبارک مقابل نصوص
کے اور مسائل مختلف فیما بینہم میں حجت نہیں **شافعیہ** رحمہم اللہ تو مطلقاً وجوب تقلید
صحابہ کے قائل ہی نہیں اور **حنفیہ** کرام کے نزدیک بھی تقلید صحابی کا وجوب
مشروط بالشروط ہے۔ **اول** جبکہ مقابل نصوص صریحہ کے ہو **قال شارح المنار**
تقلید الصحابی واجب یترک بہ القیاس ای قیاس التابعین ومن بعدھم انتہٰی
یعنی تقلید صحابی کی واجب ہے اوس کے مقابل میں قیاس تابعین ومن بعدہم کا متروک
ہوگا۔ نہ کہ نصوص۔ یعنے تابعین ومن بعدہم کا قیاس۔ صحابہ کے قیاس کے
نسبت کچھ فروغ نہیں رکھتا۔ لانہم شاھدوا موارد النصوص۔ ولانہم کانوا فی خیر القرون۔ وھم
برکۃ فی صحبۃ النبی۔ والا نصوص کا مرتبہ جملہ قیاسات سے برتر اور فوق ہی لا ینکرہ الا من کان فی قلبہ زیغ **دوم** جبکہ مسئلہ

اور ابی الدرداء کی رائے کو باوصف مؤیدات قرآنی اور احادیث مرفوعہ صحیحہ کے نہیں مانتے۔ درست ہے کہ ہر کس بقدر ہمت اوست۔ الغرض جبکہ رائے ابی الدرداء رضی اللہ عنہ کے باایں ہمہ مؤیدات معارض رائے ابی ہریرہ رضی اللہ عنہ کے موجود ہے۔ تو پھر رائے ابی ہریرہ رضی اللہ عنہ کی قابل استدلال اور مثبت فرضیت نہ رہی فہو المطلوب فلم یثبت ما ادعاہ وجہ چہارم خداج کے معنے صاحب قاموس جو کہ محاورات عرب سے بڑا ماہر اور لغت دانی میں اعلم ہے۔ یوں لکھتا ہے۔ الخداج کالکتاب القاء الناقۃ ولدھا قبل تمام الایام۔ والفعل کنصر وضرب وھی خادج والاخداج ای اخدجت الصیفۃ قبل مطرھا۔ والناقۃ جاءت بولد ناقص وان کانت ایامہ تامۃ فھی مخدج والامخدج۔ وصلوتہ خداج ای نقصان ورجل مخدج الید ناقصہا انتہی اور نووی علماء لغت سے یوں نقل کرتا ہے۔ الخداج بکسر الخاء المعجمۃ۔ قال الخلیل بن احمد والاصمعی وابو حاتم السجستانی والھروی رحمہم اللہ تعالی و آخرون الخداج النقصان ویقال خدجت الناقۃ۔ اذا القت ولدھا قبل اوان النتاج وان کان تام الخلق واخدجتہ اذا ولدتہ ناقصا۔ وان کان لتمام الولادۃ۔ ومنہ قیل لذی الیدیۃ مخدج الید ای ناقصہا۔ قالوا فقولہ صلی اللہ علیہ وسلم خداج ای ذات خداج۔ وقال جماعۃ من اہل اللغۃ خدجت واخدجت اذا ولدت لغیر تمام انتہی اگرچہ صاحب قاموس کی عبارت "وصلوتہ خداج ای نقصان" نص صریح ہی کہ اس محاورہ میں (صلوتہ خداج) میں خداج بمعنی نقصان فی الوصف ہی کے ہے اور نووی کا بھی طرز بیان بمعنی نقصان ہی کا ہے۔ کما لایخفی علی الناظر الادیب۔ الاس سے ہی قطع نظر۔ [illegible] ہے کہ خداج کا لفظ مشترک الدلالہ بین المعنیین یعنے نقصان فی الذات نقصان فی الوصف کے ہے۔ تو پھر یا اشتراک کہ جمع بین المعنیین ہے۔ مثبت مدعا خصم کو فرضیت قراءت

اس حدیث مین جو خداج کا لفظ آیا ہے اُسکا **اقول** وباللہ التوفیق۔ لفظ خداج کا
معنی کی تشریح اور ترجیح ماسبق مین بیان ہو چکی ہے۔ اور **صاحب قاموس** اور
نووی کا قول ونقل گزر چکی ہیں فلا نعیدہ فلینظر ثمہ **قولہ** حدیث کا مفسر خود
راوی ہے اور تفسیر راوی کی آپ کی یہان حجت ہے **اقول** وباللہ التوفیق اس قول
کے جواب میں دو مقام ہیں **مقام اول** اس مقام میں بیان کرنا چند امور کا جو جواب کے
لئے کافی ہونگے ضروریات سے ہے **امر اول** تفسیر اور تاویل کے تعریف تاکہ مابہ
الامتیاز ہر دو میں معلوم ہو۔ **امام سیوطی** رحمۃ اللہ علیہ نے اس باب میں
تفسیر اتقان میں بہت عبارات نقل کے ہیں۔ الا بخوف طوالت کے ایک دو عبارتون
کی نقل پر اکتفا کیا جاتا ہے۔ کہ مقصود کے لئے کافی ہیں حیث قال التفسیر بیان لفظ لا
یحتمل الا وجھا واحدا۔ والتاویل توجیہ لفظ متوجہ الی معان مختلفۃ الی
واحد منھما بما ظھر من الادلۃ وقال الماتریدی۔ التفسیر القطع علی ان المراد
من اللفظ ھذا۔ والتاویل ترجیح احد المحتملات بدون القطع انتھی باختصار۔
امر دوم جبکہ یہ امر ثابت ہوا کہ تفسیر اور تاویل شے واحد نہین۔ بلکہ دونوں میں مابہ
الامتیاز پورا پورا ہے۔ تو اب نحن فیہ قابل غور ہے کہ راوی یہاں تفسیر کرتا ہے۔
یا کہ تاویل **ظاہر ہے** کہ تفسیر کے معنے (بیان لفظ لا یحتمل الا وجھا واحدا) لفظ خداج
پر صادق نہیں آتے۔ کیونکہ یہ کلمہ مشترک محتمل معنیین یعنے غیر تمام فی الذات
والوصف کا ہے۔ پس مصداق معنے تاویل کا ہوا نہ تفسیر کا **امر سیوم** پس یہ امر
ثابت ہوا کہ لفظ خداج مین حدیث کا راوی تاویل کرتا ہے۔ تو اب تحقیق طلب یہ امر ہے
کہ تاویل راوی (صحابیا کان او من دونہ) کی حجت ہے یا نہ **فی شرح المنار** و
تعیین الراوی لبعض محتملاتہ بان کان مشترکا فعمل بتاویل منہ لا یمنع العمل بہ
للتاویل الاخر۔ کما روی ابن عمر رضی اللہ عنہ انہ قال المتبایعان بالخیار ما لم یتفرقا

مختلف فیما بینہم نحو- **قال صاحب التلویح** تقلید الصحابی رضی اللہ تعالی عنہ

یجب اجماعاً فیما شاع فسکتوا مسلمین- ولا یجب اجماعاً فیما ثبت الخلاف بینہم

انتہی- اور مسئلہ فاتحہ خلف الامام میں ہر دو امر موجود ہیں- یعنے فاتحہ خلف الامام کا مسئلہ

فیما بین الصحابہ مختلف بھی ہے- اور ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کی رای مبارک نصوص کے مقابل

بھی ہے- پس حجت نہوگی- **واضح ہو** کہ مولوی صاحب نے اپنے مدعی (یعنی فرضیت

فاتحہ کی مقتدی پر) کے اثبات کے لئے اس حدیث بتمامہ کو بیان فرمایا- **اب** ہم اون سے

استفسار کرتے ہیں- کہ مثبت مدعی آپکا جملہ اولی حدیث کا "یعنی من صلے صلوۃ

لم یقرأ فیہا بام القرآن فھی خداج ثلثاً" ہے یا کہ جملہ ثانیہ یعنی قسمت الصلوۃ بینی و

بین عبدی" الحدیث یا ہر دو- اگر اولی ہے تو فرمائیے کہ اس جملہ میں کونسا لفظ خاص

مقتدی پر دال ہے- من یا صلی صلوۃ- یا بام القرآن- یا فھی خداج ثلثاً- یقین

ہے کہ من کیطرف ہی رجوع فرمائیں گے- اور اونسے خیال اوٹھائینگے فاعتبروا یا اولی

الالباب- ہل اصاب فی الجواب- کہ کلمہ من کے معنے اس مقام میں خاص مقتدی کے ہیں

یا کوئی نمازی عام اس سے کہ مقتدی ہو یا امام یا منفرد- **کوئی دانشمند** بلکہ ابجد خواں

بھی اس خصوصیت کا قائل نہیں ہوگا- پس صاف صاف ثابت ہوا کہ جملہ اولی حدیث

کا مثبت مدعی حضرت مدعی کا نہیں- کیونکہ کلمہ من نہ وضعاً اور نہ استعمالاً مقتضی اس

خصوصیت کا نہیں- اور اگر جملہ ثانیہ مراد ہے- تو ماسبق میں بوضاحت معلوم ہوچکا ہی

کہ اس جملہ میں کوئی لفظ ایسا نہیں- جو فرضیت فاتحہ پر دال ہو- فضلا عن ان یکون

خلف الامام پھر یہ جملہ بھی کیونکر مثبت مدعی کا ہوگا- اور اگر ہر دو جملہ مراد ہیں تو بمقتضائی

اوسی قاعدہ کے جسکو آپ بیان کرچکے ہیں کہ مرکب بانتفاء کل اجزاء یا ایک جزو کے منتفی

ہوجاتا ہے- یہ مرکب بھی بسبب منتفی ہونے ہر دو جزو کے منتفی ہوگا- کما لا یخفے

علی المتامل- الحاصل یہ مرفوع حدیث کسی طرح بھی مثبت مدعی خصم کے نہیں **قولہ**

اور ما نحن فیہ میں بلحاظ ان معنوں کے لفظ خداج یا مجمل ہے یا مشترک اما المجمل فما
ازدحمت فیہ المعانی واشتبہت المراد بہ اشتباھا لا یدرک بنفس العبارۃ بل
بالرجوع الی الاستفسار ثم الطلب ثم التأمل کالصلوۃ والزکوۃ فی قولہ تعالی و
اقیموا الصلوۃ واتوا الزکوۃ۔ فان الصلوۃ فی اللغۃ الدعاء۔ ولم یعلم ای دعاء
یراد بہ فاستفسرنا النبی صلی اللہ علیہ وسلم بافعالہ بیانا شافیا من اولھا الی اخرھا
ثم طلبنا ان ھذا الصلوۃ علی ای معان تشتملت فوجدناھا شاملۃ علی القیام
والقعود والرکوع والسجود والقراءۃ والتسبیحات والاذکار۔ فلما تاملنا
علمنا ان بعضھا فرض وبعضھا واجب وبعضھا سنۃ وبعضھا مستحبۃ فصار
مفسرا بعد ان کان مجملا **شرح منار** واما المشترک فما یتناول افرادا
مختلفۃ الحدود علی سبیل البدل کالقرء للحیض والطہر۔ فانہ مشترک بین
ھذین المعنیین المتضادین لا یجتمعان انتھی ما **فی شرح المنار** باختصار۔
پس ناظرین کو چاہیئے کہ منصفانہ نظر کریں۔ کہ لفظ خداج مصداق تعریف مجمل کا ہے۔ یا
مشترک کا۔ تو ظاہر ہوگا کہ اول کا مصداق تو نہیں ہے۔ البتہ دوم یعنی مشترک کا مصدا
یہ حال ہوا۔ جب اس لفظ کا مشترک ہونا قرار پا چکا۔ تو راوی جب تعیین احد المعنیین
المحتملین کی اپنے راے سے کرے۔ تو یہ تعیین حجت نہیں ہے۔ دیکھو کتب اصول
وتعیین الراوی بعض محتملاتہ بان کان مشترکا فحمل بتاویل منہ لا یمنع العمل
للتاویل الاخر الی اخر ما مرمنا سابقا اس مقام دوم سے یہ امر ثابت ہوا کہ لفظ مفسر
کا اس مجمل میں ہو لویصاحب کا کہنا بجا درست ہے۔ اما تفسیرہ بمعنی حجت نہیں
فلم یثبت ما ادعاہ **قولہ** دیکھو۔ اسے فاتحہ خلف الامام کے مسئلہ میں۔ اذا قرأ فانصتوا
کی حدیث میں آپ لوگوں نے جابر رضی اللہ عنہ کی تفسیر سے استدلال پکڑا ہے کہ انصتوا
کے ساتھ عما سوی الفاتحہ مراد نہیں۔ کیونکہ جابر راوی حدیث کا بھی فاتحہ خلف کا منکر ہے

نہ تحتمل تفرق الاقوال و تفرق الابدان ۔ وتاوله ابن عمر الراوی بتفرق الابدان

کما ھو قول الشافعی رحمۃ اللہ علیہ ۔ وھذا لا ینافی ان نعمل نحن بتفرق الاقوال

انتھی **وفی قمر الاقمار** لان رای الراوی لیس بحجۃ ۔ انتھی **وفی التلویح**

فی التشریک ۔ ان امکن التاویل فتاویلہ لا یصیر حجۃ علی غیرہ انتھی **وفی**

فواتح الرحموت تاویل الراوی لیس بحجۃ وقد صرح الزیلعی فی شرح

الکنز فی مواضع عدیدۃ انتھی باختصار ۔ ان نقول عن الفحول سے ثابت ہوا

کہ تاویل راوی کی حجت نہیں ہے ۔ اُمور مذکورۃ الصدر کے دریافت ہونیسے

جواب بھی بالوضاحت دریافت ہوچکا ۔ زیادہ کشف کی حاجت نرہی ۔ یعنی جبکہ تاویل

راوی کی حجت نہ ٹھری تو خداج کے لفظ کی تاویل ۔ جو راوی غیر تمام نے الذات سی

کرتا ہے حجت نھوگی **واضح ہے** کہ بنا بر اس تحقیق کے (یعنی تفسیر اور تاویل متغائر ہیں)

لفظ مفسر کا جو کہ مؤلف رسالہ نے فرمایا ہے بے محل اور غلط ہے ۔ بلکہ بجایش مأول

کہنا ٹھیک اور صحیح تہا ۔ فلیتأمل **رہی** یہ بات کہ تفسیر راوی کی حجت ہی یا نہ ۔ آرے

درست ہی ۔ راوی کی تفسیر بمعنے مذکور جو محض وضاحت اور بیان معنی لفظ کے ہوتے

ہیں ۔ ہمارے اصحاب حنفیہ کرام کے نزدیک مقبول ہے الا ما نحن فیہ ہیں یہ بات کہاں

صادق آتی ۔ کیونکہ یہاں محض وضاحت اور بیان معنی کے نہیں ۔ بلکہ تعیین احد المعنیین

المحتملین کا ہے کما مر ۔ فاین ھذا من ذاک **مقام دوم** اگر مقام اوّل سے تنزل کرکے

تفسیر اور تاویل کے مابہ الامتیاز سے قطع نظر کیجاوے ۔ اور تفسیر کو بمعنی بیان ۔ التفسیر ۔

باصطلاح علماء اصول کے عام تصور کریں ۔ جیسا کہ علماء اصول نے بیان کو باستقراء پانچ

قسم میں بیان کیا ہے ۔ بیان تاویل کو علیحدہ بیان نہیں کیا ۔ وہی ھذہ ۔ بیان

التقریر ۔ بیان التفسیر ۔ بیان التغییر ۔ بیان التبدیل بیان الضرورۃ ۔ تو بھی

مفید مدعی خصم کے نہیں ہے ۔ اسلئے کہ بیان التفسیر شامل ہی بیان مجمل اور بیان مشترک کو

اون سے بطرق صحیحہ ثابت ہو چکا ہے۔ کہ فاتحہ بھی مقتدی پر فرض نہیں **منھا**

روی مالک ثنا وهب بن کیسان انه سمع جابر بن عبد الله يقول من صلى ركعة

لم يقرأ فيها بأم القرآن فلم يصل الا وراء الامام۔ و روى الترمذي ايضا وقال هذا

حديث حسن صحيح ومسلم بن ابی شیبة فی مصنفه۔ وروى الطحاوي مرفوعاً عن

جابر رضی الله تو پھر اس تاویل یا تخصیص کی کوئی وجہ نہیں **حاصل** جواب کا یہ ہوا

کہ یہ تاویل۔ یا تو تاویل القول بما لا یرضی به قائله کے قبیلہ سے ہے۔ یا یہ کہ عمل صحابی

راوی کا اس تاویل اور تخصیص کا مقتضی نہیں ہے۔ کیونکہ راوی کا عمل اس

تخصیص کے برخلاف ہے۔ اب ناظر منصف سے ہم تفاقاً پوچھتے ہیں۔ کہ یہاں کونسی

تفسیر جابر کی ہے جس سے حنفیہ رحمہم اللہ نے استدلال پکڑا۔ اور وہ تفسیر الزاماً و نیز قائم

کی گئی۔ یا کہ منجانب مولویصاحب کے صرف الزام ہی لگایا گیا۔ واللہ یهدی من یشاء

الی صراط مستقیم **قوله** یہ بات الزاماً قوم ہے۔ بلکہ راوی کا قول مطلق حجت ہے۔

اقول اس عبارت میں مولویصاحب نے دو تعمیمیں بیان فرمائی ہیں۔ تعمیم راوی کی۔

صحابی ہو۔ یا تابعی۔ یا من دونہما۔ عادل۔ ضابط۔ غیر مدلس۔ یا انکی ضد۔ وغیرہ

وغیرہ۔ اور تعمیم قول کی۔ تفسیر یعنے شرح محض لفظ کی ہو۔ یا تاویل مشترک۔ مجمل کی۔

موافق نصوص ہو۔ یا مخالف۔ من تلقاء نفسه۔ ہو۔ یا سماعاً عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم۔

مجمع علیہ۔ یا مختلف فیہ۔ خبر کو ظاہر پر حمل کرے۔ یا خلاف ظاہر پر۔ وغیرہ وغیرہ۔

سو لحاظ ان دو تعمیم کے راوی مطلق کے مطلق قول کا حجت ہونا مذہب مولویصاحب کا

ہی ہوگا۔ ورنہ اور کوئی علماء دین سے فقیهاً کان او محدثاً اس کے حجۃ کا قائل نہیں دیکھو

کتب حدیث اور فقہ اور اندونوں کے اصول۔ کاش اگر خوف طوالت عنان قلم کو نہ روکتا۔

تو اس مسئلہ میں انشاء اللہ تعالی اقوال علماء محدثین اور فقہاء قدیماً اور حدیثاً کے ایسے

سے ذکر کئے جاتے۔ جو باعث اطمینان ناظرین ہوتا۔ اور مخالف کی قلعی بھی کھل جاتے۔

اقول یہ عبارت اور استدلال نہایت عجیب و غریب ہے۔ ہر دو جملہ کا تطابق اور توافق
مدعی اور شاہد کا پورا پورا تب حاصل ہوتا۔ جبکہ راوی حدیث واذا قرء فانصتوا کا جابر رضی
ہوتے۔ اور خود راوی یعنی جابر رضی اللہ عنہ ہی تفسیر ہی کرتے۔ اور وہ تفسیر جابر کی
ہمارا مسند ہوتا۔ سو یہاں بفضلہ تعالے انمیں سے کوئی بات ہی نہیں۔ نہ تو جابر رضی اللہ
نے اس حدیث کو روایت ہی کیا ہے۔ اور نہ اس حدیث کی جابر رضی اللہ عنہ نے تفسیر
ہی کی ہے۔ جیسا کہ ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نے حدیث خداج کی روایت کی اور پھر
خود ہی ابو ہریرہ نے اوسکی تفسیر عمر سے فرمائی۔ اسلئے کہ واذا قرء فانصتوا کو مسلم
نے ابو ہریرہ اور قتادہ سے روایت کیا ہے۔ اور ابو داؤد و نسائی اور ابن ماجہ نے
ابو ہریرہ سے۔ بزار اور ابن عدی نے ابو موسی سے۔ اور عبد البر نے ابی ہریرہ اور ابی موسی
سے۔ اور نیز ابو داود نے حطان بن عبد اللہ الرقاشی سے۔ اور طحاوی نے ابی ہریرہ سے۔
کسی محدث نے اس حدیث کی تخریج حضرت جابر سے نہیں کی۔ پس یہ الزامی بات بھی ہے پھر
پوری پوری قائم نہ ہوئی۔ انصاف کے دائرہ کو ہاتھ سے دنیا عین ناانصافی ہے۔ اب
راقم اصلیت اس الزامی دلیل جسکو مولوی صاحب نے بضمن اس عبارت عجیب و غریب کے
بیان فرمایا ہے۔ ہدیہ ناظرین کرتا ہے۔ اور دادِ انصاف مانگتا ہے

روی محمد

فی مؤطاہ اخبرنا ابو حنیفۃ اخبرنا موسی بن عائشۃ عن عبد اللہ بن شداد عن
جابر عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم من صلی خلف الامام فان قراءۃ الامام له قراءۃ۔

واسنادہ صحیح علی شرط الشیخین۔ ای البخاری ومسلم اس حدیث سے ہی حنفیہ رحمہم اللہ
نے عدم وجوب فاتحہ خلف الامام کے لئے استدلال پکڑا ہے۔ کسی معترض نے بغرض تطبیق
بدیں طریق اعتراض کیا کہ مراد فان قراءۃ الامام له قراءۃ سے۔ بامراد جابر رضی اللہ عنہ کی اس
جملہ سے ماسوا فاتحہ کے ہے۔ لیحصل التطبیق۔ اس اعتراض کے جواب میں حنفیہ کرام نے فرمایا
کہ یہ تخصیص یا تاویل کیونکر صحیح و جائز ہو کہ جابر رضی اللہ عنہ جو راوی فان قراءۃ الامام له قراءۃ کا ہے

مخالفۃ للقرآن حیث قال اللہ تعالی فاعتدوا علیہ بمثل ما
اعتدی علیکم وجزاء سیئۃ سیئۃ مثلها - وایضاً قد انعقد
علیہ الاجماع وایضاً معارض للسنۃ المشہورۃ المتلقی بالقبول وهے
الخراج بالضمان انتهی - **قولہ - علاوہ** - برین فقاہت راوی
کا شرط ہونا امام (ابوحنیفہؒ) کا مذہب نہین - **اقول** - طرز بیان اس
عبارت کا اسپر دال ہے - کہ راویکا فقیہ ہونا امام کے نزدیک شرط نہیں - الاحنفی
لوگ شرط فقاہت راوی کے قائل ہین یعنی راوی جبتک کہ فقیہ نہو روایت
اوسکی نامسموع اور ناجائز ہے - کما هو مقتضی الشرطیۃ لان فقدان الشرط یقتضی
فقدان للشروط وهو فریۃ بلا مریۃ - اسلیئے کہ حنفی تو درکنار بلکہ کوئی بہی اہل
اسلام اور علماء دین سے - حنفی - شافعی - مالکی - حنبلی وغیرہ
فقاہت راوی کی شرطیت کا قائل نہین - کیونکہ راوی تو وہی شخص ہے
جو اپنے مسموع کو غیرون کو پہونچا دے - سواء کان ثقۃ - عدلا - ضابطا -
فقیہا - او غیر ثقۃ او متہم او مجہول - او مدلس وغیر فقیہ -
او غیر ذلک - پس مجرد روایت اور اپنے مسموع کے اداء کے لئے فقیہ
ہونا کچھ ضرور نہین - اور نہ اسلامیین میں سے کیکا یہ مذہب
ہے - دیکھو **اصول حدیث** - اور **اصول فقہ** - ورنہ
اگر فقاہت راوی کی (مجرد روائیت کے لئے) شرط ہوتی - تو سوا
فقیہ مجتہد کے کسی کی روایت مقبول و منظور نہ ہوتے وهو کما
ترائی - ہان البتہ فقاہت کا شرط ہونا - بعض حنفیہ (یعنی عیسی
بن ابان) کے نزدیک ایک خاص صورت میں ہے - جسکا بیان ہوتا ہے -
گو کہ یہہ اوراق اوس کے بسط کے متحمل نہین ہین - الا بعکم مالا یدرک

قولہ ہاں ابوہریرہ ہی وہی ابوہریرہ ہے الخ اقول آرے درست ہے وھو اکثر
الصحابۃ روایۃ عن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم۔ واحفظ من روی الحدیث فی
دھرہ۔ وذکر الامام الحافظ بقی الدین بن مخلد الاندلسی فی مسندہ لابی ھریرۃ
رضی اللہ خمسۃ الاف حدیث وثلثمائۃ واربعۃ وسبعین حدیثا۔ ولیس لاحد من
الصحابۃ ھذا القدر ولا ما یقاربہ۔ وکان عریف اھل الصفۃ واشھر من سکنھا
ذکرہ النووی۔ بل الصحابۃ کلھم عدول۔ کیف لا وھم نجوم الھدایۃ وشموسھا
ومقتدای الائمۃ وراسھا۔ اختارھم اللہ لصحبۃ نبیہ صلی اللہ علیہ وسلم۔ وقال فی
شانھم۔ اللہ اللہ فی اصحابی لا تتخذوھم غرضا فمن احبھم فبحبی احبھم۔ ومن ابغضھم
فببغضی ابغضھم الحدیث یعنی ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کی شان ذی شان اور مرتبہ عظیمہ
اس سے بھی بڑھ کر ہے۔ بلکہ کل صحابہ رضی اللہ عنہم کی شان مبارک احاطہ تحریر و تقریر سے
افزون اور زیادہ ہے اللھم صل علی حبیبک واصحابہ واتباعہ وشفعھم فینا وتب
علینا انک انت التواب الرحیم۔ الا کلام اسمیں ہے۔ کہ تاویل ابی ہریرہ رضی اللہ عنہ کی
اس حدیث میں حجت ہے یا نہ۔ سو اسکا حال معلوم ہو چکا ہے قولہ فان ابا ہریرۃ راو فقیہ الخ
اقول فقیہ ہونا ابا ہریرہ رضی اللہ عنہ کا بھی ہمکو اس مسئلہ میں کچھ مضر نہیں ہے۔ اس
لئے کہ تقلید ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کی وان کان فقیہا۔ مقابلہ نصوص کے کب واجب ہے۔
لانا امرنا باتباع کتاب اللہ وسنۃ نبیہ صلی اللہ علیہ وسلم۔ وان کان مقام الصحبۃ مقاما
عظیما ومنزلۃ رفیعۃ ومرتبۃ منیعۃ ودرجۃ شریفۃ قولہ فاذ الحق فی
دفع استدلال الشافعی رحمۃ اللہ علیہ اقول صاحب رسالہ نے اس جملہ کو پورا پورا
نقل نہیں کیا۔ مبتدا مذکور ہے۔ اور خبر ندارد۔ اگر پورا جملہ نقل فرماتے تو مسئلہ مصراۃ کی
حقیقت جسکی راوی ابوہریرہ ہیں معلوم ہوتی۔ اور فواتح میں پوری عبارت اس جملہ
کی یہ ہے۔ فاذ الحق فی دفع استدلال الشافعی رحمہ اللہ ان الحدیث مخالف

السنۃ المشہورۃ - اور یہی مذہب منظور عند الحنفیہ ہے -

چہارم یہ کہ عبارت تحقیق ابن ہمام کی جو صاحب رسالہ نے بیان فرمائی ہے - یا تو اوس عبارت کو ملاحظہ نہین فرمایا - اگر فرمایا ہے - تو دیدہ و دانستہ اغماض کیا ہوگا - کیونکہ ابن ہمام اس عبارت کو بنابر تردید مذہب عیسی بن ابان کے لایا ہے - حیث قال "ثم اعلم ان ہذا (ای مذہب عیسی بن ابان) قول مستحدث ولم ینقل عن السلف القدماء واشتراط فقہ الراوی فی تقدیم خبرہ علی القیاس کیف وقد نقل عن امامنا الاعظم رحمۃ اللہ علیہ انہ قال ما جاءنا عن اللہ تعالی وعن الرسول صلی اللہ علیہ وسلم فعلی الراس والعین" انتہی ما فی التحقیق - اس عبارت سے صاف معلوم ہوا کہ لم ینقل عن السلف خاص ایک ہی صورت سے - جسکا عیسی بن ابان قائل ہے - متعلق ہے - عام صورتون سے متعلق نہیں - اسلئے کہ اون میں شرط فقاہت کا کوئی بھی قائل نہین ہے - **پس** مؤلف رسالہ کا مدعی اس عبارت سے پورا نہوا - **فافہم** جبکہ یہ امر ثابت ہو چکا - کہ منصور اور محقق مذہب حنفیہ کا یہ ہے - کہ فقاہت شرط واسطے راوی کے کسی صورت مین بھی نہیں ہے - **تو اب رہی یہ بات کہ راوی عابد زاہد فقیہ مجتہد** - افضل راوی سے برتر - راوی عابد زاہد غیر فقیہ سے ہے - یا نہ - اور اوسکی حدیث

کلمہ لا یترک کلہ کے بطریق اختصار کے گذارش کرتا ہون۔ قالوا (ای الحنفیۃ) **والراوی** (ای راوی الخبر الواحد) ان عرف بالفقہ والتقدم فی الاجتہاد۔ کان حدیثہ حجۃ یترک بہ القیاس خلافا لمالک رحمہ اللہ۔ فانہ قال القیاس مقدم علی خبر الواحد ان خالفہ۔ وان عرف بالعدالۃ والضبط دون الفقہ۔ ان وافق حدیثہ القیاس عمل بہ۔ وان خالفہ من کل وجہٍ لم یترک الا بالضرورۃ۔ ثم ہذہ التفرقۃ بین المعروف بالفقہ والعدالۃ مذہب عیسی بن ابان۔ ومن تابعہ من المتاخرین۔ واما عند **ابو الحسن الکرخی** ومن تابعہ من اصحابنا وھو مختار صاحب المسلم۔ فلیس فقہ الراوی شرطا لتقدم الحدیث علی القیاس۔ بل خبر کل راوٍ عدلٍ ضابطٍ مقدم علی القیاس اذا لم یکن مخالفا للکتاب والسنۃ المشہورۃ **ہذا ما فی شرح المنار مع ایزادیسیر فانظروا یا اولی الالباب**۔ اس بیان اور مؤلف رسالہ کے بیان میں زمین اور آسمان کا فرق ہے یا کچھ کم **انتباہ** اس عبارت سے چار فائدہ حاصل ہوئے **اول** یہ کہ کسی حنفی۔ بلکہ کسی عالم دین کا یہ مذہب نہین۔ کہ راوی جب تک فقیہ نہو اوسکی روایت مقبول ومنظور نہیں **دوم** یہ کہ عیسے بن ابان کے نزدیک بھی ایک خاص صورت مین فقاہت راوی کی شرط ہے **سیوم** مذہب کرخی ومن تابعہ کا یہہ ہے۔ کہ اوس خاص صورت مین بھی فقاہت راوی کی شرط نہین۔ بلکہ خبر ہر راوی عادل ضابط کی مقدم بر قیاس ہے۔ الا اذا کان مخالفا للکتاب و

سبحان الله الاعمش شیخ وسفیان فقیه وابراهیم فقیه وعلقمة فقیه - ق
حدیث یتداوله الفقهاء خیر من حدیث یتداوله الشیوخ - فهو من طریق رباعی
الی ابن مسعود - وثنائی من مشائخ الحدیث - ومع ذلك قدم الرباعی لاجل
فقاهة رجاله - كذا نقل ابن الاثیر الشیبانی الجزری - ثم الموصلی جامع
الاصول **قال الفاضل الکهنوی** ناقلاً عن بحر العلوم - ان هذه
الحكایة لاتدل الا علی ان الترجیح بفقه الرواة اوثق منه بعلو الاسناد باعتبار
ضبط الرواة الفقه وقوة علمهم - وورعهم وهو الاعتیاد باتیان المستحبات
والاجتناب عن المكروهات بل عن المباحات فان الفقیه یضبط كما ینبغی ویبعد عن التساهل
وقوی الضبط لاینسی كما وقع ترجیح ابن عباس علی یزید ابن اصم - لهذا الاعتیاد
ویشیر الیه - ما قال رسول الله صلی الله علیه وسلم - وذلك لقلة احتمال الغلط خلافا
للحنفیة - ووجه قولهم انه ربما یكون الوسائط القلیلة كثیر النسیان وسيئ
الفهم لمعنی الحدیث - والوسائط الكثیرة قویة الذهن - فالاعتبار للفقاهة
وقوة الضبط انتهی كلام الفاضل الكهنوی - فثبت مما تلونا علیك انه تحصل
زیادة وثوق بفقه الراوی - لصحة مرویه من مروی من لا فقه له - الا فقاهت

شرط صحت حدیث کی نہیں لان مدار الصحة علی العدالة والضبط وكل ما اشترط

فی صحة الحدیث وعدم الفقه لا یوجب الوهن فی الصحة فاحفظ هذا فانه ینفعك
فیما سیاتی **قوله** وہ جو رفع یدین کے مسئلہ مین اوزاعی اور امام کا مناظرہ
بعض لوگوں نے بیان کیا ہے جسمیں فقاہت راوی کا تذکرہ ہے - اس مناظرہ کا کوئی
اصل نہیں - ابن عیینہ سے معلق مروی ہے - **اقول تحقیقا للمقام** فان لم

یسقط من البین فالحدیث متصل - وان سقط واحدا واكثر فالحدیث منقطع -
(راوی ۱۲)
والسقوط اما ان یكون من اول السند یسمی معلقا - وهذا الاسقاط تعلیقا - و

کو اس کی حدیث پر ترتیب و فوقیت و رجحان ہوگا۔ یا نہ ہوگا۔ سو بابت امر اول کی احادیث نبویہ صریحہ علی صاحبہا الصلوۃ والتحیۃ موجود ہین عن معاویۃ قال

قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم من یرد اللہ بہ خیراً

یفقہہ فی الدین وانما انا قاسم واللہ یعطی متفق علیہ۔

ای یجعلہ عالماً فقیہاً

وعن ابی ھریرۃ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ

وسلم الناس معادن کمعادن الذھب والفضۃ خیارہم

فی الجاھلیۃ۔ خیارہم فی الاسلام اذا فقھوا رواہ

مسلم۔ وعن ابن عباس قال قال رسول

اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فقیہ واحد اشد علی الشیطان

من الف عابد رواہ الترمذی۔ وابن

ماجہ۔ یہہ احادیث درباب فضیلت امر اول اور نیز درباب امر دوم کی بابت بھی یہی احادیث مکتفی ہین۔ کیونکہ جس کی تعریف رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فرماوین۔ اوس کی روایت کیونکر برتر اور اعلی درجہ کی نہ ہوگے۔ اِلّا اگر کسیکا یہہ خیال ہو کہ اس میں نقل کی بہی حاجت ہے۔ تا کہ پورا پورا اطمینان حاصل ہو۔ تو گزارش ہے۔ قال ابن خشرم المحدث قال لنا

وکیع ای الاسنادین احب الیکم۔ الاعمش عن

ابی وائل عن عبد اللہ۔ او سفیان عن منصور عن ابراہیم

عن علقمۃ عن عبد اللہ۔ فقلنا الاعمش عن ابی وائل۔ فقال

حافظ علم عمرو بن دینار۔ مردم نزد من آمده از عمرو بن دینار پرسیدن گرفتند۔ پس اول کہ مرا محدث کرد ابو حنیفہ ست۔ وچون انحرف باد درمیان آورد م گفت ای سپرک من شنیدہ ام از عمرو بگر سہ حدیث و در حفظ آن ہر سہ اضطراب داشت انتھی بلفظہ۔ اور جب امام صاحب واسطے حج کے مکہ معظمہ میں تشریف لائے تو سفیان نے کہا ما قدم مکۃ فی وقتنا رجل اکثر صلوٰۃ عن ابی حنیفۃ۔ ذکرہ الفاضل اللکھنوی فی اقامۃ الحجۃ ناقلا عن تہذیب الاسماء واللغات للنووی یہی روایت سوا اسکو ذکر کیا ہے۔ صاحب مسند خوارزمی نے حیث قال۔ وقد روی عنہ نظراءہ واشباھہ کعبد اللہ بن المبارک۔ ویزید بن ہارون۔ قال محمد بن اسماعیل یعنی البخاری۔ روی عنہ عباد بن العوام۔ وھشیم۔ ووکیع۔ وھمام بن خالد وابو معاویۃ الضریر۔ وقد روی عنہ عبد العزیز بن ابی رواد۔ وعبد المجید بن ابی رواد۔ وسفیان بن عیینہ۔ وفضیل بن عیاض۔ وداؤد الطائی۔ وابن جریج انتھی۔ فاذا ثبت ان سفیان بن عیینہ کان معاصرا للامام الھمام ولاقاہ وروی عنہ فالقول بالتعلیق تحکم صریح واغراب قبیح۔ اولیس ادعے مسلم اجماع العلماء قدیما وحدیثا علی ان المعنعن محمول علی الاتصال والسماع اذا امکن اللقاء مع براءۃ التدلیس۔ جبکہ امکان لقاء میں حدیث متصل ہو فکیف لا یحمل علی الاتصال والسماع اذا وجد اللقاء والروایۃ۔ **انتباہ**

اگر کسی کا یہ خیال ہو کہ صاحب رسالہ کی تعلیق سے جب یہہ مراد ہو کہ درمیان سفیان اور امام صاحب کے کوئی راوی ساقط ہے۔ تو البتہ کلام مذکورۃ الصدر منافی مدعی صاحب رسالہ کے ہے۔ اور جب اوسکی یہہ مراد ہو کہ اگرچہ اس مناظرہ اوزاعی اور امام صاحب کو شاہ ولی اللہ محدث دہلوی نے رسالہ انصاف اور حجۃ اللہ البالغہ اور ابن ہمام نے فتح القدیر میں۔ اور صاحب کفایہ نے کفایہ حاشیہ ہدایہ میں۔ اور صاحب عقود جواہر منیفہ نے عقود جواہر منیفہ میں۔ اور خوارزمی نے اپنے مسند میں۔ وغیرہ وغیرہ

الساقط قد یکون واحدا۔ وقد یکون اکثر۔ وقد یحذف تمام السند کما ھو عادة

المصنفین یقولون قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم۔ انتھی ما فی رسالة الشیخ الدھلوی

وھکذا فی رسالة السید الجرجانی۔ ویدرک ای السقوط بعدم التلاقی بین الراوی و

شیخه۔ بکونه لم یدرک عصره۔ او ادرکه لکن لم یجتمعا۔ ولیست له اجازة

ولا وجادة۔ قاله فی النخبة وشرحہ۔ عبارت مذکورہ الصدر سے معلوم ہوا کہ منقطع وہ حدیث ہے جس کے

سند میں سے کوئی کوئی راوی ساقط ہو۔ اور وہ ایک فرد منقطع کا ہے۔ اور یہ بھی معلوم ہوا کہ انقطاع دو طریق سے

معلوم ہوتا ہے۔ یا تو یہ کہ راوی اور مروی عنہ معاصر ہی نہیں کہ ملاقات ثابت ہو۔ یا اگر راوی اور مروی عنہ معاصر ہیں مگر ملاقات

ہر دو کی نہیں ہوئی۔ اور اس سے اجازت اور وجادت حاصل نہیں ہوئی۔ جب تحقیق انقطاع اور ان کی دریافت کا طریق

معلوم ہو چکا۔ تو اب دریافت کرنا اس امر کا ضرور ہے۔ کہ سفیان بن عیینہ اور امام

صاحب۔ باہم معاصر ہیں۔ یا نہیں ہیں۔ اگر ہیں تو ملاقات باہمی ہوئی۔ یا نہیں

ہوئی۔ اگر ہوئی ہے تو ابن عیینہ کو امام سے روایت ہے یا نہیں ہے۔ سو معاصر

ہونا ہر دو صاحبوں کا کالشمس فی النہار ہے۔ اسلئے کہ سنہ ولادت امام صاحب کا سنہ ۸۰

اور سنہ وفات رحمہ اللہ علیہ کا سنہ ۱۵۰ اور عمر شریف ۷۰ سال کی۔ **فی التقریب**

النعمان بن ثابت الکوفی ابو حنیفة الامام فقیه مشهور من السادسة مات سنة

خمسین وله سبعون سنة **و** فی تذکرة الحفاظ مولده سنة ثمانین۔ **و** فی

الدر المختار وقد حج خمس وخمسین حجة۔ اور سنہ ولادت سفیان بن عیینہ کا سنہ ۱۰۷ اور

سنہ وفات سنہ ۱۹۸۔ اور عمر مبارک ۹۱۔ وسفیان بن عیینة الهلالی الکوفی محدث الحرم

المکی ولد سنة ۱۰۷ واتفقت الامة علی الاحتجاج به۔ وقد حج سبعین حجة مات ۱۹۸

نقله الفاضل اللکھنوی فی التعلیق الممجد۔ **و** فی التقریب وله احد وتسعین سنة۔

انتھی۔ اور ملاقات بھی غیر مخفی ہے۔ **اتحاف النبلاء** میں ہے۔ **سفیان گفته**

در آمدم بکوفه و ہنوز بست ساله نبودم که ابو حنیفه صحاب خود را گفت آمده است شمارا

اقرأ فی نفسک میں اولاً قراءت اور نفس کے معنے جاننے چاہیئے۔ اوس کے بعد ظاہر ہوگا کہ یہاں معنے حقیقی ٹہیک ہیں یا مجازی۔ فی الصّراح القرآءۃ خواندن **وقال النووی**

وفی القرآءۃ لا تطلق الا علی حرکۃ اللسان بحیث یسمع نفسہ انتھی

القاموس النفس الروح خرجت نفسہ ای روحہ۔ والدم مالا نفس لہ سائلۃ لا ینجس الماء۔ والجسد والعین نفستہ بنفس اصابتہ بعین والنافر عاین۔ والعند تعلم ما فی نفسی ولا اعلم ما فی نفسک ای ما عندی وما عندک او حقیقتی وحقیقتک وعین الشیٔ جاءنی بنفسہ۔ وقدر دبغۃ۔ مما یدبغ بہ الادیم من قرظ وغیرہ۔ والعظمۃ والعزۃ۔ والھمۃ۔ والانفۃ۔ والعیب والارادۃ۔ والعقوبۃ۔ قیل ومنہ یحذرکم نفسہ انتھی۔ **وقال الرازی** فی تفسیر الکبیر النفس جوھر جسمانی لطیف صاف بعید عن مشابھۃ الاجرام العنصریۃ نورانی سماوی مخالف بالماھیۃ بھذہ الاجرام السفلیۃ۔ واذا صارت مشابکتہ لھذا البدن الکثیف صار البدن حیا وان فارقتہ صار البدن میتًا۔ وان اللہ تعالی ذکر مطلق النفس فی القرآن فقال ونفس وما سوّاھا۔ وقال تعلم ما فی نفسی ولا اعلم ما فی نفسک وقال ولا تعلم نفس ما اخفی لھم من قرۃ اعین۔ وتارۃ وصفھا یکونھا امارۃ بالسوء۔ وقال وان النفس لامارۃ بالسوء۔ وتارۃ بکونھا لوامۃ۔ وقال بالنفس اللوامۃ۔ وتارۃ یکونھا مطمئنۃ کما فی ھذہ الایۃ۔ واعلم ان نفسک ذاتک وحقیقتک وھی التی تشیر الیھا بقولک انا حین تخبر عن نفسک بقولک فعلت ورأیت وسمعت وغضبت واشتھیت وتخلیت وتذکرت انتھی۔ بتقدیم وتاخیر۔ جب قراءۃ نفس کے معنے حقیقی معلوم ہوئے۔ تو اب معنی اقرأ فی نفسک کے نظراً الی المعنی الحقیقی نے کلیھا یہ ہوئی۔ حرکت لسانک فی روحک بحیث یسمع روحک۔ فیلزم ان تکون الروح ظرفاً لحرکۃ اللسان وموضعہ کما ھو مقتضی **فی** الظرفیۃ وھو کما تری۔ لان

وقراءت اور نفس کے معنی

وقراءۃ اور نفس کے معنی حقیقی

بیان کیا ہے۔ اِلّا از مؤلف کتاب تا ابن عیینہ سند متصل نہیں ہے۔ مثلاً شاہ
ولی اللہ صاحب مرحوم نے جو اس قصہ کو بیان فرمایا ہے۔ اپنے سے لیکر تا ابن عیینہ
سند متصل بیان نہین کی ولا نعنی بالانقطاع الا ہذا تو اسکا جواب بنا بنایا ہے۔ کہ
جو احادیث صاحب رسالہ نے اپنے رسالہ مؤلفہ مین بیان کی ہین۔ کسی کی سند اپنی سے لیکر
تا بحضرت صلی اللہ علیہ وسلم متصل ذکر نہیں کی۔ پس کلہم معلق از منقطع ہونگے وہو کما تری۔
پھر اگر یہ خیال ہو۔ کہ جن حدیثون کو صاحب رسالہ نے ذکر کیا ہے۔ اگرچہ انکی سند اپنی سے
لیکر تا بحضرت صلی اللہ علیہ وسلم متصل ذکر نہیں کی۔ الا مصنفین کتب نے جنسے وی حدیثین
نقل کی گئی ہیں اپنے سے لیکر تا بحضرت ؐ انکو متصل ذکر کیا ہے۔ ولا نعنی با
لاتصال الا ہذا تو اس کے جواب میں کہا جاویگا کہ بایں معنی اتصال یہان بھی موجود
ہے۔ دیکھو مسند حارثی قال الحارثی حدثنا محمد بن ابراہیم بن زیاد
الرازی حدثنا سلیمان الشاذکونی سمعت سفیان بن عیینہ یقول اجتمع ابو حنیفہ
والاوزاعی فی دار الحناطین بمکۃ الی اخرہا۔ ویؤیدہ ما روی فی خیرات الحسان
عن ابن المبارک من الاوزاعی انہ قال بعد ما افترقا واللہ لقد کنت فی غلط
فاستکثر یا ابن المبارک من فقہ الرجل فانہ نبیل من المشائخ کذا قال ابن حجر المکی
الشافعی۔ نقلہ بعض محشی مسند الخوارزمی۔ فثبت الاتصال واندفع الانقطاع
وان کان للخصم مجال المقال فی رواۃ الاتصال۔ وذلک غیر مضر لانہ ما اتیناہ
الا معاضدا ومؤیدا۔ علاوہ اسکے ہم پہلے کھلا بیان کر چکے ہیں۔ کہ شرط
فقاہت اور شئی ہے۔ اور زیادۃ الوثوق بالفقاہۃ اور شئے۔ وبینہما بون بعید۔ پہلے کی نفی
کے آپ درپے ہیں۔ سو اوس کے ہم بھی قائل نہیں۔ اور زیادۃ الوثوق بالفقاہۃ ایک امر
بدیہی ہیں۔ اوسکا انکار انکار بداہت ہے۔ فتدبر۔ اور امام صاحب بھی فقاہت کہی
غرض سے لائے ہیں **قولہ** یہاں قرأت سے مراد تدبر لینا ہی صحیح نہیں۔ **اقول**

دیکھو عقود الجمان و مسند … صفحہ ۱۲ منہ

سبب سے کئی لوگ سکتات امام کے قائل ہوئے وغیرہ وغیرہ فاذا ثبت ھذا فافترق المقتدی ولیعنب ولیسرح له کماله **قوله** دوسری دلیل **اقول** مؤلف رسالہ نے اپنے مدعی کے اثبات کے لئے یہاں حدیث انس اور عبادہ بن صامت رضی اللہ عنہ کی بیان کی۔ سو اسکا **جواب** بچند وجوہ ہے **وجہ اول** یہہ دونوں حدیثیں بہت احادیث کی معارض ہیں **اول** مالک بسندہ عن ابی ہریرۃ ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم انصرف من صلوۃ جہر فیہا بالقراءۃ فقال ھل قرء معی منکم انفا فقال رجل نعم انا یا رسول اللہ فقال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم انی اقول مالی انازع القران فانتھی الناس عن القراءت مع رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فیما جہر فیہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم بالقراءۃ حین سمعوا ذلک من رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم **دوم** البخاری بسندہ عن عمران بن حصین قال قرأ رجل خلف النبی صلی اللہ علیہ وسلم فی الظہر او العصر فلما قضی صلوته قال ایکم قرأ معی قال رجل انا قال قد عرفت ان بعضکم خالجنیھا **سیوم** البخاری بسندہ عن ابی ہریرۃ قال صلی النبی صلی اللہ علیہ وسلم صلوۃ یجہر فیہا فلما قضی الصلوۃ قال من قرأ معی قال رجل انا قال انی اقول مالی انازع القران **چہارم** الطحاوی عن ابی ہریرۃ نحو حدیث مالک غیر انه قال فاتعظ المسلمون یعنے لوگوں نے حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے فرمانے سے نصیحت قبول کی اور قرأت کو پیچھے امام کے چھوڑ دیا **پنجم** عن ابی ہریرۃ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم انما جعل الامام لیؤتم به فاذا قرأ فانصتوا۔ رواہ مسلم۔ وابوداؤد۔ والنسائی وابن ماجہ **ششم** الطحاوی عن ابی الاحوص عن عبد اللہ قال کانوا یقرؤن خلف النبی صلی اللہ علیہ وسلم فقال خلطتم علی القراءۃ **ہفتم** عن جابر بن عبد اللہ قال من کان له امام فقراءۃ الامام له قراءۃ **ہشتم** الطحاوی بسندہ عن عبد اللہ بن شداد عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم من کان له امام الحدیث **نہم** الطحاوی بسندہ

حدیث عبادہ و انس کا جواب بوجوہ۔

وجہ اول

ظرف حرکۃ اللسان و محلہ الفم - لا الروح - اور اگر قراۃ بمعنی حقیقی ہو - اور فی نفسک مجاز ہو سرا سے - یعنی اقرا ہا سرا بحیث یسمع نفسک کما قررہ النووی - فحینئذ صح المعنی صحیحا - اور اگر فی نفسک بمعنی صحیح حقیقی ہو - اور قراۃ مجاز ہو - تدبر اور ملاحظہ سے یعنے

اذا قرأ الامام بفاتحۃ الکتاب فللمقتدی ان یتدبر و یلاحظ معانیہا فی نفسک فحینئذ یکون المعنی ایضا صحیحا بہرحال ارتکاب احد المجازین کا ضرور ہوا - لیصلح المعنی الا قرارت کے معنے جب حقیقی لئی جاویں - تو معارض ہونگے - اللہ جلشانہ کے قول کے - اور حدیث مسلم - ابو داؤد - نسائی - اور ابن ماجہ کے جو وانصتوا - اور واذا قرأ فانصتوا ہے - یعنے جب امام قراۃ پڑہے فاتحہ ہو یا سوا فاتحہ کے - تو تم مقتدی لوگ چپ رہو کچھ نہ پڑہو - اور جب قراءت کے معنے مجازا - تدبر اور ملاحظہ معانی کا لیا جاوے - تو معارضہ آیت اور حدیث کا مرتفع ہوگا - اور نیز مرویات ابوہریرہ رض کی پوری پوری تطبیق حاصل ہوگی - ولہذا اختار بعض المالکیۃ وغیرہ التدبر

ههنا **وقال** الزرقانی شارح الموطا ناقلا عن عیسی و ابن رافع - ان المراد من القرآۃ ههنا القرآۃ فی النفس والاحضار فی البال من دون ان یتلفظ بہا ای احضر معانیہا فی نفسک وتدبر فیہا حین یقرأہا الامام انتہی پس ماذکر سے ثابت ہوا کہ قولہ صحیح نہیں صحیح نہیں - **وایضا** اندفع بہ قولہ بالجملہ قراءت کے معنے حقیقی چھوڑنے اور مجازی لینے پر کیا مجبوری ہے - ووجہ الاندفاع ظاہر نافہم **قولہ** اور قراۃ کو منع کیا ہے **اقول** جنبی کو کسطرح منع نکریں کہ اوس کے حقمیں ممانعت صریحہ غیر معارضہ وارد ہوئی ہے **روی الترمذی** عن ابن عمر قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لا تقرأ الحائض ولا الجنب من القرآن - بخلاف محل متنازعہ فیہ کے کہ یہاں معارض کا سخت کھٹکا ہے - اور اوس کے کھٹکے نے ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کو اقرا فی نفسک پر مجبور کیا ہے - ... کیا ... ہی - اور اوسی ...

یعنی پڑھ قراءت کا منع ہونا

صلوٰۃ من لم یقرأ انتھی **فائدہ** یہ قول امام احمد بن حنبل کا موافق قول قدیم شافعیؒ کے ہے۔ کیونکہ امام شافعی بھی قول قدیم میں یہی فرماتے تھے کہ مقتدی پر قراۃ فرض نہیں ہے۔ الّا قول جدید کے مخالف ہے۔ شایدا امام احمد رحمہ اللہ کو قول جدید شافعی پر اطلاع نہیں ہوئی۔ یا اوس کے رد میں یہ فرمایا ہو۔ **تنبیہ** یہ حدیث مع فایدہ کی **دلیل القوی** سے منقول ہے **انتباہ** اور دارقطنی سے تعجب ہے کہ خود ہی لکھتا ہے کہ محمد بن اسحاق لایحتج بہ۔ اور خود ہی کہتا ہے کہ اس حدیث عبادہ کی رواۃ جس میں محمد بن اسحاق ہے سب معتبر ہیں۔ اور یہ حدیث جیّد الاسناد ہے۔ ظاہر ہے کہ جب محمد بن اسحاق جو راوی حدیث عبادہ کا ہے ایسا مجروح ہو کہ کذّاب اور دجّال اوس کے حق میں ثقات نے کہا تو پھر جیّد الاسناد کیا معنے۔ اور اس سے بڑھ کر ابن ملقن کا قول ہے۔ ابن ملقن کہتا ہے کہ جب اس حدیث کو روایت کیا دارقطنی اور ابن حبّان اور بیہقی نے تو مظنہ تدلیس کا محمد بن اسحاق سے دور ہوگیا۔ اور یہ روایت جیّد الاسناد ہوگئی۔ بھلا یہ قول فحول علماء اہلحدیث اور فقہا کے قابل تسلیم ہے۔ کیونکہ دارقطنی اور ابن حبّان اور بیہقی نے یہ التزام نہیں کیا کہ بجز جیّد الاسناد کے ہم کوئی حدیث اپنی کتابوں میں نہیں لائیں گے مع ان کتبھم متناولۃ للصّحاح والضعاف بل للموضوعات **زیلعی** تخریج احادیث ہدایہ میں لکھتا ہے والدّارقطنی فقد ملاء کتابہ من الاحادیث الغریبۃ۔ والشّاذۃ۔ والمعلّلۃ۔ انتھی اور **حجۃ اللّٰہ البالغہ** میں ہے الطّبقۃ الثّالثۃ مسانید و جوامع ومصنّفات صنفت قبل البخاری ومسلم فی زمانھما وبعدھما جمعت بین الصحیح والحسن والضّعیف والمعروف والغریب والشاذ والمنکر والخطاء والصواب والثابت والمقلوب کمسند الطیالسی وکتب البیہقی انتھی ملخصًا۔ اور یہی حال ہے ابن حبان کا دیکھو زیلعی **ابن ملقن** اگر بخاریؒ کی نسبت یہ بات لکھتا تو البتہ قابل تسلیم و پذیرائی ہوتی۔ کیونکہ امام المحدثین بخاری رحمہ اللہ علیہ نے یہ التزام اپنی کتاب میں پورا پورا کیا ہے۔ کہ سوا جیّد الاسناد کے

عن ابی ہریرۃ عن جابر عن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم من کان لہ۔ الحدیث

وہم الطحاوی بسندہ عن ابن عمر من کان لہ امام۔ الحدیث۔ یازدہم الطحاوی

بسندہ عن ابی قلابۃ عن انس قال صلی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ثم اقبل بوجہہ

فقال اتقرؤن والامام یقرأ۔ فسکتوا فقال لہم ثلثاً۔ فقالوا انا لنفعل قال

فلا تفعلوا۔ ان مرفوعہ احادیث کے سوا آثار صحابہؓ کے بکثرت موجود ہیں۔ جنکے حدیث

انس رضی اللہ عنہ اور عبادہ کے معارض ہیں دیکھو موطا امام مالک اور شرح معانی الآثار

طحاوی کی۔ باینہمہ معارضات فکیف یفض دلیلاً للوجوب۔ مع کونہ خبر الواحد۔

وایضاً یعارضہما عموم قولہ تعالی واذا قرئ القرآن فاستمعوا لہ وانصتوا لعلکم

ترحمون دوسری وجہ حدیث عبادہ کو جس طریق سے۔ ابوداؤد۔ ترمذی۔ دارقطنی

ابن حبان۔ حاکم۔ اور بیہقی نے بیان کیا ہے اوس طریق میں محمد بن اسحاق ہے۔ اور

محمد بن اسحاق کو اگرچہ بخاری وغیرہ نے ثقہ کہا ہے۔ الا یہہ تنے اوسمیں جرح شدید کی

ہے صاحب میزان الاعتدال لکہتا ہے قال یحیی القطان اشہد ان محمد بن اسحاق

کذاب وقال النسائی وغیرہ لیس بالقوی وقال الدارقطنی لا یحتج بہ وقال محمد

بن عبداللہ بن نمیر رمی بالقدر وقال ابوداؤد قدری معتزلی وقال سلیمان

التیمی کذاب وقال مالک انظروا الی دجال من الدجاجلۃ باینہمہ جروح مفسرہ یہ حدیث

عبادہ کی اس طریق سے کب قابل حجت ہے۔ و لہذا علامہ زیلعی نے اسحدیث کی نسبت

لکہا ہے قد ضعف احمد جماعۃ اور نیز اس حدیث عبادہ کو ضعیف کرتی ہے وہ حدیث جسکو

ابوداؤد نے ذکر کیا ہے۔ اور وہ صحیح الاسناد ہے۔ کیونکہ اوس کے رواۃ کلہم ثقات ہیں۔

اور وہ یہ ہے عن عبادۃ بن صامت انہ علیہ السلام قال لا یقرأن احد منکم شیئاً من

القرآن اذا جہرت بالقرآن۔ وقال الدارقطنی رجالہ کلہم ثقات وقال احمد بن

حنبل ما سمعنا احداً اہل الاسلام یقول ان الامام اذا جہر بالقرآۃ لا تجزئ صلوۃ

ثقات کے نزدیک مجروح ہے۔ تو اوسی کے باعث یہ حدیث محکوم بضعف ہوئی کما مر عن الزیلعی وکیف الاحتجاج بہ۔ اور جس طریق سے نسائی نے بیان کیا ہے اوس مین نافع بن محمود ہے اور مستور الحال ہے۔ تقریب التقریب نافع بن محمود مستور من الثالثۃ۔ اور میزان الاعتدال میں لکھا ہے نافع بن محمود المقدسی عن عبادۃ فی القراءۃ خلف الامام وعنہ حرام بن حکیم لا یعرف بغیر ہذا الحدیث ولا ہو فی کتاب البخاری و ابن ابی حاتم ذکرہ ابن حبان فی الثقات۔ وقال حدیثہ معلل وروی عنہ مکحول ایضاً انتہی۔ اور ابوداود کے دوسرے طریق مین نافع بن محمود بن الربیع اور ہیثم بن حمید ہے نافع کا حال معلوم ہوا اور ہیثم بن حمید کی بابت میزان میں ہے قال ابوداود ثقۃ قدری وقال ابو مسہر الغسانی ضعیف قدری انتہی۔ اور ابوداود نے ایک اور طریق بھی بیان کیا ہے۔ اوس مین بھی رواۃ بخصیص الا ولید مختلف فیہ ہے میزان **قولہ** **پہلا**، قال الواحدی قال المفسرون قولہ فاقرؤا ما تیسر کان فی صدر الاسلام ثم نسخ بالصلوات الخمس عن المؤمنین **اقول** اس جواب صاحب رسالہ کو سب جوابوں سے بڑھ کر سمجھنا چاہیئے۔ کیونکہ اسکا نمبر اول ہے۔ اور اس جواب کی مطابقت بھی ساتھ اصل جواب عمر قابل نظر اولی الانظار ہے۔ اس لئے کہ اصل جواب کا خلاصہ یہ ہے کہ مطلق قراءت نماز میں فرض ہے۔ فاتحہ کی کچھ خصوصیت نہیں لقولہ تعالی فاقرءوا الخ اور صاحب رسالہ اسکا جواب دیتے ہیں۔ کہ واحدی کہتا ہے۔ کہ فاقرءوا ما تیسر کان فی صدر الاسلام الخ یعنی مطلق قراءۃ صدر اسلام میں فرض تھی۔ جبکہ پانچ نمازیں فرض ہوئیں تو مطلق قراءۃ منسوخ ہوگئی فعلی ہذا التقدیر یکون قول الواحدی مہملا مخالفا للعقل و النقل پس معلوم ہوا کہ واحدی کی اس کلام سے کچھ اور ہی غرض ہے۔ نہ یہ جسکو صاحب رسالہ سمجھے ہیں۔ اور شاہد اپنے مدعا کا لائے ہین۔ کیونکہ واحدی نیشاپوری ابوالحسن علی بن احمد المتوفی ۴۶۸ھ اعلی درجہ کا مفسر طبقہ سادسہ کا ہے مفسرین میں سے۔ اور اوسکی تصنیف تفسیر۔ کبیر۔ بسیط۔ صغیر۔ اور حاوی ہے۔ لہذا راقم السطور واحدی کی پوری عبارت

میزان الاعتدال میں لکھا ہے

اپنی اس کتاب میں کوئی حدیث نہیں لاتے۔ اسی لئے اسحدیث عبادہ کو مع کونہ مؤیدا لمذھبہ صحیح بخاری میں وارد نہیں فرمائی ولو ثبت عندہ رحمہ اللہ علیہ لما ترکہ مع شدۃ تعصبہ وفرط تحملہ علی مذھب ابیحنیفۃ۔ وکثرۃ تعقبہ بما یرد علیہ۔

وجہ سیوم قال محقق الفن یحیی بن معین الجملۃ الاستثنائیۃ فی ھذا الحدیث اسنادہ لیس بذاک۔ ویؤیدہ ما قال الترمذی فی جامعہ بعد ھذا الحدیث و روی ھذا الحدیث الزھری عن محمود ابن الربیع عن عبادۃ بن الصامت عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال لا صلوۃ لمن لم یقرأ بفاتحۃ الکتاب وقال ھذا اصح انتھی۔ تو اس روایت کو جو خالی استثنائیہ جملہ سے ہے۔ اوس روایت پر جو مشتمل جملہ استثنائیہ پر ہے۔ ترجیح دینی دلیل قوی ہے جملہ استثنائیہ کے مرجوحیت پر وھو المطلوب۔ اور ترمذی کا حسن کہنا بھی اسحدیث کو قابل احتجاج کے نہیں کرتا۔ کیونکہ مراد اس سے حسن لغیرہ ہے نہ حسن لذاتہ لما سیاتی۔ اور نیز اسکو ضعیف کرتی ہے وہ حدیث عبادہ کی جسکا ذکر سابق میں بروایت ابوداؤد گزرا ہے فلینظر قولہ پس مظنہ تدلیس کا جاتا رہا اقول اطرف سے مظنہ تدلیس کا جاتا رہا۔ الا دوسری طرف سے قائم رہا۔ اسلئے کہ محمد بن اسحاق نے اگرچہ مکحول سے تحدیث کی ہے لیکن محمود بن ربیعہ سے روایت کی ہے۔ اور مدلس کبھی فوق شیخ کو ساقط کرتا ہے تو مظنہ معنعن تدلیس کا مرتفع نہوا۔ قال السید السندی رسالۃ فیما [illegible] المدلس شیخہ۔ ولکن یسقط من بعدہ رجلا ضعیفا او صغیرا قولہ دین [illegible] شاھد کے ثقات سے ہی اقول متابع اور متابع ہر دو ملکر حسن ذاتی کو مفید [illegible] ہے اور حسن لغیرہ کے ساتھ احتجاج مختلف فیہ فقہا کا ہے۔ اور [illegible] قابل احتجاج ہے۔ یدل علیہ عبارۃ شرح النخبۃ حیث قال۔ ولھذا وقع الاشارۃ فی الحسن الذاتی انہ المحتج بہ بعبارۃ توھم الحصر کذا نقل عنہ انتھی علاوہ اس کے اس درجہ تک نہ پہونچا جابت ضرورت ہے۔ جبکہ محمد بن اسحاق جو راوی حدیث عبادہ کا ہے اکثر

خاصۃً محلِ خدشہ **قولہ** دوسرا جواب حسب اُصول مسلّمہ مقلّدین حنفیہؒ کے امر مقتضی تکرار نہیں **اقول** حسب اُصول مسلّمہ حنفیہؒ بلکہ شافعیہؒ وغیرہ علماء کے بھی امر مقتضی تکرار کا نہیں۔ یعنی ان صیغۃ الامر لا دلالۃ لہا علی التکرار فی حصول للمامول من علم الاصول قال جماعۃ ان صیغۃ الامر یقتضی المرۃ الواحدۃ لفظاً وعزاہ ابو اسحاق الی اکثر الشافعیۃ وقال انہ مقتضی کلام الشافعی وانہ الصحیح الاشبہ بمذاہب العلماء وبہ قال جماعۃ من قدماء الحنفیۃ انتہی **و** فی شرح المنار ولا تقتضی رای الامر التکرار ولا یحتملہ وما تکرر من العبادات فباسبابہا لا بالاوامر **جواب** ۔ یرد علینا وھو ان الامر اذا لم یقتضی التکرار ولم یحتملہ فبای وجہ تتکرر العبادات مثل الصوم والصلوۃ وغیر ذلک فنقول ان ما تکرر من العبادات لیس بالاوامر بل بالاسباب۔ لان تکرار السبب یدل علی تکرار المسبب۔ فاذا وجد الوقت وجبت الصلوۃ۔ ومتی یاتی رمضان یجب الصوم۔ ومھما قدر علی ملک المال وجبت الزکوۃ ولھذا لم یجب الحج فی العمر الا مرۃ واحدۃ لان البیت واحد لا تکرار فیہ انتہی ملخصاً **ما ذکر سے** یہ بات ثابت ہوئی کہ قدماء حنفیہ اور شافعیہ رحمہم اللہ اور اکثر علماء کا یہی مذہب ہے کہ امر من حیث الصیغہ تکرار پر دال نہیں۔ اور عبادات کا تکرار یعنی نماز۔ روزہ۔ زکوٰۃ۔ وغیرہ کا بار بار ذکر کرنا مقتضی صیغہ امر کا نہیں بلکہ انکا مقتضی تکرار اسباب یعنی علّت تامہ کا ہے۔ **مثلاً** جب وقت ظہر کا آئیگا تب ہی ظہر کی نماز فرض ہوگی و علے ہذا القیاس۔ اور نماز شرعی قیام و قرات و رکوع و سجود وغیرہ سے عبارت ہے۔ تو حاصل تمثیل یہ ہوا کہ جب وقت ظہر آئیگا تب ہی یہ امور مذکورہ فرض ہونگے۔ پس اس بیان سے صاف صاف ثابت ہوا کہ قیام و قرات و رکوع وغیرہ کا تکرار مقتضی امر کا نہیں۔ تا کہ تکرار کو مقتضی امر پر ازد و تصور کیا جاوے جیسا کہ صاحب رسالہ نے سمجھا ہے۔ بلکہ مقتضی تکرار کا کوئی اور ہی امر ہے فثبت ان قولہ

نقل کرتا ہے۔ اور اُسکی غرض یہی عرض کرتا ہے تاکہ اوسکا مقصود ناظرین کو معلوم ہو۔ اور صاحب رسالہ کی شہادت مشہود **قال الواحدی** قال المفسرون فی قولہ تعالیٰ فاقرؤا ما تیسر من القرآن۔ کان فی صدر الاسلام ثم نسخ بالصلوات الخمس عن المؤمنین وثبت علی النبی صلی اللہ علیہ وسلم خاصۃ وذلک قولہ واقیموا الصلوۃ انتھی اس کلام سے غرض واحدی کی یہ ہے کہ لفظ القرآن سے مراد فاقرؤا ما تیسر من القرآن میں مجازاً صلوۃ اللیل یعنے نماز تہجد ہے۔ اور یہ نماز صدر اسلام میں حضرت صلی اللہ علیہ وسلم اور جملہ اُمت پر فرض تھی ثم نسخ بالصلوات الخمس عن المؤمنین وثبت علی النبی صلی اللہ علیہ وسلم خاصۃ جبکہ غرض واحدی کی اس کلام سے یہہ ہوئی تو اسکلام کو اصل جواب سے کیا نسبت ہے۔ اس لئے کہ مجیب کی غرض من القرآن سے معنی مجازی نہیں۔ جیساکہ مقصود واحدی کا ہے۔ بلکہ معنی حقیقی ہیں جنکا مدلول فرضیت مطلق قراءت ہے **اشتباہ** باایں ہمہ واحدی کا کلام دو طرح سے مخدوش ہے **اول** قال صاحب تفسیر فتح البیان۔ قلت فیہ نظر لان وجوب الصلوۃ الخمس لاینافی وجوب قیام اللیل۔ وشرط الناسخ ان یکون کلمۃ منافیا ومعارضا لحکم المنسوخ کوجوب العدۃ بحول مع وجوبھا باربعۃ اشھر انتھی بعبارتہ۔ **دوم** راقم السطور کہتا ہے قولہ وثبت علی النبی صلی اللہ علیہ وسلم خاصۃ۔ فیہ نظر ایضاً لما روی مسلم بسندہ عن زرارۃ فی حدیث طویل ان سعد بن ھشام ابن عامر دخل علی ام المؤمنین عائشۃ وقال فقلت انبئینی عن قیام رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فقالت الست تقرأ یا ایھا المزمل قلت بلی قالت فان اللہ عزوجل فرض قیام اللیل فی اول ھذہ السورۃ فقام نبی اللہ صلی اللہ علیہ وسلم واصحابہ حولا وامسک اللہ خاتمتھا اثنی عشر شھرا فی السماء حتی انزل اللہ فی اٰخر السورۃ التخفیف فصار قیام اللیل تطوعا بعد فریضۃ انتھی فھذا ظاھر فی ان قیام اللیل صار منسوخا فی حقہ صلی اللہ علیہ وسلم ایضاً۔ فقول الواحدی

بلکہ تخصیص عام اور نسخ میں حنفیہ کے نزدیک تباین و تضاد ہے۔ جیسا کہ ماسبق میں عبارات
کتب حنفیہ سے مفصلاً نقل کی ہیں۔ ملاحظہ فرمائیں۔ ولا نعیدہ خوفا للتطویل۔ پس یہ
تخصیص موجب نسخ آیۃ نہوئی **قولہ** **تنبیہ** یاد رہے کہ تخصیص کو اہلحدیث الخ
اقول یاد رہے۔ اگر اہلحدیث واقعی کے نزدیک تخصیص اور نسخ میں فرق ہے۔ تو
چشم ما روشن و دل ما شاد۔ ہم اور وہ گروہ ناجیہ متفق ہیں۔ ہمارے اصحاب حنفیہ کے
نزدیک بھی ہر دو میں نسبت تباین و تضاد ہے۔ ایسا نہیں جیسا صاحب رسالہ سمجھے
ہیں۔ دیکھو کتب اصول اور اوس تحقیقات کو جسکو ہم نے ماسبق میں گزارش کی ہے
کھلا کھلا فرق بینہما معلوم ہوگا **قولہ** چوتھا جواب آیۃ شریف کا ماقبل پڑھو اور تمام
سورہ کریمہ کو دیکھو۔ قیام اللیل میں ہے۔ **اقول** بالراس والعین ہمنے آیۃ شریف
کا ماقبل پڑھا اور تمام سورہ کریمہ کو دیکھا۔ قیام اللیل میں ہے۔ پھر اس سے ہم کو کیا
ضرر ہوا۔ کیونکہ اس تقدیر پر بھی معنے آیۃ شریف کے یہ ہوئے فاقرؤا ما تیسر من
القرآن فی قیام اللیل یعنے قیام اللیل میں جسقدر اور جہاں سی قرآن کریم آسان ہو پڑہو
تمام رات یا اوسکا نصف یا ثلث یا ثلثین جاگنا اور قرآن کریم پڑھنا کچھ ضرور نہیں
کیونکہ یہ تعیین موجب تکلیف ہے۔ اس جواب سے بھی کوئی بات تخصیص تو تہجد کی نہ نکلی
قولہ اگر قاعدہ العبرۃ لعموم اللفظ لا لخصوص السبب منظور نہیں **اقول** ہم کو یہ
قاعدہ بسر و چشم منظور ہے۔ اسکا کوئی منکر ہی منکر ہوگا **قولہ** اور تخصیص ہی
لینا ہے **اقول** عموم جو حقیقی معنے ہیں بغیر داعی کے کیوں چھوڑے جاویں
اور مجاز بلا ضرورت کیوں اختیار کیا جاوے۔ انما یصار الی المجاز عند تعذر الحقیقۃ
قاعدہ مسلم ہے **قولہ** تو تہجد میں خاص رکھے **اقول** تہجد میں خاص رکھنے کی کوئی
وجہ نہیں۔ کیونکہ قاعدہ العبرۃ لعموم اللفظ آہ کی منظوری ہو چکی ہے **قولہ** یا من القراءۃ
سے مجازاً من الصلوۃ مراد لیجئے **اقول** باوجود امکان حقیقت کے ارتکاب مجاز کا کون

"تکرار کا پڑھا لینا ایزاد ہوگا" مردود ومنشاء عدم التوجہ علی قواعد اصول
اصحابنا الحنفیۃ رحمۃ اللہ علیہم کما تلونا علیک اگر صاحب رسالہ وقت تحریر عبارت
الامر لا یقتضی التکرار کے اسکے مابعد کی عبارت کو ملاحظہ فرماتے تو صاف صاف لکھا
پاتے۔ وما تکرر من العبادات فباسبابہا لا بالاوامر اور ایسی بے اصل جواب کے
پہندے میں نہ آتے اللہم ارنا الحق حقا وارنا الباطل باطلا **قولہ** آپ اسکو بلحاظ اس آیۃ اور آپ
کے اصول کے کسی طرح نہیں بھی قرآن پڑہنا ضروری نرہا **اقول** گذشتہ تقریر وتحریر سے
ثابت ہوچکا کہ اوس کو بلحاظ اسی آیۃ اور اصول حنفیہ کے ہر نماز میں قرآن پڑہنا ایسا ضروری
رہا کہ بدون اوسکی نماز جائز نہیں ہوتی **قولہ** اگر فرضیت کا حکم اسی آیۃ یا اور اور دلیل سے کردگی
تو حکم تکرار ایزاد ہوگا اور وہ نسخ ہے **اقول** ہمنے فرضیت کا حکم اسی آیۃ سے کیا ہے اور وہ
حکم تکرار ایزاد بھی نہیں ہوتا کہ نسخ ہو فانظر ما اسلفناک **قولہ** کیونکہ وہ فرض ادا کرچکا ہے
اور امر کی تعمیل ہوچکی ہے **اقول** یہ فرض تاحیات اور اوسکی تعمیل تازیست اسکی ذمہ میں
ہے۔ فراغ ذمہ کا موت سے ورے ورے نہیں ہوتا **قولہ** دوبارہ کس دلیل سے اسکے ذمہ
پڑہنا لازم ہوتا ہے **اقول** اسی آیۃ شریفہ نے مامور دوبارہ سہ بارہ پڑہنے کا بنایا۔ الاّ
ے ف کہ ہر کس بقدر ہمت اوست **قولہ** پس ہر نماز میں ہمیشہ کے لئے مطلق قرأت
کا پڑہنا بھی اس امر سے ثابت نہ ہوا **اقول** ہر نماز میں ہمیشہ کے لئے مطلق قراۃ
کا پڑہنا اسی امر سے ثابت ہوا۔ الا سمجھ شرط ہے **قولہ** بہر حال جب ایزاد ثابت
کرنے گے تو آپکو آیۃ کا منسوخ ماننا پڑیگا **اقول** دیکھا کہ ہم نے ایزاد یعنی تکرار ثابت بھی کردیا
آیتہ منسوخ بھی نہوئی فافہم وانصف **قولہ** اور عام کی تخصیص کو آپ لوگ نسخ کہتے
ہیں **اقول** یہ تخصیص جو ہماری نسبت کی گئی ہے بالکل غلط ہے۔ پہلے اس مسئلہ کی
نسبت اعلیٰ درجہ کی تحقیق ہوچکی ہے۔ کہ کوئی حنفی اسکا قائل نہیں۔ کہ عام کی تخصیص
نسخ ہے۔ اور نہ کسی کتاب حنفیہ میں اس مسئلہ کا نشان ہے۔ اگر ہے تو آپ ہی دکھلاؤ

جواب تخصیص عام کی نسبت

خاص حادثہ کا ذکر ہے **اقول** فرضی تسلیم کی کیا ضرورت ہے - فی الواقع یہ آیت منسوخ نہیں - اور نہ ابتک آپکی کلام سے اسکا نسخ ثابت ہوا ہے - اور خاص حادثہ کا ذکر بھی نہیں - بلکہ العبرۃ لعموم اللفظ کے قاعدہ سے عام ہے - اور ابتک اوس کا عموم زائل بھی نہیں ہوا **قولہ** دیکھو جمعہ کے خطبہ میں **اقول** اس مسئلہ میں چند امور قابل استفسار ہیں (**اول**) یہ دو رکعت سنت جمعہ ہیں - یا تحیۃ المسجد (**دوم**) علی التقدیرین فرض ہے - یا مستحب (**سوم**) سماع خطبہ کا فرض ہے یا نہ (**چہارم**) امام کے خطبہ پڑھنے کیوقت کلام ممنوع ہے یا مباح (**پنجم**) یہ قصہ سلیک غطفانی کا قبل الخطبہ تھا - یا عین خطبہ کیحالت میں (**ششم**) عدم جواز صلوۃ بوقت خطبہ حنفیہ کرام کا ہی مذہب ہے - یا صحابہ اور تابعین سے کسی اور کا بھی یہ مذہب ہے - (**ھفتم**) جو شخص باہر سے آئے اوسی کے لئے یہ دو رکعت پڑھنی چاہیئے - یا جو پہلے سے ہی داخل مسجد ہو اوس کو بھی پڑھ لینی جائز ہے (**ھشتم**) جو شخص ابتدا خطبہ میں داخل ہوا وسی کو پڑھنی چاہیے - یا آخیر خطبہ میں داخل مسجد ہو وہ بھی پڑھ لے - یہ جملہ امور قابل استفسار ہیں **قال النووی** اذا دخل الرجل الجامع یوم الجمعۃ والامام یخطب استحب لہ ان یصلی رکعتین تحیۃ المسجد - ویکرہ الجلوس قبل ان یصلیھا - وانہ تستحب ان یجوز فیھا لیسمع بعدھما الخطبۃ - و حکی ھذا المذھب ایضا عن الحسن البصری وغیرہ من المتقدمین **قال القاضی** وقال مالک واللیث وابو حنیفۃ والثوری وجمھور السلف من الصحابۃ والتابعین لا یصلیھا وھو مروی عن عمر وعثمان وعلی رضی اللہ عنھم - وحجتھم الامر بالانصات انتھی - یعنی نووی شافعی شارح صحیح مسلم - صحیح مسلم کی شرح میں لکھتا ہے جب جمعہ کے دن کوئی آدمی جامع میں داخل ہو - اور امام خطبہ پڑھ رہا ہو - تو اس کے لئے مستحب ہے کہ دو رکعت خفیف تحیۃ المسجد پڑھے تاکہ اون کے بعد خطبہ سنے - اور او

سلیک غطفانی رضی اللہ عنہ کا جواب

داعی ہی اور قاعدہ اِنّ العمل بالحقیقۃ ان امکن سقط بالمجاز کے ترک پر کون متقاضی ہے۔

قولہ فاقرؤا کے امر سے مُقتدی۔ منفرد۔ امام۔ سب نمازیوں پر قرارت حقیقتًا فرض ہی۔ آہ

اقول (حقیقۃ کا لفظ یاد رہی) قال اللہ تعالیٰ فاقرؤا ما تیسّر آہ وقال علیہ السلام لاصلوٰۃ بقرآءۃ رواہ مسلم۔ اس آیۃ شریف اور حدیث مرفوع سے معلوم ہوا۔ کہ امام۔ اور مقتدی۔ منفرد پر قرارت فرض ہے۔ اور یہ مذکورین مامور مطلق قرارت ہیں۔ پھر شارع صلے اللہ علیہ وسلم نے ہماری لئے بیان فرمایا کہ قرارت کے دو قسم ہیں۔ حقیقی۔ حکمی۔ جیسے مثلا وجود کے تین قسم ہین۔ واجب۔ ممکن۔ ممتنع۔ یا کلی منقسم بدو قسم ہے۔ کلی متواطی۔ کلی مشکک۔ اور مورد اور مورد بھی بیان فرمائے کہ اول کا محل امام و منفرد ہی کما ہو ظاہر اور دوم کا محل مقتدی ہے والیہ اشار بقولہ فان قرآءۃ الامام لہ قرآءۃ پس ما ذکر بیان سی معلوم ہوا کہ مقتضی فاقرؤا کا قرارت مطلقًا ہے نہ قرارت حقیقتًا۔ اور یہ کہنا کہ ان مذکورین پر قرارت حقیقتًا فرض ہے۔ ایجاد فقیر ہے۔ کیونکہ امر شارع کا فاقرؤا ہے۔ نہ فاقرؤا حقیقتًا فافهم وانصف

قولہ آپ کے بعض فقہا نے فاقرؤا میں مقتدی کے حقمین قرارت حکمی اور مجازی لی ہی۔ **اقول** مقتدی کے حقمین قرارت حکمی لینا تو مناسب و بجا مطابق حکم شارع کے ہی۔ الا اسکو مجاز کہنا ایکا دہی۔ کیونکہ قرارت حکمی لینے کے یہ معنے ہین کہ قرارت حکمی جو ایک قسم حقیقی قرارت مطلق کا ہی اسکا مامور مقتدی ہی نہ کہ قرارت حکمی کے معنے مجاز قرارت کے لیے ہین کما فہم صاحب الرسالۃ ہذا ما سنح لی الان

قال العینی فی شرح الہدایۃ۔ فان قلت قولہ صلی اللہ علیہ وسلم قرآءۃ الامام لہ قرآءۃ یعارض قولہ تعالیٰ فاقرؤا۔ فلا یجوز ترکہ بخبر الواحد۔ قلت جعل المقتدی قاریا بقرآءۃ الامام فلا یلزم الترک انتہی

قولہ ذیل میں ہم الے آخر ما قال عام کی تخصیص کو آپ اور کل حنفی نسخ جانتے ہیں۔

اقول پہلے بھی اسکا بیان ہو چکا ہے۔ کہ کوئی حنفی اسکا قائل نہیں۔ کہ عام کی تخصیص نسخ عام ہے۔ اور نہ کسی کتاب معتبر حنفیہ میں اسکا کچھ ذکر ہے۔ پھر تخصیص نسخ کسطرح ہوگا فلینظر ما اسلفناک

قولہ چھٹا جواب مانا کہ یہ آیۃ منسوخ نہیں۔ الا کہتے ہیں کہ یہ ایک

ارکعت رکعتین قال لا قال قم فارکعهما انتھی - ص ۱۳ لکن یا باہ لفظ الشیخین دخل

رجل یوم الجمعۃ والنبی صلی اللہ علیہ وسلم یخطب الحدیث - فثبت انہ کان فی الخطبۃ

ثبوت امرش فی ارشاد الشارع **تنبیہ** لو جاء فی اخر الخطبۃ فلا یصلی لئلا یفوتہ

اول الجمعۃ مع الامام - قال فی المجموع وھذا محمول علی تفصیل ذکرہ

المحققون من انہ ان غلب علی ظنہ انہ ان اصلیھا فاتتہ تکبیرۃ الاحرام

مع الامام لم یصل التحیۃ بل یقف حتی تقام الصلوٰۃ ولا یقعد لئلا یکون جالسًا

فی المسجد قبل التحیۃ قال ابن الرفعۃ - ولو صلیھا فی ھذہ الحالۃ استحب للامام

ان یزید فی کلام الخطبۃ بقدر ما یکملھا فان لم یفعل الامام ذلک - قال فی

الام کرھتہ لہ - فان صلیھا وقد اقیمت الصلوٰۃ کرھت ذلک لہ انتھی - انتھی

ص ۱۵۰ - اس نقل سے ثابت ہوا کہ شافعیہ کے نزدیک بھی اخیر خطبہ میں داخل ہونیوالے کے لئے تحیۃ المسجد ممنوع و مکروہ ہے - اور اس کراہت کا داعی سماع خطبہ کا ہے - واذا تقرر ھذا - پس نظر بار چہارم معلوم ہوا کہ وقت خطبہ کے خود کلام کرنا - یا اور کو نصیحت - یعنی امر بالمعروف کرنا ممنوع شرعی ہے - اس کے جواز کا کوئی ائمہ دین سے قائل نہیں - محل نزاع فقط تحیۃ المسجد کذائی ہے - تو نظر بار سوم ثابت ہو چکا ہے کہ جمہور سلف صحابہ - اور تابعین - اور مالک امام اور ثوری - اور لیث - اور امام ابو حنیفہ - اور حضرت عمر فاروق - اور حضرت عثمان بن عفان - اور علی بن ابیطالب رضی اللہ عنہم کے نزدیک سماع خطبہ کا فرض ہے - جبکہ فرض ہوا تو تارک تارک فرض ہوگا - اور نظر بار دوم - اور ہشتم اس تحیۃ المسجد کی فرضیت کا ائمہ دین سے کوئی قائل نہیں - شافعیہ کے نزدیک بھی مستحب ہے - مستحب بھی کیسا کہ اگر داخل فی المسجد اخیر خطبہ میں آئے تو تحیۃ المسجد نہ پڑھے تاکہ اول جمعہ مع الامام فوت نہو - اگر پڑھے تو مکروہ ہے - اور جب سماع خطبہ کا فرض ہوا - تو

پڑھنے سے پہلے اوسکو بیٹھنا مکروہ ہی۔ اور حکایت کی گئی ہی کہ یہ مذہب حسن بصری وغیرہ متقدمین کا ہے۔ اور قاضی عیاض نے کہا ہی۔ کہ امام مالک۔ لیث۔ امام ابوحنیفہ۔ اور جمہور سلف صحابہ اور تابعین نے کہا کہ نہ پڑہے اونکو۔ اور یہی روایت کی گئی ہے۔ حضرت عمر اور عثمان اور علی رضی اللہ عنہم سی۔ اور اونکی دلیل واذا قرئ القرآن فاستمعوا لہ وانصتوا ہے نووی کے بیان سی ثابت ہوا کہ دو رکعت تحیۃ المسجد ہیں سنت جمعہ نہین۔ اور یہ بہی ثابت ہوا کہ مستحب ہیں فرض نہیں۔ اور یہہ بھی ثابت ہوا کہ یہ مذہب فقط حنفیہ کا ہی نہیں۔ بلکہ امام مالک اور لیث اور امام ثوری۔ اور جمہور سلف صحابہ اور تابعیں کا بھی یہی مذہب ہے۔ اور حضرت عمر اور عثمان اور علی رضی اللہ عنہم سے بہی یہی مروی ہے۔ اور یہ بہی ثابت ہوا کہ جو باہر سی اگر اسحالت میں داخل ہو وہی پڑہے۔ موجود فی المسجد نہ پڑہے۔ اور یہہ بہی ثابت ہوا۔ کہ جمہور سلف صحابہ اور تابعین۔ اور امام مالک۔ اور ثوری۔ اور لیث۔ اور امام ابوحنیفہ اور حضرت عمر اور عثمان اور علی رضی اللہ عنہم کے نزدیک سننا خطبہ جمعہ کا فرض ہی تارک تارک فرض ہوگا۔ امور مذکورہ سی امر (۱) (۲) (۶) (۷) (۳) کلام نووی سی ثابت ہوچکا رہا امر (۴) (۵) (۸) ثبوت امر چہارم عن ابی ہریرۃ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اذا قلت لصاحبک یوم الجمعۃ انصت والامام یخطب فقد لغوت۔ متفق علیہ۔ مشکوٰۃ ص ۱۲۲ وعن ابن عباس قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم من تکلم یوم الجمعۃ والامام یخطب فہو کمثل الحمار یحمل اسفارا۔ والذی یقول لہ انصت لیس لہ جمعۃ رواہ احمد مشکوٰۃ ص ۱۱۵۔ ثبوت امر (۵) ذکر الزیلعی فی تخریج احادیث الہدایۃ وقد بوب النسائی فی سننہ الکبری علی حدیث سلیک **باب الصلوٰۃ قبل الخطبۃ** ثم اخرجہ عن ابی الزبیر عن جابر قال جاء سلیک قبل ان یصلی فقال لہ علیہ السلام

تحیۃ المسجد سے فارغ ہوئے۔ تو حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے پھر خطبہ شروع فرمایا۔ اور یہ اس لئے لوگونکو معلوم ہو کہ تحیۃ المسجد حق المسجد ہے۔ اور اوس کی دلیل وہ حدیث ہی جسکو ابن ابی شیبہ نے بیان کیا ہے **حدثنا** هشیم۔ انا۔ ابو معشر عن محمد بن قیس ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم حیث امرہ ان یصلی رکعتین امسک عن الخطبۃ حتی فرغ من رکعتیہ ثم عاد الی الخطبۃ۔ **ویؤیدہ** ما روی الدارقطنی مسندًا ومرسلاً۔ وقال ھذا المرسل ھو الصواب اور مرسل حجت ہی عندنا۔ وعند مالک۔ وجمھور الفقہاء۔ وقدمنا فیما مر تحقیقہ فی الفائدۃ الثانیۃ۔ فلینظر ثمہ اور کبھی کبھی حضرت صلی اللہ علیہ وسلم ایسا بھی کرتے تھے کہ خطبہ کو قطع کرتے اور پھر رجوع بخطبہ فرماتے **روی النسائی** بسندہ عن عبد اللہ بن بریدۃ عن ابیہ قال کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یخطب فجاء الحسن والحسین رضی اللہ عنھما وعلیھما قمیصان احمران یعثران فیھما فنزل النبی صلی اللہ علیہ وسلم فقطع کلامہ فحملھما ثم عاد الی المنبر الحدیث ص ۲۳۰ ورواہ ابو داؤد۔ والترمذی ایضًا۔ **ابن ابی شیبۃ**۔ اور دارقطنی کے بیان سی صاف ظاہر ہے کہ حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے سلیک کے لئے خطبہ کو قطع فرمایا۔ جب وہ فارغ ہوئے تو پھر شروع کیا۔ فلم یکن حدیث سلیک الغطفانی حجۃ علینا اور فتح القدیر ہدایہ مین بعد از ذکر احادیث دارقطنی کے لکھا ہے " وعن نقول المرسل حجۃ فیجب اعتقاد مقتضاہ علینا۔ ثم رفعہ زیادۃ اذ لم تعارض ما قبلھا فان خبرہ ساکت عن انہ امسک عن الخطبۃ اولا۔ وزیادۃ الثقۃ مقبولۃ۔ وعجزہ زیادتہ لا توجب الحکم بغلطہ والا لم تقبل زیادۃ وزیادۃ مسلم فیہ من قولہ اذا جاء احدکم الجمعۃ والامام یخطب فلیرکع رکعتین ولیجوز فیھما۔ لا ینفی کون المراد ان یرکع مع سکوت الخطیب لما ثبت فی السنۃ من ذلک انتہی (۳) جواب حضرت

(حاشیہ:) سلیک رضی اللہ عنہ کیلئے خطبہ کو قطع فرمایا ۔ ۔ ۔ ص ۳۰

بموجب قرار داد سلف صحابہ اور تابعین اور حضرت عمر اور عثمان اور علی رضی اللہ اور مالک وغیرہم کے۔ امر یا سلیک فارکع رکعتین اور اذا جاء احدکم فلیرکع رکعتین۔ امر استحبابی ہوا۔ ولهذا لم ينقل فرضيتنا عن احد من الائمة۔ اس لیئے ہمارے اصحاب حنفیہ کرام نے جب ان امور کیطرف نظر فرمائی۔ اور احادیث مرفوعہ۔ اور آثار صحابہ اور عمل در آمد سلف صالحین کا ملاحظہ کیا۔ تو اس اجتماعی ہیئت سے ترجیح نہ پڑھنے کی پائی۔ اور احتیاط اور عزم الامور اور جمع بین النصوص اسی میں پایا۔ نظراً علی ذالک ہماری اصحاب نے حدیث سلیک کے کئے جواب دیئے (۱) حدیث سلیک معارض ہے اندو حدیث کے **حدیث اول** عن عبد اللہ بن بسر قال کنت جالسا الی جنبه یوم الجمعة فقد جاء رجل یتخطی رقاب الناس یوم الجمعة۔ فقال له رسول اللہ صلی اللہ علیه وسلم اجلس فقد اذیت وانیت رواہ الطحاوی۔ وابن ماجة ولفظه للطحاوی یعنے ایک آدمی جمعہ کے دن آیا۔ اور اوس نے لوگون کو ایذا دی حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے اوسے فرمایا کہ بیٹھ جا۔ تو بدیر آیا۔ اور لوگون کو ایذا دی تو نے دیکھو کہ اس شخص کو حضرت نے بیٹھنے کے لیئے فرمایا۔ اور تحیۃ المسجد کے لیئے نفرمایا۔ **طحاوی** نے کہا ہے کہ یہ حدیث مخالف ہے حدیث سلیک کے انتہی وحمله علی ان دخوله وقع فی آخر الخطبة بحيث ضاق الوقت عن التحية۔ او كان قد صلی التحية فی مؤخر المسجد ثم تقدم ليقرب من سماع الخطبة۔ فاحتمالات ركيكة لا يقبله العليم الخبير **حدیث دوم** ذكر ابو محمد عبد الحق فی احكامه قال وروی ابو سعيد الحالبی فی كتابه عن محمد ابن ابی مطيع عن ابيه عن محمد بن جابر عن ابی اسحاق عن الحرث عن علی قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیه وسلم لا تصلوا والامام يخطب انتهى۔ ذكره الزيلعی فی تخريج احاديث الهداية ص۲۰۱ (۲) آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم۔ سلیک کے لیئے خطبہ پڑھنے سے رک گئے۔ جب سلیک

جواب (۱)

جواب (۲)

منع غیر الامام من الکلام فی الخطبۃ کان الامام منع بذلک ایضاً من الکلام
فی ما ہو من غیرہا **وقد** روی عن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فی ذلک ایضاً
پھر طحاوی نے مؤکد اس مضمون کے بہت احادیث مرفوعہ بیان کر کے فرمایا۔ ففی ہذہ
الاثار ایضاً الامر بالانصات اذا تکلم الامام فذلک دلیل علی ان موضع
کلام الامام لیس بموضع صلوۃ۔ فہذا حکم ہذا الباب من طریق تصحیح معانی الاثار
واما وجہ النظر فانا رأینا ہم لا یختلفون ان من کان فی المسجد قبل ان یخطب
الامام۔ فان خطبۃ الامام تمنعہ من الصلوۃ لیصیر بہا فی غیر موضع صلوۃ
فالنظر علی ذلک ان یکون کذلک داخل المسجد والامام یخطب۔ داخلا لہ فی
غیر موضع صلوۃ فلا ینبغی ان یصلی **وقد** رأینا الاصل المتفق علیہ **ان**
الاوقات التی تمنع منہ الصلوۃ یستوی فیہا من کان قبلہا فی المسجد ومن
دخل فیہا المسجد **فی** منعہا ایاہما من الصلوۃ۔ فلما کانت الخطبۃ تمنع من کان
قبلہا فی المسجد عن الصلوۃ کانت کذلک ایضاً۔ تمنع من دخل المسجد بعد دخول
الامام فیہا من الصلوۃ انتہی۔ **ان** احادیث مرفوعہ اور وجہ نظر سے ظاہر ہوا۔ کہ
حدیث سلیک کی اور اذا جاء احدکم الحدیث حنفیہ پر حجت نہیں۔ اب ہم وہ آثار جو
متقدمین سے اسباب میں منقول ہیں نقل کرتے ہیں تاکہ متقدمین کا عملدرآمد بھی معلوم
ناظرین ہو۔ **مالک** قال ابن شہاب فخروج الامام یقطع الصلوۃ وکلامہ
یقطع الکلام انتہی۔ **ابن ابی شیبۃ** فی مصنفہ عن علی وابن عباس وابن عمر
انہم کانوا یکرہون الصلوۃ والکلام بعد خروج الامام علی القاری **طحاوی**
بسندہ عن ثوبۃ العنبری قال قال الشعبی ارأیت الحسن حین یجیء وقد خرج الامام
فیصلی عمن اخذ ہذا لقد رأیت شریحاً۔ اذا جاء وقد خرج الامام لم یصل **و**
ایضاً بسندہ عن اللیث قال حدثنی عقیل عن ابن شہاب فی الرجل یدخل المسجد

کا سلیک کو فرمانا قُمْ فَصَلِّ قبل از نسخ کلام فی الصلوٰۃ تھا۔ جبکہ کلام فی الصلوٰۃ منسوخ ہوئی تو خطبہ میں بھی منسوخ ہوئی لانہا شطر صلوٰۃ الجمعۃ **اخرج**

الطحاوی بسندہ عن ابی ھریرۃ ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قال اذا قلت لصاحبك انصت والامام یخطب فقد لغوت اور اس حدیث کو بخاری و مسلم نے بھی بطریق ابو ہریرہ بیان کیا ہے کما مر۔ **قال** الطحاوی فاذا کان قول الرجل لصاحبه والامام یخطب انصت لغوا۔ کان قول الامام للرجل قم فصل لغوا ایضا۔ فثبت بذلك ان الوقت الذی کان فیه من رسول اللہ صلی اللہ علیه وسلم الامر لسلیك بما امرہ به کان الحکم منه فی ذلك۔ بخلاف الحکم فی الوقت الذی جعل مثل ذلك لغوا **وقد روی** عن رسول اللہ صلی اللہ علیه وسلم فی ذلك عن ابی الدرداء۔ انه قال جلس رسول اللہ صلی اللہ علیه وسلم فی یوم الجمعة علی المنبر یخطب الناس فتلا اٰیة والی جنبی ابی بن کعب فقلت له یا ابی متی نزلت ھذہ الاٰیة فابی ان یکلمنی حتی اذا نزل رسول اللہ صلی اللہ علیه وسلم عن المنبر قال مالك من جمعتك الا ما لغوت۔ ثم انصرف رسول اللہ صلی اللہ علیه وسلم فجئته فاخبرته۔ فقلت یا رسول اللہ انك تلوت اٰیة والی جنبی ابی بن کعب فسألته متی نزلت ھذہ الاٰیة فابی ان یکلمنی حتی اذا نزلت زعم انه لیس لی من جمعتی الا ما لغوت **قال** صدق اذا سمعت امامك یتکلم فانصت حتی ینصرف **فقد** امر رسول اللہ صلی اللہ علیه وسلم بالانصات عند الخطبة وجعل حکمها فی ذلك کحکم الصلوٰۃ وجعل الکلام فیها لغوا۔ فثبت بذلك الصلوٰۃ فیها مکروھة۔ فاذا کان الناس منھیین عن الکلام مادام الامام یخطب کان کذلك الامام منھیا عن الکلام مادام یخطب بغیر الخطبة۔ **الا** تری ان المأمومین ممنوعین من الکلام فی الصلوٰۃ فکذلك الامام۔ فکان ما منع منه غیر الامام فقد منع منه الامام فکذلك۔ **لما**

رسالہ یہہ کھیں کہ صاحب رسالہ نے ظاہر امر استحبابی پر جسکی تطبیق بھی ہوسکتی ہے
عمل کرنیکی جہت سے - قرآن کریم اور احادیث مرفوعہ اور آثار صحابہ اور عمل متقدمین
خصوصًا حضرت عمر عثمان - علی ابن عمر - ابن عباس کو پس پشت ڈالا - تو شاید
بیجا نہوگا - کہ یہ بیان واقعی ہے **قولہ** مرفوع کے سامنے معارضہ کے قابل نہین
اقول اس سے کون معارضہ کرتا ہے - بلکہ معارض اس کے وہ حدیثیں مرفوعہ ہیں -
جنکا ذکر ما سبق میں ہوچکا ہے - یہ آثار صحابہ اور تابعین کے اونکے مؤیدات اور
معاضدات سے ہیں - شاید صاحب رسالہ نے شبہہ کرنے کی جہتہ سے اسی پر انحصار
معارضہ کا فرمایا - اور ان حدیثوں کو پس پشت ڈالا **قولہ** اور مرسل کی حجت میں کلام
ہے **اقول** مرسل کی حجت ہونے کی تحقیق فائدہ دوم میں گزرچکی ہے - اور اس
محل مین مرسل کے حجت ہونے کے سوا زیادتی ثقہ کی ہے - وزیادة الثقة مقبولة کما مر
من الفتح اور نیز یہہ معاضد بھی ہے **قولہ** امام نووی نے سچ کھا اھ **اقول** امام
نووی کا یہہ طعن قابل تسلیم اوسوقت ہوتا - جبکہ ہم کو یقینًا معلوم ہو کہ حضرت عمرؓ
عثمان - علی - ابن عمر - اور ابن عباس کو یہہ لفظ نہین پہونچا - بلکہ سنن کی روایت
قال انہ صلی رکعتین وحض علی الصدقة الحدیث بل عند احمد وابن حبان انہ
کرر امرہ بالصلوة ثلاث جمع ذکرہ القسطلانی یقین دلاتی ہے کہ حضرات مذکورین کو
اس واقعہ پر اطلاع ہوئی ہوگی - کیونکہ جمعہ کے دن محضر کثیر مین یہ ماجرا وقوع میں آیا
اور حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے حاضرین کو صدقہ پر شوق دلایا - اور تین جمعہ متواتر یہہ
واقعہ وقوع مین آیا - پھر عقل کب باور کرتی ہے - کہ ان حضرات کو یہہ واقع اصالةً یا بواسطہ
معلوم نہو فعلم انہم رضی اللہ عنہم مع علمہم بہذہ الواقعة عملوا بخلافہا فہذا تعامل
من مشکوة النبوة فکیف یسلم قول النووی (ولا اظن عالمًا الخ) پس معلوم ہوا - کہ
ظن امام نووی رحمة اللہ علیہ کا اپنے مذہبی اعتقاد کے سبب سے ہے فہو لیس بحجة عندنا

نووی کے طعن کا جواب

یوم الجمعۃ والامام یخطب قال یجلس ولا یسبح ای لا یصلی **وایضاً** بسندہ
عن خالد الحذاء ان ابا قلابۃ جاء یوم الجمعۃ والامام یخطب فجلس ولم یصل
وایضاً بسندہ عن عقبۃ بن عامر قال الصلوۃ والامام علی المنبر معصیۃ **وایضاً**
عن ابن شہاب قال اخبرنی ثعلبۃ بن ابی مالک القرظی ان جلوس الامام علی المنبر
یقطع الصلوۃ وکلامہ یقطع الکلام **وایضاً** بسندہ عن ہشام بن عروۃ قال رایت
عبد اللہ بن صفوان - دخل المسجد یوم الجمعۃ وعبد اللہ بن الزبیر یخطب علی
المنبر وعلیہ ازار ورداء ونعلان وھو متعم بعمامۃ فاستلم الرکن ثم قال السلام
علیک یا امیر المؤمنین ورحمۃ اللہ وبرکاتہ ثم جلس ولم یرکع **وایضاً** بسندہ
عن عطاء قال کان ابن عمر وابن عباس یکرھان الکلام - اذا خرج الامام
یوم الجمعۃ **وایضاً** بسندہ عن مجاھد انہ کرہ ان یصلی والامام یخطب - انتھی
ابن ابی شیبۃ فی مصنفہ عن عروۃ قال اذا قعد الامام علی المنبر فلا صلوۃ

انتھی - ذکرہ الزیلعی فی تخریج احادیث الھدایۃ ان آثار سے حال متقدمین کا معلوم ہوا اور عملدرآمد اونکا بھی ثابت ہوا - راقم کی غرض اس بیان سے صرف یہہ ہی کرنا طریق کو معلوم ہو - کہ حنفیہ کرام نے قرآن اور احادیث مرفوعہ اور آثار صحابہ اور عمل متقدمین میں سطرح تطبیق فرمائی ہے - اور یہ بھی ظاہر ہو کہ صاحب رسالہ کا یہہ کہنا کہ آپ لوگون نے اس جملہ (اذا جاء احدکم الخ) کو پس پشت ڈالا - طعن بیجا ہے - بفضلہ تعالے صاحب رسالہ اپنی تہذیب کے سخت مدعی تھے - آپ معذور ہیں کہ قلم چلگیا - الا اس امر کا خیال نفرمایا کہ اس طعن کا محل صرف حنفیہ ہی نہیں - بلکہ اسکی نوبت جمہور صحابہ - اور تابعین - اور حضرت عمر - عثمان - علی - عبد اللہ بن عمر - ابن عباس - مالک ثوری لیث - ابن شہاب - شریح - شعبی - ابو قلابہ - ثعلبہ بن مالک - عبد اللہ صفوان - مجاہد عروہ - وغیر ذلک تک پہونچتی ہے - اگر ہم بھی باتباع صاحب رسالہ یہہ کہیں کہ صاحب

یوم القیامۃ ملبیاً یعنی ابن عباس سے مروی ہے کہ روبرو ہمارے عرفہ میں حضرت
صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ ایک آدمی (ابن حجر نے کہا کہ اوسکا نام معلوم نہیں ہوا) اپنے
مرکب پر سوار تھا۔ ناگہان گرکر مرگیا۔ حضرت صاحب صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اس کو
پانی اور سدر سے غسل دو۔ دو کپڑون (یعنی اسی کے دونو کپڑون) مین اسی کفنادو۔ اور حنوط
نہ لگاؤ۔ اور اوسکا سر نہ ڈہانپو۔ اس لیئے کہ اسکو اللہ دن قیامت کے محرم اوٹھائیگا۔ اس
حدیث سے صاحب رسالہ حنفیہ مالکیہ وغیرہ پر اعتراض کرتے ہین۔ کہ یہ لوگ اسحدیث کا خلاف
کرتے ہیں۔ محرم جب مرجاتا ہے تو اوسکو حنوط لگاتے ہیں۔ اوسکا سر کفن سے ڈہانپتے
ہیں۔ سو حنفیہ مالکیہ وغیرہ کا محرم متوفے کے بارہ مین عملدرآمد ایسا ہی ہے **ق**
حجتہم فی ذلک ما اخرجہ الدارقطنی عن علی بن عاصم عن ابن جریج عن عطاء عن
ابن عباس عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم انہ سئل فی محرم مات قال خمروا راسہ
ووجہہ ولا تشبہوا بالیہود انتہی **قال** ابن القطان فی کتابہ وعلتہ
علی بن عاصم کان کثیر الغلط وہو عندہم ضعیف۔ قال ولکنہ جاء باعم من
ہذا اللفظ واصح من ہذا الطریق۔ اخرجہ الدارقطنی عن عبد الرحمان بن صالح
الازدی **حدثنا** حفص بن غیاث عن ابن جریج عن عطاء عن ابن عباس قال
قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم خمروا وجوہ موتاکم ولا تشبہوا بالیہود انتہی
وعبد الرحمن الازدی صدوق قالہ ابو حاتم وبقیۃ الاسناد لا یسئل عنہ انتہی
کلامہ۔ انتہی ما فی تخریج الزیلعی اور **میزان الاعتدال** مین علی بن عاصم کے ترجمہ
مین لکھا ہے قال احمد بن حنبل اما انا فاخذت عنہ کان فیہ لجاج ولم یکن متہما
وقال وکیع ادرکت الناس والحلقۃ بواسطۃ لعلی بن عاصم انتہی۔ ان احادیث
کی تطبیق کے لئے حنفیہ اور مالکیہ نے اعرابی کے واقعہ کو۔ واقعہ عین لا عموم لہا کہا۔ عینی
شارح ہدایہ وبخاری لکھتا ہے۔ وتاویلہ ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم عرف بطریق

الخصم **قولہ** اور حق یہہ ہے **اقول** پس حق یہہ ہے کہ آپ اصلاً اصلاً اصلاً کبھی بھی ان رکعتین عند الخطب کے مرتکب ہوون **قولہ** اوّل تو اسلئے کہ حدیث اذا جاء احدکم حدیث صحیح غیر متعارض مرفوع ہے **اقول** اوّل تو اس لئے کہ دو حدیثین مرفوع اس کے معارض ہین کما بیناہ من قبل **دوم** اس لئے کہ آثار صحابہ ان کے مؤید اور معاضد ہین **سیوم** اسلئے کہ جمہور سلف صحابہ اور تابعین اور حضرت عمر و عثمان و علی و ابن عمر اور ابن عباس وغیرہم۔ علماء دین جنکا ذکر ہو چکا ہے۔ ان تمام نے نہ پڑھنے کو اختیار کیا **قولہ** دوم اسواسطے کہ آپکے نزدیک صحابی کا قول حجت ہی۔ اور اس مسئلہ مین صحابی کا قول بلا معارض موجود ہے الخ **اقول** صحابی کا قول حجت تب ہوتا جب اوسکے معارض مرفوع حدیث نہوتی واذ لیس فلیس **علاوہ** بران اوسطرف ایک صحابی۔ اور اسطرف قول حضرت عمر۔ عثمان۔ علی۔ ابن عمر۔ اور ابن عباس کا موجود ہی۔ پھر مرجح کون ہوا۔ اور غیر معارض کہنا بے دلیل ہے۔ بلکہ اوس کے معارض قران اور مرفوع حدیثیں اور آثار صحابہ وغیرہ موجود ہین کما تلوناہ فیما مر **قولہ** اور آپ کے آثار الخ **اقول** احادیث مرفوعہ مع آثار موجود ہیں۔ پس کیونکر حجت نہون **قولہ** رکعتین خفیفتین ہیں **اقول** جبکہ خطبہ کیوقت نماز مطلقاً ممنوع ہے تو خفیفتین کا جواز کہان سے نکل آیا **قولہ** ایسا ہی محرم اگر حالت احرام مین مر جاوے تو اوس کے سر کو آپ لوگ ڈہانپنا اور حنوط لگانا جایز جانتے ہیں۔ اور فلا تخنطوہ ولا تخمروا راسہ فانّ اللہ یبعثہ یوم القیمۃ محرما اسی ایک شخص کے حقمین خاص کہتے ہیں جسکی حقمین رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تہا **اقول** یہہ حدیث پوری یون ہی **روی البخاری** بسندہ عن ابن عباس قال بینا رجل واقف مع رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم بعرفۃ اذ وقع من راحلۃ فاقصعتہ۔ او قال فاقعصتہ۔ فقال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اغسلوہ بماء وسدر وکفنوہ فی ثوبین ولا تحنطوہ ولا تخمروا رأسہ فان اللہ یبعثہ

ورأيت عينيه تدمعان - فقال هل فيكم من احد لم يقارف الليلة فقال ابو طلحة انا - قال فانزل فى قبرها قال فنزل فى قبرها انتهى - وقد كان عثمان اولى بذلك من ابى طلحة - لان الزوج احق من غيره بمواراة زوجته - قال ابن منير ففيه خصوصية - نقله القسطلانى - فاين العموم **وبما روى** مسلم بسنده عن ام عطية قالت لما نزلت هذه الاية - يبايعنك على ان لا يشركن بالله الى اخر ما قال ويعصينك فى معروف - قالت ان منه النياحة - قالت فقلت يا رسول الله الا ال فلان فانهم كانوا اسعدونى فى الجاهلية - فلا بد لى ان اسعدهم - فقال رسول الله صلى الله عليه وسلم الا ال فلان انتهى - **قال النووى** قوله الا ال فلان - هذا محمول على الترخيص لام عطية فى ال فلان خاصة كما هو ظاهر - ولا تحل النياحة لغيرها ولا لها فى غير ال فلان كما هو صريح فى الحديث - وللشارع ان يخص من العموم ما شاء انتهى - وقال ايضا ان النياحة حرام مطلقا - وهو مذهب العلماء كافة انتهى - یعنی نوحہ کرنا مطلقاً حرام ہے - الا حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے ام عطیہ کو آل فلان کے لئے اجازت دی - طاذا اثبت هذا فاين العموم - **وبما روى** ابو داؤد عن عمارة بن خزيمة بن ثابت عن عمه وكان من اصحاب رسول الله صلى الله عليه وسلم ان النبى صلى الله عليه وسلم ابتاع من اعرابى فرسا الحديث - وفيه قال جعل النبى صلى الله عليه وسلم شهادة خزيمة برجلين یعنی حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے شہادت خزیمہ فقط کو برابر شہادت دو مردوں کے ٹھہرایا - فاين العموم **وبما** اخرج ابن سعد عن اسماء بنت عميس قالت لما اصيب جعفر بن ابى طالب قال لى رسول الله صلى الله عليه وسلم تسلبى ثلثا - ثم اصنعى ما شئت - حيث لم يرها الترك لاحداد - فاين العموم - الغرض شارع حاکم ہے - له ان يخص من العموم ما شاء - **قوله** بہ تعصب کوئی اہل **اقول** یہ بات چونکہ خلاف تہذیب و تعصب

المحرم خصوصیت احرامه بعد موته ـ وقد کان رسول الله صلی الله علیه وسلم یخص
بعض اصحابه باشیاء انتهی ـ لانه صلی الله علیه وسلم علل هذا الحکم فی هذا
الاحرام بعلته لا یعلم وجوده فی غیره ـ وهو انه یبعث یوم القیامة ملبیا ـ وهذا
الامر لا یعلم وجوده فی غیر هذا المحرم بغیر النبی صلی الله علیه وسلم ـ والحکم انما
یفهم فی غیر محل النص لعموم علته ولا عموم لها بینها ـ وجعل الاحرام علة تصرف
عن الظاهر ـ ولانه صلی الله علیه وسلم قال فان الله یبعثه یوم القیمة ملبیا ـ فاعاد
الضمیر الیه ولم یقل المحرم ـ فلا یتعدی حکمه الی غیره الا بدلیل ـ معان العموم
معارض آپ اہل نظر منصفانہ ملاحظہ فرمائیں ـ کہ جمع بین النصوص جسکو حنفیہ مالکیہ نے
اختیار کیا ہے ـ بہتر و اولیٰ ہے ـ یا مختار صاحب رسالہ کا کہ ایک معمول ـ اور دوسری
متروک و مہمل فتدبر وانصف **قوله** اور اصل ما ثبت لواحد فی زمان النبی صلی الله
علیه سلم ثبت لغیره ـ کا خیال بھی نہ کیا **اقول (اولاً)** یہ اصل فی الواقع قابل
خیال نہ تھا ـ کیونکہ یہ اصل در اصل بے اصل ہے ـ حنفیہ تو در کنار ـ جمہور فقہاء اور
اصولی اسکے قائل نہیں **فی** مطالب الحصول الخطاب لواحد من الامة ان صرح با
لاختصاص به کما فی قوله صلی الله علیه وسلم یجزیک ولا یجزی احدا بعدک فلا شک
فی اختصاصه بذلک المخاطب وان لم یصرح فیه بالاختصاص بذلک المخاطب فذهب
الجمهور الی انه مختص به ولا یتناول غیره الا بدلیل من خارج وقال بعض الحنابلة
وبعض الشافعیة انه یعم ـ والحاصل فی هذه المسئلة علی ما یقتضیه الحق ویوجبه
الانصاف عدم التناول لغیر المخاطب من حیث الصیغة بل بالدلیل الخارجی انتهی ـ
وفی فواتح الرحموت ـ خطاب الشارع لواحد من الامة لا یعم غیره لغة ولا عرفا انتهی ـ
ثانیاً ولو فرضنا عمومه تنتقض بما **روی** البخاری عن انس قال شهدنا
بنت رسول الله صلی الله علیه سلم ورسول الله صلی الله علیه وسلم جالس علی القبر

(ای خبر الواحد) یوجب العمل بہ فی الاحکام الشرعیۃ بشرط اسلام الراوی الخ۔

اقول سے ظاہر ہے کہ خبر واحد پر عمل کرنیمیں کچھ کلام نہیں۔ اِلّا کلام خبر واحد کے مخصص ہونے میں ہے۔ کہ عموم قرآنی کا مخصص خبر واحد ہوتی ہے یا نہیں ہوتی فقولہ "صحابہ کرام کا معمول تھا" لیس لہ فائدۃ تعتد بہا فی ایرادہ فی ھذا المحل فتدبّر

قولہ اب تخصیص عموم قرآنی کی دلیل عرض ہوتی ہے۔ یوصیکم اللہ فی اولادکم الخ

اقول وباللہ التوفیق قبل الشروع فی المقصود۔ فیہ مقامات مستحقۃ للتحقیق (۱) لفظ کم عند الاصولیین صیغ عام سے ہے یا نہیں (۲) آیۃ یوصیکم اللہ فی اولادکم۔ میں حضرت صلی اللہ علیہ وسلم داخل ہیں یا نہیں (۳) مخصص اس آیۃ شریف کی حدیث نحن معاشر الانبیاء الخ ہے یا نہیں (۴) اس حدیث کے راوی صرف حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ ہیں یا کسی اور نے بھی اسکو حضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کیا ہے (۵) در صورت مخصص ہونے کے یہ حدیث کس قسم اور درجہ کی ہے (۶) یہ حدیث عموم کے مخصص ہونے کے قابل ہے یا نہیں۔ اِن مقامات ستہ کی تحقیقات کے بعد جواب گذارش ہوگا

تحقیق مقام (۱) اصولیون نے صیغ عموم کی بحث بطوالت اور وضاحت کے ساتھہ کی ہے۔ اوسکا پورا پورا ذکر موجب طوالت ہے۔ لہذا اوسکو بطریق اختصار لکھا جاتا ہے۔

مطالب الحصول میں لکھا ہے۔ ذھب الجمہور الی ان العموم لہ صیغۃ موضوعۃ حقیقۃ۔ وھی اسماء الشرط۔ والاستفہام۔ والموصولات۔ والجموع المعرفۃ تعریف الجنس۔ والمضافۃ۔ واسم الجنس۔ والنکرۃ المنفیۃ۔ والمفرد المحلی باللام۔ ولفظ کل وجمیع ونحوہ۔ انتھی۔ وھکذا فی التلویح۔ وفواتح الرحموت اس بیان سے ثابت ہوا کہ کلمہ کم کا صیغ عموم سے نہیں ہے۔ بلکہ صاحب فواتح نے اسکی تصریح کی ہے۔ حیث قال وکم لیس من صیغ العموم انتھی۔ یعنی لفظ کم جو ضمیر جمع مذکر مخاطب کی ہے عموم کے صیغون میں سے نہیں۔ (۲) یوصیکم اللہ فی اولادکم۔ میں حضرت صلعم

ہیں۔ لہذا انکی جواب سے قلم رُکتا ہے۔ علاوہ بران بابہ الامتیاز کا حال ماتقدم سے بخوبی ظاہر ہوچکا ہے۔ ذرا تعصب اور ہٹہ دہرمی چھوڑکر دیدہ انصاف سے دیکھنا چاہیے۔

قولہ ساتوان جواب **اقول** اسکا جواب۔ جواب چہارم میں مفصلا مذکور ہوچکا ہے جسکا خلاصہ یہ ہے۔ منفرد۔ امام۔ اورمقتدی سب کے لئے قرأت حقیقی ہے۔ مجازی کہیں بھی نہیں۔ الا منفرد اور امام میں قرأت حقیقۃً ہے۔ اور مقتدی میں قرأت حکماً ہے۔ اوریہہ دونون علی السویہ فرد قرأت کے حقیقے ہین۔ حقیقت و مجاز نہیں۔ تاکہ جمع بینہما لازم آوے۔ کما فہمہ صاحب الرسالۃ۔ ومن فیما من ثبت ان الاٰیۃ قطعیۃ الدلالۃ لا ظن فیہا **قولہ** الا عام قرآنی کی تخصیص آہ **اقول** عموم قرآنی کی تخصیص سنت متواترہ سے جائز ہے خبر احاد سے جائز نہین **فی** فواتح الرحموت

یجوز تخصیص السنۃ بالسنۃ وتخصیص المتواترۃ بالکتاب بالعکس۔ ولا یجوز عند الحنفیۃ تخصیص الکتاب بخبر الواحد لان الکتاب قطعی من کل وجہ۔ لان المتن متواتر والعام قطعی الدلالۃ کما مر باقوم حجۃ۔ والخبر ظنی متنا لانہ خبر الواحد فلا یجوز انتہی ملتقطاً **قولہ** اور فرضیت فاتحہ پر سنت ثابتہ موجود ہے **اقول** درباب فاتحہ خبر واحد موجود ہے۔ اور وہ مثبت فرضیت نہیں ہے۔ مع انہ معارض بالکتاب والسنۃ الثابتۃ واٰثار الصحابۃ **قولہ** اسکا ذکر سابق میں ہوچکا ہے **اقول** اوسی محل میں اوسکا جواب بھی گزرچکا ہے **قولہ** صحابہ کرام میں معمول تھا کہ اخبار احاد پر عمل کرتے **اقول** اخبار احاد پر عمل کرنا تو عین مذہب حنفیہ کرام کا ہے۔ دیکھو نورالانوار میں لکھا ہے وانہ (خبر الواحد) یوجب العمل دون علم الیقین اور تلویح میں ہے والثالث وھو خبر الواحد یوجب العمل دون علم الیقین اور توضیح میں ہے الثالث (ای خبر الواحد) یوجب غلبۃ الظن اذا اجمع الشرائط التی نذکرھا ان شاء اللہ تعالی وھی کافیۃ بوجوب العمل اور صاحب اصول شاشی لکھتا ہے وھو

تخصیص عموم قرآنی کی جائز ہے۔ منجملہ احاد کے نہین۔ جوکہ متکلم مانحن فیہ

ہیں ہے۔ **قال بحر العلوم** ولو سلم العموم فلیس من الباب فی شئ۔ فان تخصیص خلیفۃ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم انما کان۔ لانہ کان قاطعاً عندہ مثل قطعیۃ الکتاب فانہ سمع مشافھۃ۔ فالقطع فیہ فوق القطع من المتواتر واما تخصیص غیرہ فانہ کان مقطوعاً عندہم ایضاً۔ الم تر لے ان امیر المؤمنین عمر رضی اللہ عنہ حین جاءہ امیر المومنین علی وعباس یتنازعان۔ وفی المجلس امیر المؤمنین عثمان۔ والزبیر بن العوام۔ والسعد ابن ابی وقاص ۱۲۔ سالہم القوم۔ ثلث عبد الرحمن بن عوف نقلہ الترمذی ۱۲۔ وقال القوم انشدکم باللہ الذی باذنہ تقوم السماء والارض۔ اتعلمون ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قال لا نورث ما ترکناہ صدقۃ قالوا نعم۔ ثم اقبل علی امیر المؤمنین علی والعباس۔ وقال انشدکما باللہ الذی باذنہ تقوم السماء والارض اتعلمان ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قال لا نورث ما ترکناہ صدقۃ۔ قالا نعم۔ الی اخر ما قال فقد ظہر بذلک ان اجلۃ الصحابۃ کانوا عالمین متفقین بالحدیث المذکور حتی علموا انتہی ملخصاً (۶) **مقام چہارم وپنجم** سے ظاہر ہوا۔ کہ یہ حدیث مشہور مستفیض ہے۔ جبکہ اس درجہ کی ہوی۔ تو قابل تخصیص عموم قرآنی کے ہوگئی۔ جبکہ مقامات ستہ کی تحقیقات ہوچکی۔ تو اب جواب گزارش ہوتا ہے۔

اوّل تو جواب اس تحقیقات کے ضمن مین معلوم ہی ہوچکا ہے۔ الا زدیاد الوضاحت بطریق خلاصہ کے گزارش ہے۔ قولہ کُم کا لفظ عام ہے۔ مقام اول سے صاف ظاہر ہے۔ کہ لفظ کُم کا عام نہین شاید صاحب رسالہ کو جمع کے ضمیر ہونے سے اوسکی عموم کا وہم ہوا ہے۔ حالانکہ ہر جمع کو اصولی عام نہیں کہتے۔ دیکھو کتب اُصول۔ بلکہ عموم کے صیغے مقررہ ہین کما مر۔ قولہ نحن معاشر الانبیاء جیسی خبر جسکی راوی صرف ابوبکر ہی ہین۔ مقام دوم سے کہلا کہلا معلوم ہوچکا ہے۔ کہ

رواہ مسلم فی صحیحہ ۲
ورواہ البخاری وابو داود
فی سننہ

داخل نہیں۔ اسلئے کہ عموم اولاد میں مراد اولاد مخاطبین بکم کی ہے۔ اور وہ اُمت ہیں حضرت صلی اللہ علیہ وسلم۔ **فی فواتح الرحموت** وخصوا تلک الایۃ بقولہ صلی اللہ علیہ وسلم نحن معاشر الانبیاء لانورث وفیہ ان عموم الاولاد فی اولاد المخاطبین (بکم) وھم الامۃ ورسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لیس مخاطبا بھا۔ وما تقدم من ان الرسول م داخل فی العموم۔ فاذا کانت الصیغۃ عامۃ والجمع وھو کم لیس من صیغ العموم انتھی۔ (۳) مقام دوم سے معلوم ہوا۔ کہ یہ حدیث شریف اس آیۃ کریمہ کی مخصص نہیں۔ اسلئے کہ تخصیص کی ضرورت بعد الشمول کے ہے۔ جبکہ شمول ہی نہیں تو تخصیص بھی نہیں (۴) اس حدیث شریف کے راوی صرف حضرت ابوبکر رضی اللہ ہی نہیں۔ بلکہ حضرت عائشہ صدیقہ رض اور ابی ہریرہ وغیرہ بھی ہیں **روی** مسلم بسندہ عن ابی ھریرۃ عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال لانورث ماترکناہ صدقۃ۔ **و** بسند اخر عن ابی ھریرۃ ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قال لا یقسم ورثتی دینارا ماترکت بعد نفقۃ نسائی ومؤنۃ عاملی فھو صدقۃ **وروی البخاری** وابو داؤد ایضا عن ابی ھریرۃ **وروی** مسلم بسندہ عن عائشۃ قالت للازواج المطھرات حین اردن طلب المیراث " الیس قد قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لانورث ماترکنا فھو صدقۃ۔ ورواہ ابو داؤد وعن عائشۃ رضی اللہ عنہا **و** فی الترمذی۔ وفی الباب عن عمر وطلحۃ۔ والزبیر۔ وعبد الرحمن بن عوف۔ و سعد۔ وعائشۃ۔ وفی المسوّی شرح الموطا۔ اتفق اھل السنۃ علی ھذا الحکم و قد روی ھذا الحدیث اکثر من عشرۃ من اصحاب النبی صلی اللہ علیہ وسلم فلیس بحیث تفرد بہ ابوبکر الصدیق رضی اللہ خلافا لمن زعمہ۔ انتھی بعبارتہ۔ **و** فی فواتح الرحموت وقد عد ابن تیمیۃ الصحابۃ رواۃ ھذا الحدیث فبلغ ثمانیۃ عشر انتھی۔ (۵) **و** نو سلمنا الشمول والتخصیص تو یہ حدیث ایسی مستفیض اور مقطوع ہے۔ جسکے ساتھ

کیونکہ درصورت تخصیص ہونیکے خبر مستفیض مقطوع ہے۔ البتہ آپ جیسی غیر مقلد
اگر اوسوقت موجود ہوتے تو بھلا اتنا ہی کہتے۔ اور حضرت ابوبکر وغیرہ کو رائے دیتے کہ یہ
تخصیص جائز با قاعدہ ہے الا گفتگو فرع وجود کی ہے۔ جب غیر مقلدونکا اوسوقت
وجود ہی نہ تھا تو کہنے کی نوبت کجا **واضح ہے** کہ راقم کے نزدیک یہ فقرہ سخت
خلاف تہذیب ہے الا باقتدا صاحب رسالہ کے لکھا گیا **قولہ** مسلم الثبوت مین اخبار
احاد سے مانا ہی **اقول** مسلم الثبوت مین یہی لکھا ہے اور گزرا بھی یہی ہے التعبد
بخبر الواحد واقع ہم پہلے لکھ چکے ہیں۔ کہ عمل بخبر واحد اور چیز ہے۔ اور مخصص ہونا
خبر واحد کا واسطے عموم قرآن کے اور چیز ہے۔ **دیکھو** مسلم الثبوت مع الشرح مطبوعہ
نولکشور کے صفحہ ۲۳۱ میں لکھا ہے۔ **مسئلہ** لا یجوز عند الحنفیۃ تخصیص
الکتاب بخبر الواحد مالم یخص بقطعی اور اوسی کتاب کے صفحہ ۲۲۳ میں موجود
ہے قلنا تلک الاحادیث (ای نحن معاشر الانبیاء وغیرہ) المشاہیر لاجماعہم
علی العمل فبلغت قوۃ فیزاد بہا علی الکتاب انتہی **انتباہ** مسلم الثبوت
میں مسئلہ التعبد بخبر العدل واقع کے ذیل میں حدیث نحن معاشر الانبیاء کو بیان
کیا ہے اس سے معلوم ہوا کہ یہ حدیث منجملہ اخبار احاد کے ہے۔ اور اسی سے صاحب رسالہ
لکھتے ہیں۔ کہ مسلم الثبوت میں اخبار احاد سے مانا ہے۔ اور مسئلہ لا یجوز عند
الحنفیۃ تخصیص الکتاب بخبر الواحد کے ذیل مین کہا کہ یہ حدیث منجملہ مشاہیر
کے ہے۔ فہل ھذا الا تناقض قلت ھذا مدفوع اسلئے کہ مسئلہ تعبد میں خبر واحد
مقابلہ متواتر کے ہے۔ اور مسئلہ تخصیص میں خبر الواحد مقابلہ متواتر اور مشہور کے ہے۔
والقرینۃ علیہ تقسیمہ رحمۃ اللہ علیہ۔ الخبر تارۃ الی المتواتر والواحد حیث
قال متواتر ان کان خبر جماعۃ یفید العلم بنفسہ۔ وان لم یکن ای خبر جماعۃ
کذلک فخبر الواحد وتارۃ الی المتواتر والمشہور والواحد حیث قال یا لیس

تخصیص مسلم الثبوت کے قول کے۔ جو اب صاحب رسالہ کے اعتراض کا کہ مسلم الثبوت میں ... حدیث ... مانا ہے

اول تو حضرت صلی اللہ علیہ وسلم اس آیۃ مین داخل ہی نہین بہ تسلیم دخول ضمناً
مقام ہفتم سے ظاہر ہے۔ کہ یہ حدیث خبر واحد نہین۔ بلکہ ایسی مستفیض اور مقطوع
ہے کہ قابل تخصیص عموم قرآن کے ہے۔ اور مقام چہارم سے صاف ہویدا ہے
کہ راوی اسکے صرف ابوبکر ہی نہیں۔ بلکہ عائشہ صدیقہ اور ابوہریرہ وغیرہ بہت
ہین۔ دیکھو بخاری۔ ترمذی۔ اور مسلم۔ اور تحقیقات ابن تیمیہ۔ **الحاصل**
اول تو اسی آیۃ مین حضرت صلی اللہ علیہ وسلم داخل ہی نہین تا کہ حاجت تخصیص
کی ہو۔ اگر ضمناً داخل بھی ہون۔ تو یہہ خبر مستفیض قابل تخصیص عموم قرآنے کے
ہے فلا ضیر یہ۔ اور لفظ کم صیغ عموم سے نہین۔ اور راوی اس کے صرف ابوبکر
ہی نہین۔ پس صاحب رسالہ کا یہہ فرمانا کہ لفظ کم عام ہے غیر سدید۔ اور راوی
اس حدیث کا صرف ابوبکر ہی ہے۔ لیس من شان تحقیقاتہ۔ یا بخاری۔ اور مسلم
اور ترمذی کو ملاحظہ نہیں فرمایا۔ او ہو من الناسخ فلینصف الناظر **قولہ** اور
مومن کی کافر اولاد کو اسی حدیث کے باعث ورثہ سے محروم کیا **اقول** حدیث لا یرث
الکافر المسلم۔ کو آیۃ یوصیکم اللہ فی اولادکم کا مخصص کہنا صرف خیالی بات ہے
ورنہ حنفیہ کرام تو اس حدیث کو اس آیۃ شریف کا مخصص نہین کہتی ہان البتہ اگر مویدات
مخصص سی کہین تو بجا ہے **قال بحر العلوم** ان المخصص حقیقۃً لا یتخذ
المؤمنون الکافرین اولیاء لان المیراث من باب الولایۃ والحدیث لاحکام الآیۃ
انتہی۔ **قولہ** عموم قرآنے کو چھوڑ کر خبر واحد پر عمل کیا **اقول** تحقیق سابق سے
ثابت ہو چکا ہے کہ در صورت مخصص ہونے کے یہہ حدیث خبر واحد نہین بلکہ مستفیض
مقطوع ہے فلا ضیر۔ **قولہ** اسی خبر پر عمل کیا **اقول** کیون نہ عمل کرتے کہ خبر مستفیض
مقطوع تھی فتامل فیما تلونا علیک من قبل **قولہ** پھر کسی آپ جیسی سنی نے اونکو
نہ کہا **اقول** ہماری جیسی سنت جماعت کیون کہتی کہ اونکی اصول مذہب کے خلاف ہی نہین

جبکہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو پہونچی۔ تو حضرت عمر نے اسکا انکار فرمایا۔ اور کہا کہ مطلقہ ثلاثہ کے لئے نفقہ اور سکنیٰ فرض ہے۔ ولا ندع کتاب ربنا الخ اس حدیث عمر کو بھی سوائے بخاری رحمۃ اللہ علیہ کے محدثین کی ایک جماعت نے روایت کیا ہے۔

مسلم۔ حدثنا محمد بن عمرو بن جبلۃ۔ قال اخبرنا ابو احمد قال اخبرنا عمار بن زریق عن ابی اسحاق قال کنت مع الاسود بن یزید جالسًا فی المسجد الاعظم ومعنا الشعبی فحدث الشعبی بحدیث فاطمۃ بنت قیس ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لم یجعل لھا السکنی ولا نفقۃ ثم اخذ الاسود کفًا من حصی فحصبہ بہ۔ فقال ویلک تحدث بمثل ھذا قال لاعمر لا نترک کتاب اللہ وسنۃ نبینا صلی اللہ علیہ وسلم لقول امراۃ لا ندری لعلھا حفظت او نسیت لھا السکنی والنفقۃ۔ **قال اللہ عزوجل** لا تخرجوھن من بیوتھن ولا یخرجن الا ان یاتین بفاحشۃ مبینۃ **ومسلم** ایضًا بسند اخر نحوہ ص ۴۸۵ الدارمی **اخبرنا** محمد بن علا حدثنا حفص بن غیاث عن الاشعث عن الحکم وحماد عن ابراھیم عن الاسود عن عمر قال لا ندع کتاب ربنا وسنۃ نبینا لقول امراۃ۔ المطلقۃ ثلثا لھا السکنی والنفقۃ۔ **والدارمی** ایضًا۔ بسند اخر عن ابراھیم عن الاسود عن عمر نحوہ **و** الدارمی ایضًا۔ بسند اخر عن ابراھیم عن الاسود قال قال عمر لا نجیز قول امراۃ فی دین اللہ۔ المطلقۃ ثلثا لھا السکنی والنفقۃ ص ۲۹۵ - ۲۹۶)

النسائی بسندہ عن ابی اسحاق عن الشعبی عن فاطمۃ بنت قیس قالت طلقنی زوجی فاردت النقلۃ فاتیت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فقال انتقلی الی بیت ابن عمک عمرو بن ام مکتوم فاعتدی فیہ فحصبہ الاسود وقال ویلک لم تفتی بمثل ھذا قال عمر ان جئت بشاھدین یشھدان انھما سمعاہ من رسول اللہ

حدیث عمر لا ندع کتاب ربنا الخ

بمتواتر - آحاد - ومشہور - ھذا ماعندی ولعل عند غیری غیرہ **قولہ** جب
یہیں اسمقام پر پہونچا الی آخرہا قال فرمایا کہ جناب عمر نے عموم قرآنی پر عمل کر نیمیں
ایک خبر واحد کو ترک فرمایا ہے **اقول** اوس مھر بان مختفی حقیقی یا فرضی نے یہہ
لفرمایا کہ جناب عمر اور عائشہ صدیقہ اور زید بن ثابت اور اسامہ بن زید اور جابر
بن عبداللہ ان سب نے اس خبر واحد کو ترک فرمایا ہے - **قولہ** خبر واحد کے باعث
انکار کیا **اقول** انکار کا باعث خبر واحد ہونا خیال صاحب رسالہ کا ہی - ورنہ
پہلے اس انکار کا باعث بخوبی معلوم ہو چکا ہے فتذکر **قولہ** حضرت عمر نے اوسکی حدیث
کو نہ مانا **اقول** بلکہ حضرت عائشہ صدیقہ اور زید بن ثابت اور اسامہ بن زید اور جابر
بن عبداللہ نے بھی نہ مانا **قولہ** ترمذی اور ابو داود میں اسکا کچھہ حصہ مذکور ہے **اقول**
اسکا پورہ قصہ صحیح مسلم اور نسائی اور طحاوی اور سنن دارمی میں بھی مذکور ہے - و
ذکر العینی والدارقطنی ایضاً **قولہ** وقت پر جو جواب حاصل ہوا وہ بھی گزارش ہی **اقول**
وقت پر اس مسئلہ کی تحقیق جو راقم کو حاصل ہے - وہ بھی گزارش ہی **فاطمہ بنت قیس**
کی حدیث سوائے بخاری علیہ الرحمۃ کے ایک جماعہ محدثین نے روایت کی ہی - خصوصاً
امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے اسحدیث کو بہت طرق ہی بیان کیا ہے - از انجملہ ایک طرق
یہہ ہی مسلم - بسندہ عن ابی سلمۃ عن فاطمۃ بنت قیس انہ طلقھا زوجھا
فی عھد النبی صلی اللہ علیہ وسلم - وکان انفق علیھا نفقۃ دون فلما رأیت ذلک
قالت واللہ لاعلمن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم - فان کانت لی نفقۃ اخذت
الذی یصلحنی - وان لم یکن لی نفقۃ لم اخذ منہ شیئاً - قالت فذکرت ذلک
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فقال لا نفقۃ لکِ ولا سکنی - انتھی - حاصلش انکہ
بہت قیل وقال کے بعد جب فاطمہ نے اپنا واقعہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کیخدمت میں
لرفعہ کیا تو آپنے فرمایا لا نفقۃ لکِ ولا سکنی یعنی تیرے لئے نہ نفقہ ہی اور نہ سکنی - یہ حدیث

فاطمة وزاد ابن ابی الزناد عن هشام عن ابیه عابت اشد العیب الحدیث ص۲۵۲
مسلم عنها فقالت (ای عائشة) مالفاطمة بنت قیس خیر ان تذکر
هذا الحدیث **وبسند اخر** فقالت (عائشة) اما انه لاخیر لها فی ذکر
ذلک ص۲۵ **ابو داؤد** لقد عابت ذلک عائشة رضی الله عنها اشد العیب یعنی
حدیث فاطمة بنت قیس۔ **وبسند اخر** قالت (عائشة) اما انه لاخیر
لها فی ذکر ذلک ص۳۱۴ اور حدیث فاطمہ بنت قیس کا اسامہ بن زید نے بھی
انکار کیا **الطحاوی** بسندہ وکان محمد بن اسامة بن زید یقول کان اسامة
اذا ذکرت فاطمة من ذلک شیئا رماها بما کان فی یدہ ص۳۰ اور حضرت جابر
رضی اللہ عنہ نے بھی انکار فرمایا۔ اور اسحدیث کے خلاف پر عمل کیا۔ **روی**
الدار قطنی فی سننه عن حرب بن ابی العالیة عن ابی الزبیر عن جابر عن النبی
صلی الله علیه وسلم قال المطلقة ثلاثا لها السکنی والنفقة ذکرہ العینی فی
شرح الهدایة ص۷۰ اور حضرت عبد اللہ بن مسعود بھی انکار کیا **روی** الطبرانی
فی معجمه بسندہ عن سلیمان عن ابراهیم ان ابن مسعود وعمر قالا المطلقة
ثلاثا لها السکنی والنفقة ذکرہ الزیلعی فی تخریج الهدایة ص۹ **قولہ** دار قطنی نے
کہا کہ یہ جملہ کہ ہم سنت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو کسطرح چھوڑین محفوظ نہین ثقات نے
ذکر نہیں کیا **اقول** امام ابو الحسین مسلم۔ اور ابو عیسی ترمذی۔ اور ابی محمد دارمی۔ اور
ابو داؤد۔ اور طحاوی۔ ان سب نے ان ہر دو (لا ندع کتاب ربنا وسنة نبینا) جملونکا
بیان کیا ہے شاید یہ لوگ ثقات مین سے نہین۔ یا یون کہین۔ کہ ابراہیم نخعی۔ اور
اسود بن یزید۔ اور ابو اسحاق۔ وغیرہم نے ان ہر دو جملونکا ذکر کیا ہے یہ سب بھی
شاید کہ ثقہ نہون۔ اس سے بھی قطع نظر۔ اول تو امام مسلم۔ ترمذی۔ دارمی وغیرہ
اور ابراہیم نخعی۔ اسود بن یزید وغیرہ پر دار قطنی کا کہنا فوقیت اور مزیت نہین رکھتا۔ یہ

صلی اللہ علیہ وسلم ولا انترک کتاب اللہ لقول امرءۃ لاتخرجوھن من بیوتھن
ولا یخرجن الا ان یاتین بفاحشۃ مبینۃ ص ۲۲۵ **ابو داؤد** بسندہ عن
ابی اسحاق قال کنت فی المسجد الجامع مع الاسود فقال اتت فاطمۃ بنت قیس
عمر بن الخطاب رضی اللہ عنہ فقال ماکنا لندع کتاب ربنا وسنۃ نبینا صلی
اللہ علیہ وسلم لقول امرءۃ لاندری احفظت ام لا ص ۳۱۴ **الطحاوی** بسندہ
عن ابی اسحاق قال کنت عند الاسود بن یزید فی المسجد الاعظم ومعنا
الشعبی فذکر والمطلقۃ ثلاثا فقال الشعبی حدثنی فاطمۃ بنت قیس ان
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قال لھا لا سکنی لک ولا نفقۃ قال فرماہ الاسود
بحصاۃ وقال ویلک اتحدث بمثل ھذا قد رفع ذلک الی عمر بن الخطاب فقال
لسنا بتارکی کتاب ربنا وسنۃ نبینا صلی اللہ علیہ وسلم لقول امرءۃ لاندری
لعلھا کذبت **قال اللہ تعالیٰ** لاتخرجوھن من بیوتھن ولا یخرجن الآیۃ
ص ۳۲۹ اور طحاوی رحمۃ اللہ علیہ نے اس حدیث کو بہت طرق سے بیان کیا ہے اون کا
پورا ذکر موجب طوالت ہے۔ من شاء فلینظر **الترمذی** حدثنا ھناد اخبرنا
جریر عن مغیرۃ عن الشعبی قال قالت فاطمۃ بنت قیس طلقنی زوجی ثلثا علی
عہد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فقال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لا سکنی
لک ولا نفقۃ قال مغیرۃ فذکرتہ لابراھیم النخعی فقال قال عمر لاندع کتاب
اللہ وسنۃ نبینا صلی اللہ علیہ وسلم لقول امرءۃ لاندری احفظت ام نسیت و
کان عمر یجعل لھا السکنی والنفقۃ ص ۱۵۱ اور حدیث فاطمہ بنت قیس کا عائشہ صدیقہ
نے بھی انکار فرمایا **روی البخاری** بسندہ عن عائشۃ انھا قالت ما لفاطمۃ
الا تتقی اللہ تعنی فی قولھا لا سکنی ولا نفقۃ **والبخاری** بسند اخر انہ لیس لھا
خیر فی ذکر ھذا الحدیث۔ **والبخاری** ایضا ان عائشۃ انکرت علی ذلک علی

صحت اور سقم روایت کے اعتماد و اعتبار ثقات محدثین پر ہے۔ جبکہ انکی مرویات کذائی صحیح نہون۔ تو پھر کونسی کتاب قابل اعتبار و اعتماد ہو۔ اور امام احمد حنبل کا یہ فرمانا کہ مطلقہ ثلث کے لئے قرآن میں سکنی ور نفقہ کا کہان ذکر ہے۔ یہ فہم امام احمد حنبل رحمہ اللہ کا ہے۔ ورنہ حضرت عمر۔ عبداللہ بن مسعود و اصحابہ۔ عائشہ صدیقہ سعید بن ثابت۔ اسامہ بن زید۔ جابر بن عبداللہ۔ مروان بن حکم۔ امام ابوحنیفہ۔ امام ابویوسف۔ امام محمد۔ امام زفر۔ امام شافعی۔ امام مالک۔ اہلمدینہ۔ امام احمد حنبل فی روایۃ۔ سعید ابن المسیب۔ قاضی شریح۔ شعبی۔ حسن بن حی۔ اسود بن یزید۔ امام ثوری۔ ابراہیم نخعی۔ اور انکے سوا خلق کثیر نے اسے قرآن کریم سے وجوب سکنی کا سمجھا۔ اگرچہ وجوب نفقہ مین انکے دلائل مختلف ہین۔ بلکہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے محضر صحابہ میں فاطمہ بنت قیس کے روایت کو رد کیا۔ اور اپنی حجت قرآن کریم پیش کی کما رواہ مسلم وغیرہ۔ تو ابن عباس کے کلھم نے تسلیم فرمایا۔ اگر وہ انکے مخالف ہوتا۔ تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی تردید کرتے۔ بلکہ من بعد حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے عمل اہلمدینا۔ کوفہ۔ وغیرہ۔ کا بھی اسی پر رہا۔ دیکھو مسلم مین حدیث اسود بن یزید کی۔ اور طحاوی اور کیون نہو کہ حدیث فاطمہ بنت قیس پر بہت لوگون نے طعن کیا ہے۔ منجملہ اون کے حضرت عمر۔ حضرت عائشہ صدیقہ۔ اسامہ بن زید۔ مروان بن حکم۔ سعید بن المسیب۔ سلیمان بن یسار۔ اسود بن یزید۔ ابی سلمہ بن عبدالرحمن ہین۔ دیکھو فتح القدیر۔ اور طحاوی۔ اور زاد المعاد ابن قیم کی اسر حدیث کا یہ حال ہے۔ اور حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی حدیث کی قبولیت کا حال بھی معلوم ہو چکا ہے۔ کیف لا وان الصحابی اذا قال من السنۃ کذا کان مرفوعًا۔ فکیف اذا قال من سنۃ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم۔ فکیف اذا کان القائل عمر بن الخطاب وکیف اذا کان فی محضر الصحابۃ۔ واذا تعارضت روایۃ عمر و روایۃ فاطمۃ۔ فروایۃ

حاشیہ: ...

کہان اور وہ کہان دوم عدم الذکر مستلزم عدم مطلقاً کا نہین۔ وہو ظاہر
دیکھو کہ بخاری علیہ الرحمۃ نے حدیث عبادہ لا یقرأن احد منکم اذا جہرت
بالقراءۃ الا بام القرآن کو ذکر نہین فرمایا۔ یعنی بخاری مین۔ پھر کیا اس سے
لازم آتا ہے کہ یہ حدیث ہی نہین۔ اور اسکی نظائر لاتعد ولاتحصی ہین۔ سیوم
دارقطنی نے یہہ کہا ہے کہ اس جملہ کو ثقات نے ذکر نہین کیا۔ اور یہ نہیں کہا کہ اس
جملہ کی ثقات نے نفی کی ہے۔ وبینھما بون بعید کما لایخفی چہارم دارقطنی نے یہہ
نہیں کہا کہ اس جملہ کو ثقات نے ذکر نہین کیا۔ بلکہ دارقطنی نے یہہ کہا ہے۔ کہ اس
جملہ کو ایک جماعت نے ثقات میں سے ذکر نہین کیا۔ دیکھو امام نووی علیہ الرحمۃ صحیح
مسلم کی شرح مین کہتے ہین قال الدارقطنی قولہ وسنۃ نبینا۔ ھذہ زیادۃ غیر
محفوظۃ لم یذکرھا جماعۃ من الثقات انتھی یہ عبارت بمفہومہ دال ہے کہ اس
زیادتی کو ایک جماعت ثقات نے ذکر نہین کیا۔ اور ایک جماعت ثقات نے اس جملہ کو ذکر کیا ہے
پنجم زیادۃ الثقہ مقبولۃ۔ ایک عام مقبولہ قاعدہ ہے یہان نہ قبول کرنیکی کیا وجہ۔
الحاصل دارقطنی کا بیان مستلزم اس امر کا نہین کہ حضرت عمرؓ سے یہہ جملہ منقول ہی نہین
وہو المطلوب اور یہ گفتگو اس طرز بیان پر ہے اور جن لوگون نے اس جملہ کی نفی کی ہے
اونکا جواب نفی کی ذیل مین مذکور ہوگا انشاءاللہ تعالی **قولہ** امام احمد حنبلؒ نے
فرمایا یہ جملہ لا ندع کتاب ربنا حضرت عمرؓ سے منقول نہین۔ قرآن کریم میں مطلقہ ثلث
کیواسطے نفقہ اور سکنی کا کہان ذکر ہے **اقول** نفی صحت روایت حضرت عمرؓ کی واللہ اعلم
بالصواب حضرت احمد حنبل رحمہ اللہ علیہ نے کیون کی۔ شاید کہ امام رحمۃ اللہ علیہ کو یہہ روایت
نہین پہونچی۔ یا کسی اور وجہ سے ہو۔ ورنہ جب امام مسلم۔ امام الصحت اور ترمذی اور ابوداؤد
اور نسائی۔ اور دارمی۔ اور طحاوی۔ اور دارقطنی وغیرہ محدثین ثقات اس روایت
کو باسناد بیان فرمائین۔ اور صحیح نہو۔ تو سوا تعجب کے اور کیا ہے۔ کیونکہ ہم کو درباب

وابن المسعود - وزید بن ثابت - واسامة بن زید - وعائشة وفقهاء الکوفة
وغیرہم **والثالث** ان لہا السکنی دون النفقة - وھذا مذھب اھل المدینة
وبہ یقول مالك والشافعی رحمہم اللہ - یہہ خلاصہ نووی **شرح مسلم** اور **فتح القدیر** اور
زاد المعاد کا ہے - لعلك تفطنت مما ذکرنا ان روایات احمد فی ذلك مضطرب -
اللھم ارنا الحق حقا والباطل باطلا **قولہ** ابن قیم نے کہا ہے - یہ قصہ جناب حضرت
عمر پر افترا ہے قال نشھد باللہ الخ **اقول** اولاً ابن قیم اپنی کتاب زاد المعاد
مین بعد قیل قال کے لکھتا ہے - واما حدث حماد عن حماد عن ابراھیم عن عمر
سمعت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یقول لہا السکنی والنفقة فنحن نشھد باللہ
شھادۃ الخ یہ عبارت صریحا دال ہی کہ ابن قیم نے اس روایت (عن ابراھیم عن عمر
سمعت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لہا السکنی والنفقة) کی نسبت کہا ہی جو کچھ
کہا ہے کیونکہ یہ روایت منقطع ہے - اس روایت کا ثبوت حضرت عمر سی بالاتصال نہین
ابراہیم نخعی کی ملاقات حضرت عمر رضی اللہ عنہ سی نہین ہوئی - اور ابن قیم علیہ الرحمة
خود لکھتا ہے کہ بعض من وجوہ الطعن جو کہ حدیث فاطمہ بنت قیس پر ہوئی ہین - بلا
شک صحیح ہین - حیث قال وبعضھا صحیح عمن نسب الیہ بلا اشک دیکھو زاد المعاد
صفحہ ۳۱۵ سطر ۲۰ - **ثانیاً** بالفرض اگر ابن قیم اصل قصہ کی نسبت بھی کچھ کہی - تو
طوطی کی آواز کو نقارخانون مین کون سنتا ہی - یعنی امام مسلم - اور نسائی - اور ابو داؤد
اور طحاوی - اور دارمی - باسناد متصلہ - اور ترمذی - اس قصہ کو بیان فرماتے ہین -
تو اسکی اصلیت اور صحت کو کون نہ مانے - گو کہ معمول بہا ہونیمین مختلف فیہ مجتہدین ہی
اما وہ تنا دیل ہے - وبنیما مراحل **قولہ** دوم اس قصہ کا راوی جناب عمر رضی اللہ عنہ
سے ابراہیم نخعی ہے اور اوسکی ملاقات جناب عمر سے ثابت نہین **اقول** اس قصہ
کی روایات کا اتصال اور انقطاع اون روایات سی جو راقم نے مفصلاً ذیل قول صاحب رسالہ

عمل اولی لا سیّما و معظاهر القرآن آپ ہی یہہ بات کہ ان مذکورین رحمۃ اللہ علیہم نے کس آیتہ سے سکنی کا وجوب سمجھا ہے۔ سو اسمین **فتح القدیر** کی عبارت مکتفی ہے۔ اور تفاسیر کی نقل موجب طوالت ہے۔ حیث قال **قولہ تعالی**۔ اسکنوا ھنّ من حیث سکنتم من وجدکم۔ قد علم ان المراد انفقوا علیھنّ من وّجدکم وبہ جاءت قراءۃ ابن مسعود المرویۃ عن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم مفسرۃ لہ **و** ھذہ الایۃ انما ھی فی البوائن بدلیل المعطوف وھو قولہ تعالی عقیبہ ولا تضاروھن لتضیّقوا علیھن وان کن اولات حمل فانفقوا علیھن حتے یضعن حملھن۔ ولو کانت الایۃ فی غیر المطلّقات۔ او فی الرّجعیات کان التقدیر۔ اسکنوا الزّوجات والرجعیات من حیث سکنتم فانفقوا علیھنّ من وجدکم وان کن اولات حمل فانفقوا علیھن حتے یضعن حملھن **و** معلوم انہ لا معنی حینئذ بجعل غایۃ ایجاب الانفاق علیھا بوضع۔ فانّ النفقۃ واجبۃ لھا مطلّقا۔ حاملا کانت او لا وضعت حملھا او لا۔ بخلاف ما اذا کانت فی البوائن فان فائدۃ التقیید بالغایۃ دفع توھم عدم النفقۃ علی المعتدۃ الحامل فی تمام عدۃ الحامل۔ لطولھا والاقتصار علی قدر ثلاث حیض او ثلاثۃ اشھر۔ وکذا **قولہ تعالی** لا تخرجوھنّ من بیوتھن ولا یخرجن الّا ان یاتین بفاحشۃ مبیّنۃ۔ فانّہ عام فی المطلقات انتھی۔ پس ثابت ہوا کہ سکنی اور نفقہ کا ذکر قرآن کریم مین موجود ہے۔ اما۔ امام احمد حنبل رحمۃ اللہ علیہ کا چونکہ مذہب ہر دو کی وجوب کا نہین ہے۔ لھذا اس آیت شریف کی تاویل کی۔ اور فرمایا۔ کہ وجوب نفقہ اور سکنی کا ذکر قرآن مین نہین ہے۔ کیونکہ اس مسئلہ مین فقہا کے مذاہب مختلف ہین **احدھا** ان لا نفقۃ ولا سکنی۔ وھو قول ابن عباس۔ وعن احمد فیھا ثلاث روایات۔ **احدھا ھذہ۔ والثانی** ان لھا نفقۃ والسکنی۔ وھو قول عمر ابن الخطاب رضی

بیان مذہب نفقہ و سکنی مین اور ضعف اس کا

ملاحظہ فرمائین۔ اور داد انصاف دین **قولہ** صحابی جب صحابی کے خلاف ہو
تو بالیقین کا قول حجّت نہین ہوتا دیکھو اپنا اصول **اقول** (اوّلاً) صحابی صحابی
کے خلاف کا یہان مصداق ہی کہان۔ اسکا مصداق تو وہ محال ہے جہان صحابی
اپنا قول اور اپنی اجتہادی رائے اظہار کرے۔ بخلاف اس محل کے۔ کیونکہ یہان
تو حضرت عمر فاروق کا قول و سنت نبینا جو باتفاق علماء حدیث (دیکھو فائدہ سوم
مین قول ابن عبد البر) کے رفع حکمی ہے۔ بیان فرما رہے ہین۔ فاین ھذا من
ذالک (ثانیاً) ہم نے بحکم آپکے اپنا اصول دیکھا۔ تو لکھا پایا۔ اذا بلغ (قول
الصحابی) صحابیا اخر فانه لا یخلو اما ان یسکت هذا الاخر مسلما له۔ او خالفه فان
سکت کان اجماعا فیجب تقلید الاجماع باتفاق العلماء۔ وان خالفه کان ذلک
بمنزلة خلاف المجتهدین فللمقلد ان یعمل بایهما شاء۔ الخ نور الانوار اور قمر الاقمار
مین ہے وقیل ان الصحابة اذا اختلفت فالخلفاء الاربعة اولی۔ وان اختلفوا
فالشیخان۔ وفی باقی الصحابة یرجح بکثرة العلم وغیره من اسباب الترجیح انتهی
اس عبارت سے پانچ فائدہ حاصل ہوئی ۱ صحابہ کے اتفاقی اقوال مین تقلید الاجماع
باتفاق العلماء واجب ہے۔ ۲ صحابہ کے اختلافی اقوال مین قول مرجح اولی بالعمل ہے
بحالت صحابہ کے اختلاف کے۔ خلفاء اربعہ کا قول اولے بالعمل ہے ۴ بحالت اختلاف
خلفاء اربعہ کے شیخین کا قول اولی بالعمل ہے ۵ کثرت علم اسباب ترجیح سے ہی۔ اب
منصف غور کرے کہ اول کے سوای یہ جملہ امور حضرت عمر مین موجود ہین (۲) تو اس لئے
کہ ظاہر قرآن مؤید قول حضرت عمر کا ہے (۳) اس لئے کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ صحابہ خلفاء
اربعہ مین سے ہے (۴) اسلئے کہ حضرت عمر شیخین مین سے ہین (۵) اس لئے اگرچہ فاطمہ
بنت قیس وحید العصر فاضلہ زمان کثیرۃ العلم تہین۔ الا حضرت عمر رضی اللہ عنہ
کی شان کجا اور فاطمہ کجا وہو ظاہر۔ اور نیز عدم اصلیت قول صاحب رسالہ کی ظاہر ہوئی۔

کے (وقت پر جو جواب حاصل ہوا گذارش ہی) بیان کی ہین بخوبی ظاہر ہے۔ حاجت
اعادہ کی نہین لیکن بنظر زیادہ افادہ کے بطریق اختصار کے گذارش ہے روایے
مسلم بسندہ عن ابی اسحاق قال حدث الشعبی بحدیث فاطمۃ بنت قیس فاخذ
الاسود کفا من حصی فحصبہ بہ۔ فقال ویلک تحدث بھذا۔ قال عمر لا نترک
کتاب ربنا الحدیث۔ اس روایت مین قال الاسود قال عمر لا نترک الحدیث
واقع ہی۔ انقطاع اور ابراہیم کہان ہے۔ **ومسلم ایضاً** بسند اخر نحوہ اس
روایت میں بھی انقطاع اور ابراہیم نہین **والدارمی** بسندہ عن ابراھیم عن
الاسود عن عمر لا ندع الحدیث۔ والدارمی ایضاً بسند اخر عن ابراھیم عن الاسود
عن عمر نحوہ **والدارمی ایضاً** بسند اخر عن ابراھیم عن الاسود قال قال عمر
لا نجیز قول امرأۃ الحدیث دارمی کی ان تینون روایات مین اتصال ہے انقطاع
کہان۔ **والنسائی** بسندہ عن ابی اسحاق عن الشعبی الحدیث اسکا حاصل ہے
یہی ہی کہ قال الاسود قال عمر اس روایت میں بھی نہ ابراہیم ہے نہ انقطاع **ابوداود**
بسندہ عن ابی اسحاق الحدیث اسکا حاصل ہے قال الاسود قال عمر ہے۔ اس
سند مین بھی نہ ابراہیم نہ انقطاع **الطحاوی** بسندہ عن ابی اسحاق الحدیث
اس روایت مین بھی نہ ابراہیم نہ انقطاع **والترمذی** بسندہ عن الشعبی
الحدیث اور اس روایت مین اخیر مین قال مغیرۃ فذکرتہ لابراھیم فقال قال عمر لا ندع الخ
اس روایت ترمذی مین ابراہیم اور انقطاع ہے۔ صاحب رسالہ نے مسلم۔ نسائی۔ ابوداود۔
دارمی۔ اور طحاوی کے اسناد ملاحظہ نفرمائی۔ فقط ترمذی کی روایت پر غرہ ہوئی۔ اور
انقطاع کا حکم لگایا۔ یہ امر شان تحقیقات صاحب رسالہ سی بہت بعید ہی۔ اور اصولی مسئلہ
اذا ورد وابعض الثقات مرسلا وبعضھم متصلا فالحکم بموصلہ سے بھی نظر بندکی
اور اس مسئلہ کی تحقیق **فائدہ ششم** مین گزر چکی ہے۔ ناظرین کو چاہیے کہ اصل روایات

صحابی پر حجت نہین ہوتا۔ لکان له وجه۔ الآیہ معنی صاحب رسالہ کے مفید نہین۔
کیونکہ صاحب رسالہ اس قاعدہ کو اس غرض سے یہان نہین لایا۔ فتامل **قوله** چہارم جناب
عمر نے فاطمہ کی بات اہ **اقول** یہ قول صاحب رسالہ کا بھی اصلیت قصہ پر دال ہے
وہو المطلوب **قوله** فما وافق القرآن فاقبلوه وما خالف فردوه الخ **اقول**
شیخ عبدالحق رحمۃ اللہ علیہ نے **شرح سفر السعادت** مین اس حدیث کو بہت طرق سے بیان
کیا ہی اور کہا ہے اس حدیث کے ضعیف اور موضوع ہونیکی وجہ عبارت علماء سے بھی معلوم
ہوتی ہے۔ کہ معنی اس حدیث کے اور احادیث صحیحہ اور ما آتکم الرسول الآیہ کے مخالف ہین۔ الا
جبکہ معنے اس حدیث کے یہ کیئے جاوین۔ کہ اگر قرآن کے مخالف ہو تو اوسکو رد کرو۔ لکان له وجه
وانکان لایخلو عن خدشة **راقم** کہتا ہے کہ اسکے موافق وہ اثر ابن عباس کا ہی جسکو
دارمی نے بسند خود بیان کیا ہے فکان ابن عباس اذا حدث قال اذا سمعتمونی
حدثت عن رسول الله صلی الله علیه وسلم فلم تجدوه فی کتاب الله او حسنا عند
الناس فاعلموا انی قد کذبت علیه صرح **قوله** یہ ہماری حضرت احناف کی صول
محققونکا حال ہے **اقول** حنفی بشریت سے خالی نہین۔ اگر بمقتضای بشریت ایسا سہو
قلم سے واقع ہو تو معذور رکھنا چاہیئے۔ کیونکہ ایسا سہو بڑے بڑے حفاظ محدثین
سے بھی وقوع میں آیا ہی۔ **دیکھو** نووی مسلم کے مقدمہ مین لکھتا ہے وقد
رأیت جماعة من الحفاظ المتأخرین غلطوا فی مثل هذا فنفوا روایة البخاری
احادیث۔ هی موجودة فی صحیحه فی غیر مظانها السابقة الی الفهم۔ انتهی
یعنی مینے ایکجماعت حفاظ محدثین متاخرین کو دیکھا۔ کہ اونہون نے بہ نسبت بہت احادیث
کے لکھدیا۔ کہ بخاری مین موجود نہین ہین۔ حالانکہ وہ بخاری مین موجود ہین اور
حدیث مسلم کی ابوذر سے۔ ان النبی صلی الله علیه وسلم قال له یا اباذر انی احب لک
ما احب لنفسی الحدیث **قال** الحاکم فی المستدرک هذا صحیح علی شرط الشیخین

یعنی صاحب رسالہ نے جو یہ قاعدہ بیان فرمایا ہے کہ جب صحابی۔ صحابی کے قول کے مخالف ہو تو دونوں کا قول حجت نہیں ہوتا۔ ان مذکورہ عبارات سے معلوم ہوا کہ یہ قاعدہ اصلاً بے اصل ہے۔ اور مخترع ہے بل ان یّعمل بایّهما شاء ان تعذر الترجیح و ان امکن فیعمل بالمرجح کما مرّ **وفی التلویح** وکذا یأخذ بایّهما شاء من قول الصحابی انتهی **انتباہ** اس خلاف حضرت ابن عباس سے ایک عمدہ یہ بات پیدا ہوئی کہ اس قصہ کی اصلیت ضرور ہے۔ اور صحابہ میں دائر اور سائر ہوا۔ (کما سبق فی تحقیقاتنا) ورنہ خلاف ابن عباس کے کس طرح متصور ہو۔ اور بالفرض اگر افترا ہی ہوا ہے۔ تو اوسی زمانہ میں بموجودگی حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے ہوا ہے۔ حضرت ابن عباس نے نہ کہدیا کہ یہ قصہ تو افترا ہے۔ ایسی افترائی قصہ کا خلاف ہی کیا کرتا ہے۔ قائلان افترا خدا سے ڈریں اور شرم کریں کہ خود ہی قائل بہ افترا ہوتے ہیں۔ اور پھر خلاف ابن عباس کو پیش کرتے ہیں۔ ان هذا الامفتری (**ثالثاً**) بہت مسائل میں صحابہ کرام باہم مختلف ہوئے ہیں اگر ہر دو فریق کا قول حجت نہو۔ تو صدہا مسائل دین کے معطل اور مہمل ہوں مثلاً توریث جدہ میں بحالت موجودگی ابن میت کے مختلف ہیں۔ فذهب عمر وابن مسعود وابی موسی الی انها ترث۔ وخالفهم فی ذلك زید بن ثابت قائلا بانها لا ترث۔ اور نیز صحابہ مختلف ہوئے ہیں جد میں فهل بمنزلة الاب فیسقط به الاخوة ام لا۔ فذهب ابو بكر وابن عباس وعبد الله بن الزبير وعائشة ومعاذ بن جبل وابی بن كعب وابو الدرداء وابو هريرة الى انه بمنزلة الاب وخالفهم فی ذلك علی بن ابی طالب وزيد بن ثابت وابن مسعود قالوا يرث الجد مع الاخوة۔ ونظائرها كثيرة غير خافية على من يطالع الكتب الدينية پس معلوم ہوا کہ یہ قاعدہ اصل ہی ہے۔ ہاں البتہ اگر اس عبارت (یعنی فریقین کا قول حجت نہیں ہوتا) کے یوں معنی کئے جاویں۔ کہ فریقین کا قول ایکدوسری پر حجت نہیں ہوتا۔ یعنی ایک صحابی کا فہم دوسرے

قول مولف کا محصول مین لکھا ہے۔

جائز رکھا ہے **اقول** تخصیص عام اور چیز ہے۔ اور تخصیص عام بخبر واحد۔ اور مبحوث فیہ فیما نحن فیہ مین دوم ہی نہ اول **قولہ** محصول مین ہے یجوز تخصیص الکتاب بخبر واحد عندنا **اقول** مسلم الثبوت اور فاتحۃ الرحموت مین ہے **مسئلہ** موجب العام قطعی عندنا۔ فلا یجوز تخصیصہ اذا وقع فی الکتاب۔ بخبر الواحد لکونہ ظنی الثبوت ولا بالقیاس لکونہ ظنی الدلالۃ ولاکثر من الشافعیۃ والمالکیۃ وبعض منا کالامام علم الھدے **الشیخ ابی المنصور ماتریدی** قدس سرہ علی انہ ظنی محتمل للخصوص فیجوز تخصیصہ ان کان فی الکتاب بخبر الواحد والقیاس انتہی۔ اور اونہیں مین سے دوسری جگہ ہے **مسئلہ** لا یجوز عند الحنفیۃ تخصیص الکتاب بخبر الواحد ما لم یخص بقطعی واجاز الباقون من علماء الاصول مطلقا سواء خص بقطعی او لا وتوقف القاضی ابوبکر من الشافعیۃ ای لا ادری یجوز التخصیص ام لا لنا انہ ای الکتاب قطعی من کل وجہ والخبر ظنی فلا یجوز تخصیصہ انتہی مختصرا اور توضیح مین ہے لکن عند الشافعی ھو (ای العام) دلیل فیہ شبہۃ فیجوز تخصیصہ بخبر الواحد والقیاس۔ وعندنا ھو قطعی مساو للخاص فلا یجوز تخصیصہ بواحد منہما انتہی اور تلویح کے باب البیان مین ہے **قولہ** فلا یجوز التخصیص ای تخصیص الکتاب بخبر الواحد لان خبر الواحد دون الکتاب لانہ ظنی والکتاب قطعی فلا یجوز تخصیصہ لان التخصیص تغییر و تغییر الشیٔ لا یکون الا بما یساویہ او ما یکون فوقہ وھذا مبنی علی ان العام قطعی فیما یتناولہ۔ انتہی اور نور الانوار مین ہے وانہ (ای العام) یوجب الحکم فیما یتناولہ قطعا فلا یجوز (تخصیص العام) بالقیاس وخبر الواحد انتہی ملتقطا۔ اور جا بجا کتب اصول مین یہ عبارت (خبر الواحد ظنی فلا یجوز تخصیص العام بہ لانہ قطعی) واقع ہے کما لا یخفی علی من تتبع الکتب پس

ولم یخرجاہُ حالانکہ مسلم مین موجود ہے۔ ذکرہ الزیلعی فی تخریج احادیث الہدایة

اور نووی اذکار مین لکھتا ہی و فی الصحیحین عن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم

لاصلوة الا بفاتحة الکتاب ص ۳۲ حالانکہ باین لفاظ ایک مین بھی نہین و

التاویل بانہ نقل بالمعنی یا باہ لفظہ۔ اور دیکھو کہ **مولوی عبد الحی صاحب**

لکھنوی نے اپنی کتاب تذکرة الراشدین مین **نواب صدیق الحسن خان صاحب**

قنوجی ثم بھوپالوی کے کسقدر اغلاط اور سہو قلم بیان کئی ہین۔ کہ طومار در طومار لکھدیئے

ہین۔ الا تاہم ہمارا اعتقاد اونکی فضیلت علمی کی نسبت ویسا ہی ہی گو کہ اعتقادی مسائل

اور تقلید ائمہ مین وہ ہماری سخت مخالف ہین۔ اور اپنی گروہ کے پیشوا ہین۔ الغرض

اگر کسی سی بشریت کی مقتضای سی سہو قلم واقع ہو تو ہاتھہ دہو کر عیب گیری اور کمر باندہ کر نکتہ

چینی کرنی تہذیب سے بعید ہے۔ تو اونکا دیکھنا۔ عیبون سی چشم پوشی کرنی۔ داب صالحین

ہے۔ ولنعم ماقیل ۔ خطائی بزرگان گرفتن خطاست۔ قطع نظر ازین۔ اگر ہم بھی

اسموقعہ پر باتباع صاحب رسالہ کے بے تہذیبی کو اپنا شعار قرار دیکر کہدین۔ کہ کیا آپکی تحقیقات

دربارہ حدیث نحن معاشر الانبیاء کہ اسکی راوی صرف ابوبکر ہین۔ اور دربارہ حدیث لاندع

کتاب ربنا کے۔ کہ منقطع ہے۔ کیا صاحب تلویح کی تحقیقات سی کچھہ کم ہی تو شاید بیجا نہو گا

یعنی صاحب رسالہ فرماتے ہین کہ حدیث نحن معاشر الانبیاء کے راوی صرف ابوبکر ہین۔

حالانکہ بخاری اور مسلم مین بھی حدیث بروایت ابوہریرہ اور مسلم میں بروایت عائشہ صدیقہ

موجود ہے کما مر۔ اور حدیث لاندع کتاب ربنا کو صاحب رسالہ لکھتی ہین کہ منقطع ہی۔ حالانکہ

مسلم۔ نسائی۔ دارمی۔ طحاوی۔ وغیرہ مین متصل موجود ہے۔ وقد ذکرنا فیما

مر مفصلا۔ یہ حال تحقیقات محققین کا ہے۔ عیاذا باللہ۔ فی الواقع یہ گفتگو سخت بے

تہذیبی کی ہے الا تحکم الوزر علی البادی اور جواب ترکی بہ ترکی کے قلم مجبور ہوا۔ اور ایسی

نامہذب کلمات کو لکھا والعذر عند کرام الناس مقبول **قوله** اور عام کی تخصیص کو

لکھا گیا۔ کیونکہ دسوین میں تو اسکا ذکر ہے اور اسکا جواب دیا گیا۔ اور اگر ذکر مطلق عام
مراد ہو تو ذکر مطلق عام کی خصوصیت جواب سیوم سے ہی نہین۔ بلکہ اسکا ذکر تو سب جوابون
مین ہوتا ہے آتا ہی۔ **قولہ** ثابت کر دیجئے اور دکھلا دیجئے کہ امام کے نزدیک تخصیص
عام کی خبر واحد سے جائز نہین **اقول** بجواب سائل کسی شخص نے کہا حرم رسول اللہ
صلی اللہ علیہ وسلم لحوم الحمر الاھلیۃ۔ متفق علیہ یعنے رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم
نے خانگی گدہون کا گوشت حرام کیا ہے۔ اور اوسکو روایت کیا ہے۔ الا ہم کو کسی خاص
معتبر کتاب سے ثابت کر دو۔ اور دکھلا دو کہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے ایسا
فرمایا ہے۔ تو اسکا جواب سوائے خموشی کے اور کیا ہوگا۔ کیونکہ بخاری۔ مسلم۔ سے اور کون
سی کتاب حدیث معتبر ہے۔ جس سے ثبوت پیش کیا جاوے۔ اور اوسکو دکھلایا جاوے۔
آسمانی فرضی کتاب ہی اوسکی تسلی اور اطمینان کے لئے بنانے سے رہی۔ سو ایسا ہی
یہہ سوال ہے۔ جب ہم باواز بلند کہتے ہین۔ کہ شاشی۔ حسامی۔ نور الانوار۔
قمر الاقمار۔ توضیح۔ تلویح۔ حاشیہ ملا خسرو۔ چلپی تلویح۔ چلپی
شرح وقایہ۔ مسلم الثبوت۔ فواتح الرحموت۔ ہدایہ۔ شرح وقایہ۔ عینی
ہدایہ۔ عینی بخاری۔ فتح القدیر ہدایہ۔ در المختار۔ مرقاۃ قاری۔ شرح
مشکوۃ۔ وغیرہا۔ صدہا معتبر کتب مین یہ لکھا ہی۔ کہ حنفیہ کرام کے نزدیک تخصیص عام
کتابی کی خبر واحد سے جائز نہیں۔ تو پھر فرمائیے کہ اور کون سی کتاب تسلی اور اطمینان
سائل کے لیے پیش کیجاوے۔ الا تسلی کی تو حد ہی نہین۔ اور تسلیم کے لیے تو یہ کتابیں
ہی کافی اور وافی ہین۔ **قولہ** یہ عام کل حنفیون کے نزدیک مخصوص البعض ہی **اقول**
اس عام یعنی فاقرؤا ما تیسر من القراٰن مین دو تعمیمین ہین تعمیم اول فاقرؤا کی اسکا
مدلول یہ ہے کہ ہر نمازی پر پڑھنا فرض ہے اور یہ مخصوص البعض عند الحنفیہ ہے تعمیم دوم
ما تیسر من القراٰن کی اسکا مدلول مطلق قرات ہے۔ اور یہ عند الحنفیہ اپنے عموم پر ہے۔

عبارات مذکورہ سے صاف ظاہر ہے کہ عام کتابی کے تخصیص خبر واحد سی جائز نہیں تحصول کی عبارت اگر اصل کتاب مین ایسی ہے اور ماول بالبعض بھے نہیں ہے۔ توان عبارات ثقات اور منصور مذہب حنفیہ کے خلاف ہی کما یشھد علیہ عبارات القوم فلا یعبأ بہ ولا یعتمد علیہ **قولہ** اور ابن حاجب آہ **اقول** ابن حاجب مالکی رحمۃ اللہ علیہ نے تخصیص عام کی بابت وبہ قالت الائمۃ الاربعۃ کہا ہے نہ تخصیص العام بخبر الواحد کی بابت وبینہما من الحل فلا حجۃ فیہ **قولہ** ارشاد میں ہی اتفق اھل العلم سلفا وخلفا علی ان التخصیص للعمومات جائز الخ **اقول** صاحب ارشاد یعنی امام شوکانی کی عبارت ہی درباب تخصیص عمومات ہی نہ درباب تخصیص عام بخبر واحد۔ واصحابنا یقولون بہ فلا حجۃ فیہ ایضاً **قولہ** ویصح تخصیص العام من الکتاب بخبر الواحد والقیاس آہ **اقول** کلمہ یصح کا مع اپنی معطوف علیہ یقینی کے مدخول حتی کا ہے۔ اور یہ یعنی حتی غایت ظنا کی ہی۔ نہ قطعاً ویقیناً کی پس حاصل معنے عبارت کی یہ ہوئی۔ چونکہ شمول عام کا اپنے افرادون کے لئے امام شافعی ومن معہ کے نزدیک ظنی ہی۔ تو اون کے نزدیک تخصیص عام کی خبر واحد سی جائز ہوگی۔ اور جسکی نزدیک تناول عام کا لافراد قطعاً ویقیناً ہے۔ اونکی نزدیک تخصیص العام بخبر الواحد مالم یخص بقطعی جائز نہین۔ اور منصور مذہب حنفیہ کرام کا یہی ہے۔ جیساکہ ماسبق عبارات سے واضح ہے۔ اور تلویح و توضیح کی عبارت پہلی بھی مرقوم ہوچکی ہے۔ اونکا خلاصہ تو یہی ہے فلا یجوز تخصیص العام بخبر الواحد فلا حجۃ فیہ ایضاً **قولہ** جواب گیارہوان امام ابوحنیفہ کے نزدیک عام کی تخصیص جائز ہے جیساکہ جواب سیوم میں گزرا ہی **اقول** جواب تیسری میں اس امر کا کچھہ ذکر ہی نہیں کہ امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کے نزدیک عام کی تخصیص جائز ہے بلکہ وہان یہ عبارت ہی۔ حسب تحریر آپکے اور آپکے اہل اصول کے یہ آیت عام ہی اور عام کی تخصیص کو آپ لوگ نسخ کہتی ہین۔ شاید سہو قلم ہوا ہو۔ کہ بجای دوین سلکے لفظ سیوم

قولہ تیرہواں جواب آیۃ شریفہ فاقرؤا ماتیسر غیر قادر علی القراءۃ کے لحاظ سے ایکے نزدیک کیا تمام اہل اسلام کے نزدیک مخصوص البعض ہے **اقول** عام اول بلحاظ غیر قادر علی القراءۃ کے جملہ اہل اسلام کے نزدیک ظنی ہی۔ اور عام دوم اپنے عموم پر ہی پہر قطعی ہوا نہ ظنی۔ اگر دو کو خلط نہ کرتے تو ایسا نہ لکھتے۔ اور جب مخصوص البعض ہوتا تو خبر واحد سے تخصیص بھی جائز ہوتی۔ جب کہ مخصوص البعض ہی نہیں۔ تو خبر واحد سے تخصیص بھی جائز نہین۔ اور اسی سے جواب چودہوین اور پندرہوین جواب کا بھی ہوگا۔ اور صاحب امام الکلام۔ اور ابن الھمام۔ اور عینی کے بھی یہی غرض ہے۔ کیونکہ عاجز عن القراءۃ اور مدرک فی الرکوع فرد فاقرؤا کے ہین نہ ماتیسر کے فافہم وانصف

قولہ عام اکثر علماء کے نزدیک ظنی ہی لے ما قال حدیث اتبعوا سواد الاعظم سے استدلال پکڑا کرتے ہین **اقول** اتباع سواد اعظم سے ہم اہل اسلام کو بہلا کب انکار ہے **قال اللہ تعالی** ومن یتبع غیر سبیل المؤمنین نولہ ما تولی ونصلہ جھنم وساءت مصیرا یعنے جو تابع ہوا راستے سوا مومنون کی ہوا کرین گے ہم اوسکی وہی طرف جو اوس نے پکڑی ہے اور داخل کرین گے ہم اس کو جھنم میں اور وہ بری جگھہ ہے **وروی مسلم** عن عرفجۃ قال رایت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم علی المنبر یخطب الناس فقال انہا ستکون بعدی ھنات وھنات فمن رایتموہ فارق الجماعۃ اویرید ان یفرق امۃ محمد کائنا من کان فاقتلوہ فان یداللہ علی الجماعۃ وان الشیطان مع الفارق الجماعۃ یرکض کذا فی جامع الاصول یعنی مسلم نے عرفجہ سے روایت کی۔ کہا اوس نے دیکھا مین نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو منبر پر خطبہ پڑہتے۔ سو فرمایا حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے نزدیک ہے کہ میرے پیچھے بری چال پھیلیگی۔ سو جسکو دیکھو تم کہ وہ جدا ہوا جماعت سے یا وہ ارادہ رکھتا ہے تفرقہ ڈالنیکا محمد ؐ کی امت مین جو کوئی ہو مار ڈالو تم اوس کو۔

ومن ھمہ یتبین بینہما فقد وقع فی حیص وبیص- وقال ما قال **انتباہ** یہ فائدہ آیندہ
جوابون مین بھی بہت کارآمد ہوگا- اسکو یاد رکھنا چاہیئے **قولہ** جو عام مخصوص البعض
ہو اوسکی تخصیص بالاتفاق جائز ہے **اقول** اور عام دوم یعنی ما تیسر اپنے عموم پر ہے
مخصوص ہی نہین فضلا عن ان یکون بالاتفاق **قولہ** مقتدی کیواسطے بھی حنفی لوگ
کسی قدر قران کریم کا پڑھنا ضروری کہتے- **اقول** حنفیہ کرام مقتدی کو قاری کہتے ہین
دیکھو جواب چہارم کے جواب کو **قولہ** اونہون نے ایک ضعیف حدیث یا ایسی حدیث
جس مین کلام ہے **اقول** حال صحیح ہونے اسحدیث کا حدیث نوزدہم مین گزرچکا ہی
فلینظر ثمہ **قولہ** یا جس مین کلام ہے- شاید حدیث عبادہ بن صامت کی- کلام سے
خالی ہی- کیونکہ راوی اسکا محمد بن اسحاق متکلم فیہ نہین ہے- وقد مر الکلام فیہ
فافہم **قولہ** یا جسکو امام الائمہ متواتر لکھ چکا ہو **اقول** اسکا جواب اٹھارھوین جواب
میں گزارش ہوگا **قولہ** وہ اجماع کہان کب ہوا **اقول** وہ اجماع اوس زمانہ
مین ہوا- جبکہ عاجز عن القراءت کرگئی جسکو آپ بھی مانتے ہین ہوا تہا **قولہ** آیۃ مخصوص
البعض ہوگے- اور ایسا عام آپصاحبونکے نزدیک قطعی نہین **اقول** پہلے گذارش
ہوچکا ہے- کہ اس آیہ کریمہ مین دو عام ہین (۱) فاقرؤا اور (۲) ماتیسر من
القرآن- اول مخصوص البعض- دوم اپنے عموم پر ہے- مخصوص البعض نہین- مخصو
حجۃ قطعیۃ مثبت للفرض- اور اسی کا مقتضی فرضیت مطلق قراۃ ہے صاحب رسالہ
نے دونوکو خلط ملط کردیا ہے فقال ما قال **قولہ** اس عام مخصوص البعض کی تخصیص کا
کون مانع ہے **اقول** یہ تو مخصوص البعض ہی نہین- اگر ہوتا تو ہم مانع بھی بیان کردیتے
واذ لیس فلیس **قولہ** ساری اعتراض آپ پر الٹ پڑے **اقول** بنظر انصاف آپ ہی
فرمائین کہ کوئی اعتراض ہمپر وارد ہوا بفضلہ تعالی آپ پر تو واہی ہی کوئی بھی کم نہ ہوا شعر
پھرتا ہے جسیل جوادث مین کہین مردونکا موکھ- شیر سیدھا تیرتا ہے وقت رفتن آب مین

مجتہدین شافعیہ و مالکیہ کو کونسی نسبت ہوگی واللہ یعصمنا من ہذہ الاباطیل الواہیۃ
نعم اگر والاکثر کے معنے والاکثر من امۃ محمد صلی اللہ علیہ وسلم کہدیتے۔ تو البتہ
سواد اعظم مراد رکہنے کی گنجائش ہوتی۔ فالنصف **قولہ** جب ان احادیث کو احادیث
مشہورہ کہکر جیسی عینی کہتا ہے **اقول**۔ عینی ہدایہ کی شرح **ص ۱۰۷** مین
لکہتا ہے فان قلت قولہ علیہ السلام قراءۃ الامام لہ قراءۃ۔ معارض لقولہ تعالی
فاقرؤا۔ فلا یجوز ترکہ بخبر الواحد۔ قلت جعل المقتدی قاریا بقراءۃ الامام
فلا یلزم الترک۔ او نقول انہ خص منہ المقتدی الذی ادرک الامام فی الرکوع
فانہ لا یجب علیہ القراءۃ بالاجماع فیجوز الزیادۃ علیہ حینئذ بخبر الواحد انتہی
اس عبارت سے تو صاف واضح ہے کہ عینی رحمۃ اللہ علیہ حدیث قراءۃ الامام لہ قراءۃ
کو خبر واحد کہتا ہے۔ مشہور نہین کہتا۔ ہان اس عبارت کے تہوڑے سے ماقبل یہ
عبارت لکہی ہے۔ لقول العامہ وظاہر النص والاحادیث المشہورۃ۔ شاید
صاحب رسالہ اس عبارت سے عینی کیطرف مشہور کہنا اس حدیث کا منسوب کرتے ہون
حالانکہ عینی رحمۃ اللہ علیہ کی غرض اس کلام سے بہ نسبت اس حدیث کے مشہور مصطلح الاصول
نہین۔ بلکہ مشہور لغوی مراد ہے۔ کیونکہ وہ خود ہی اس کے متصل بعد مین اس حدیث
کو خبر واحد فرماتے ہین ولا یلزم التعارض فی کلامہ فیما قلنا مرتفع۔ دیکہو
عینی **قولہ** لا صلوۃ والی حدیث کو مشہور ماننے سے کونسا امر مانع ہے **اقول** اسکا
مانع عینی رحمۃ اللہ علیہ نے بیان کیا ہے۔ یعنی عدم صدق تعریف اور اگر تسلیم کرین کہ
مشہور ہی ہے۔ تو محکم نہین بلکہ محتمل معنیین ہی نفی اصل صلوۃ اور نفی فضیلت صلوۃ
مین فلا یجوز بہ الزیادۃ۔ ولانہ معارض لما روی انہ علیہ السلام قال لا صلوۃ
الا بقراءۃ فاتحۃ الکتاب او غیرہا **وروی** لا صلوۃ الا بقراءۃ ولو
بفاتحۃ الکتاب قد ذکر عنقریب **وروی** انہ علیہ السلام علم الاعرابی الصلوۃ

کیونکہ بیشک اللہ کا ہاتھہ ہی جماعۃ پر۔ اور ضرور شیطان ساتھہ ہی جدا ہونیوالی کی ٹہوکر مارتا ہوا۔ ایسا ہی جامع الاصول مین اور مشکوۃ کے باب الاعتصام مین ہی عن ابن عمر قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ان اللہ لا یجمع امتی او قال امۃ محمد علی الضلالۃ وید اللہ علی الجماعۃ ومن شذ شذ فی النار۔ رواہ الترمذی وعنہ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اتبعوا سواد الاعظم فان من شذ شذ فی النار۔ انتھی۔ اس آیۃ شریفہ اور احادیث نبویہ سی صاف ظاہر کہ اتباع سواد اعظم کا ضروری ہے۔ مومن کو اوس سی چارہ نہین۔ جو جدا ہوا اوسکی جگہ جھنم ہے۔ اور جدا ہونیوالے کے ساتھ شیطان ہی۔ واضح ہے کہ سبیل المومنین اور امتی۔ اور امۃ محمد۔ اور الجماعۃ۔ اور سواد اعظم۔ ان سبکا مرجع اور مفاد ایک ہی ہے۔ اب ہمکو اس مین زیادہ اثبات کی ضرورت نہین۔ بلکہ سبیل المومنین۔ اور امتی۔ اور امۃ محمد۔ اور سواد الاعظم۔ ان الفاظ کو اہل محاورہ اور اہل مذاق کے پیش کرتے ہین۔ اور اون سی قسمیہ پوچھتے ہین۔ کہ امت محمد۔ اور امتی۔ اور سواد الاعظم۔ ایک حصہ علماء مجتہدین شافعیہ مالکیہ کو دیکھو وہ بڑا ہی کیون نہ ہو کہتے ہین۔ یا السواد الاعظم بڑی سی بڑے حصہ امت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کو کہتے ہین ظاہرا کوئی ابجد خوان بہی یہ نہ کہیگا۔ کہ امتی۔ اور امۃ محمد۔ اور السواد الاعظم۔ ایک حصہ علماء مجتہدین شافعیہ مالکیہ کو کہتی ہین۔ دیکھو صاحب رسالہ والاکثر کے لفظ اسے سواد الاعظم سمجہی ہین۔ حالانکہ بفضلہ تعالی علما شافعیہ اور مالکیہ بھی کلھم اس سی مراد نہین۔ کما یدل علیہ قولہ والاکثر۔ اس سی بھی قطع نظر دیکھو بحر العلوم مسلم الثبوت کا شارح صفحہ ۱۵ مین لکھتا ہے۔ والاکثر من الشافعیۃ والمالکیۃ کاش اگر علماء مجتہدین شافعیہ مالکیہ کلھم ہی اسپر مجتمع ہوتے۔ تو بھی سواد الاعظم کہان تہا۔ کیونکہ مجتہدین امت محمدیہ کے تو ہزار در ہزار ہوئی ہین بھلا اونکی مقابلہ مین ان علمای

ظاہر ہے کہ زیاد جو راوی اس حدیث کا ہی اوس نے بجاے لا صلوٰۃ کے لا تجزیٔ نقلاً بالمعنے لکھا ہے ورنہ دراصل لفظ صحیح حدیث کا (کما یدل علیہ قولہ وھو الصحیح) لا صلوٰۃ ہی جبکہ لا تجزیٔ کا اصل بھی لا صلوٰۃ ہی ہوا۔ تو اب فرمائیے کہ احتمال کہان ہی۔ یا کہ یہان ہی یعنی احتمال تو قائم ہی تہا۔ مندفع ہوا۔ اور لا تجزیٔ کا جواب ہم پہلے بھی دے چکے ہین۔

فتذکر (۳) اور احتمال نفی اجزاء فضیلت صلوٰۃ کا بھی قایم ہے **قولہ** دوّم نفی ہیں نفی ذات آہ اور قولہ سیوم نفی صحت آہ **اقول** ان دو نو باتون کو صاحب رسالہ پہلے بھی بیان کر چکے ہین۔ اور وہان انکا جواب بھی بخوبی دیا گیا ہے۔ ایک بات بار بار کہنا کچھ چندان لطف کی بات نہین **سعدی** علیہ الرحمۃ کہتا ہے **شعر** چو یکبار گفتی مگو باز پس + کہ حلوا چو یکبار خوردند و بس + **قولہ** اگر وہ دلیل نہ ہوتی تو یہ معنی ہرگز نہ لیے جاتے **اقول** اگر ہم کو بھی قران کریم اور احادیث نبویہ علی صاحبہا الصلوٰۃ والتحیۃ مجبور نکرتین۔ تو ہم بھی ضرور۔ قراۃ فاتحہ کے تعیین ضروری کھدیتے۔ الا قرآن اور احادیث نے مجبور کر دیا معذور ہین

قولہ امام بخاری نے رسالہ قراۃ مین فرمایا ہے۔ وتواتر الخبر عن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لا صلوٰۃ الا بفاتحۃ الکتاب آہ **اقول** (اوّلاً) ابن صلاح نے لکھا ہے کہ خبر متواتر عزیز الوجود ہے۔ **قال** السیّد علی الجرجانی قال ابن الصلاح من سئل عن ابراز مثال لذلک ای المتواتر اعیاہ طلبہ **وحدیث** انما الاعمال لیس من ذلک **نعم** حدیث من کذب علی متعمداً الحدیث نقلہ من الصحابۃ الجم الغفیر انتہی مختصراً **وفی شرح النخبۃ** ذکر ابن الصلاح ان مثال المتواتر علی التفسیر المتقدم یعز وجودہ۔ الا ان یدعی ذلک فی حدیث من کذب علی انتہی۔ اور **نواب صدیق الحسن خان صاحب** مرحوم نے منہج الوصول مین لکھا ہے۔ کہ دعوی ابن الصلاح ثابت نیست حقیقت نیز آنکہ مراد متواتر لفظی از قول رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم متواتر نیست کہ ہیچ شبہ دران نزد ہمگنان نباشد۔ ہیچ شک نیست کہ این قسم حدیث در غایت قلت

جواب اقول کا لطف یہ کہ نفی صحت میں نفی ذات صحیح

حدیث الصلوٰۃ کی متواتر غیر ہے اور بعض

الی ان قال اللہ اکبر ثم اقرأ ما تیسر معک من القرآن انتھی ما فی العینی لختصاراً

ص۱۳ اور اسی سے جواب دوم کا بھی جواب معلوم ہوا۔ یعنی اگر تعریف مشہور مین اسحدیث کو داخل ہی کیا جاوے تو باقی امور مانع تخصیص ہین فافھم **قولہ** اول جواب تو یہہ ہے کہ ہمنے صرف مشہور ہونے پر دلیل کا مدار نہین کہا **اقول** جس دلیل پر آپ نے مدار رکھا ہی بفضلہ تعالی اوسی کا جواب موقعہ موقعہ پر تحریر ہو چکا ہے فلا نعیدہٗ **قولہ** قرآءۃ

الامام لہ قرآءۃ الی آخر ما قال بلحاظ اسی شرط کی احادیث مشہورہ ہیون **اقول** ہم کب کہتے ہین کہ یہ احادیث مشہور ہی ہین اور نہ عینی علیہ الرحمۃ انکے مشہور ہونیکا قائل ہے کما مر۔ وکلام ابن الھمام یشیر الیہ ان کی شہرت سے فایدہ ہی ہمکو کیا ہے۔ اور واحد ہونے سے کیا ضرر ہے۔ بہر نہج معمول بہ ہین۔ کیونکہ عام مخصوص البعض بدلیل قطعی کے تخصیص خبر واحد سے جب مسلم ہی۔ تو پھر انکا خبر واحد ہونا ہمین کچھ ضرر نہین کرتا۔ تا انکو ضرور مشہور مانا جاوے۔ اور اوس سے کوئی خاص فائدہ منصور ہو۔ جب کہ فی الواقع یہہ خبرین احاد ہین تو خواہ مخواہ مشہور بنائی سے رہی۔ خیر آپ اب حدیث لا صلوۃ کے مشہور بنانیکا فکر فرمائین۔ اگر قاعدہ مقررہ سے نہیں بن سکتی۔ تو بھی کوئی نہ کوی تدبیر ضرور کرنی چاہیئے۔ کہ مشہور بنجائے۔ اگر اور کچھہ نہ ہو تو صرف یہی کھدین کہ مشہور ہی۔ کوئی روک ٹوک تو ہی ہی نہین۔ جیسا کہ والاکثر علے انہ ظنی کو سواد الاعظم لکھہ دیا ہے۔ کسنی روکا ہی اللھم ارنا الحق حقا **قولہ** اول لا تجزئی کی روایت مین آپکا احتمال ہی کہان **اقول** لا تجزئی اصل روایت مین ہی کہاں زیلعی نے تخریج احادیث ہدایہ مین لکھا ہے۔ کہ اس حدیث کو دار قطنی نے روایت کیا ہے وقال اسنادہ صحیح وصححہ ابن القطان ایضاً۔ وقال زیاد احد الثقات انتھی وقال صاحب التنقیح انفرد زیاد بن دلویہ بلفظ لا تجزئ۔ ورواہ جماعۃ لا صلوۃ لمن لم یقرأ وھو الصحیح۔ وقال ابن زیاد رواہ بالمعنی انتھی انتھی۔ صاحب تنقیح کے بیان سے

صلی اللہ علیہ وسلم الذین لم یروا القرآءة خلف الامام منھم ابن مسعود و زید بن ثابت
وابن عمر انتھی ص ۳۰ عبد الرحمن ابن الصلاح لکھتا ہے۔ وحدیث انما الاعمال
بالنیات لیس من ذلک رای من المتواترة) وان نقله عدد التواتر والاکثر لان
ذلک طرء علیہ فی وسط اسنادہ انتھی یعنے حدیث انما الاعمال بھی از قسم متواتر نہین ہے
کیونکہ ابتدا مین متواتر نہیں تھی۔ وسط میں اگر متواتر ہوگئی اور شرط متواتر کی یہ ہے
کہ ابتدا۔ وسط۔ انتہا۔ اوسکا یکسان ہو۔ اِسحدیث مین یہ بات نہین **ثالثًا** ایسی ہی
حدیث جوکہ مدار صحت نماز کی ہو۔ اور صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کو خمس الاوقات اوسکے معاملہ
بھی ہو۔ باوصف حضوری اور ملازمت صحبت حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے پھر اس حدیث
اور اوس کے تواتر پر مطلع نہوں۔ (اگرچہ بعض مسائل صحابہ پر بھی مخفی رہے ہین) اس سے بڑھکر
اور کونسا مسئلہ دین کا ہے۔ جسکی کوشش اونپر ضروری تھی۔ تو معلوم ہوا۔ کہ یہ حدیث
ابتدا میں چنداں دائر نہ تھی۔ ورنہ ابن مسعود۔ زید بن ثابت۔ اور ابن عمر۔
جو کہ ملازم صحبت بابرکت تھے۔ ضرور اس کے فرضیت پر اطلاع پاتے۔ کیونکہ فرض کا معاملہ
بڑا کرا ہے۔ خصوصًا جب کہ موقوف علیہ نماز کا ہو۔ **رابعًا** جبکہ اسحدیث کی مشہور ہونے مین
علماء اعلام کو کلام ہے۔ جیسا کہ عینی وغیرہ نے کہا ہے۔ تو پھر متواتر ہونا کہاں۔ لان
کل متواتر مشہور قاله فی شرح النخبة۔ ونفی العام یستلزم نفی الخاص۔ کا
لحیوان والانسان۔ **خامسًا** اگر بقول امام بخاری رحمہ اللہ علیہ کے متواتر ہونا اسکا
تسلیم بھی کیا جاوے۔ تو بھی اپنی معنون مین محکم ہونا کجا۔ کیونکہ احتمال معنے اجزا اور نفی
فضیلت کا تو باقی ہے۔ ومع الاحتمال کیف الاستدلال **سادسًا** اگر اس سے
بھی قطع نظر کرین۔ تو بھی آیة قرآنے اور احادیث نبویہ علی صاحبہا الصلوة والتحیة کے معارض
ہی کما مر۔ الغرض باینہمہ خدشات یہ حدیث مثبت فرضیت کب ہو سکتی ہے۔ البتہ اگر مثبت
وجوب کہا جاوے۔ تو بجا ہے۔ سو اسکی حنفیہ کرام بھی قائل ہین۔ جیسا کہ کتب فقہ مین

ابن الصلاح کے قول سے تو ظاہر ہے کہ حدیث لا صلوٰۃ الا بفاتحۃ الکتاب متواتر نہین۔
اگر قول ابن الصلاح سے قطع نظر کرین۔ اور تسلیم کرین۔ کہ حدیث متواتر کثیر الوجود ہی۔ جیسا کہ
عیاض مالکی رحمۃ اللہ علیہ وغیرہ نے حدیث شفاعت۔ اور مسح علی الخفین۔ اور جزع حنانہ
وغیر ذلک کی نسبت کہا ہی۔ کہ متواتر ہین۔ الا حدیث لا صلوٰۃ کو اونہون نے بھی متواتر مین
شمار نہین کیا۔ اگر اس سے بھی قطع نظر کرکے کہیں کہ امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ
نے کہا ہے۔ کہ یہ حدیث متواتر ہے۔ تو ہم یہ کہتے ہین کہ بخاری علیہ الرحمۃ کی یہ رای ہی۔ یا روایت
ظاہر ہے۔ کہ روایت تو نہین رائی ہے۔ اور بخاری علیہ الرحمۃ امام الروایۃ ہین۔ نہ امام
الرائی۔ جبکہ صحابی کی رائے کو آپ صاحبان تسلیم نہین کرتے اور کہہ دیتے ہین۔ کہ
ہذا رای الصحابی لا روایتہ۔ والحجۃ فی روایتہ لا فی رایہ۔ دیکھو نواب
صدیق الحسن خانصاحب رحمۃ اللہ علیہ لکھتے ہین۔ الحق انہ رای
رای الصحابی) لیس بحجۃ۔ فان اللہ سبحانہ لم یبعث الی ہذہ الامۃ الا نبیا صلی اللہ
علیہ وسلم ولیس لہا الا رسول واحد وکتاب واحد وجمیع الامۃ مامورۃ باتباع
کتابہ وسنۃ نبیہ صلی اللہ علیہ وسلم۔ ولا فرق بین الصحابۃ ومن بعدہم فی ذلک انتہی۔
تو بخاری علیہ الرحمۃ کی رائے کہان **ثانیاً** شرائط اربعہ متواتر سے ایک شرط یہ ہے وُرود
ذلک عن مثلہم من الابتداء الی الانتہاء قالہ ابن حجر فی شرح النخبۃ جیسا کہ عدد رکعات
نماز۔ اور مقادیر زکوٰۃ۔ اور صلوٰۃ خمسہ۔ متواتر ہین۔ اور یہ حدیث ابتدا میں ایسی نہ تھی۔
ورنہ بہت صحابہ فرضیت فاتحہ کے منکر نہوتے۔ اور اگر وسط میں اگر تواتر عارض ہوا ہو تو وہ
معتبر نہین۔ بخاری علیہ الرحمۃ جزء قرأت میں لکھتے ہین فان احتج فقال اذا ادرک
الرکوع جازت فکما اجزاتہ فی الرکعۃ کذلک یجزیہ فی الرکعات۔ فقیل لہ
انما اجاز زید بن ثابت وابن عمر والذین لم یروا القراءۃ خلف الامام ص ۶ اور دوسری
جگہ اسی رسالہ کے لکھا ہے وقال علی ابن عبد اللہ انما اجاز ادراک الرکوع من اصحاب النبی

اور بخاری میں صرف چار ہزار ہی بلا تکرار ہے۔ باقی کو اس کتاب شریف میں داخل نہیں
کیا۔ اسلئے کہ اسمیں تو ان رواۃ کی احادیث لائی ہیں۔ جن میں شرائط ملتزمۃ الصحۃ
عندہ بدرجہ کمال اور بوجہ اتم پائے گئے ہیں۔ اور یہی وجہ ترجیح بخاری کے اور صحاح پر ہے
قال الشیخ الدہلوی ولیس کتاب یساوی صحیح البخاری فی ہذا الباب بدلیل
کمال الصفات التی اعتبرت فی الصحۃ فی رجالہ انتہی۔ **نووی لکھتا ہے**۔ بظاہر
وجہ ترک اطلاع بر علت احادیث ہی۔ فثبت ان الراجح عند التعارض ہو الاول۔ و
الثانی۔ مرجوح بلا ریب فلا یعمل بہ۔ مع ان الثانی یزاحمہ القرآن **علاوہ**
اسکے اگر یہ حدیث قابل اندراج اس کتاب کے ہوتی۔ تو امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ ضرور ہی
اسکو درج کتاب فرماتے۔ **ایک** تو اس لئے اسمیں اُم القرآن کا لفظ صراحتاً واقع تھا۔
دوم اس لئے کہ حنفیہ کے معارض صریح تھی۔ اور امام بخاری علیہ الرحمۃ کو حنفیہ کے خلاف
کی حدیث خدا دی۔ **قال العینی والبخاری** کثیرا ما یتبع لما یرد علی ابی حنیفۃ
من السنۃ فیذکر الحدیث ثم یعرض بذکرہ فیقول قال رسول اللہ صلی اللہ
علیہ وسلم کذا و کذا۔ ثم یقول وقال بعض الناس کذا ویشیر بہ الیہ ویشنع
بہ علیہ انتہی۔ پھر باوصف صراحتاً معارض ہونیکے۔ اسحدیث کو درج کتاب فرمانا۔ علت
سے خالی نہیں۔ الحاصل رجحان روایت مندرجہ کتاب بخاری) کا بہر حال ثابت ورہ بہر نہ
ہی **ثانیاً**۔ اور اُمام القرآن کی تخصیص میں وہ تمام باتیں لازم آئیں گے۔ جو کہ تخصیص
خبر واحد سے لازم آئیں تھیں **ثالثاً**۔ روایت احمد وغیرہ ہیں جو اقرأ بام القرآن ثم اقرأ
بما شئت اور اخیر مین وافعل ہذا فی صلوتک کلہا واقع ہی۔ اسکا مقتضی یہہ ہے
کہ جملہ رکعات مین فاتحہ مع سورہ کی ضروری ہو وہو کما تری سخیف **قولہ** آپ نے بخاری کے
مجمل جملہ سے عجیب استدلال کیا ہی الخ **اقول** یہ بخاری کا مجمل جملہ ایسا عجیب وغریب ہی جس کے
آگے ہزار ہا تفصیلی جملے قربان ہیں اور اس جملہ نے اپنے رجحان کے باعث ادر جملوں کو بخوبی

لکھا ہے **قال العینی** ھذا ھو العدل فی باب اعمال الاخبار ولیس من العدل ان یعمل باحدھما۔ ویھمل الاخر انتھی۔ **قولہ** استمرار اور دوام اس اختیار کا آیۃ شریفہ سے نکالنا یقینی نہیں ظنی ہے۔ **اقول** ہر اصولی ماہر یقیناً جانتا ہے کہ فاقرؤا ماتیسر کا مقتضی اختیار مطلق ہے مقید نہیں۔ اور وہ قطعی یقینی ہے ظنی نہیں فلا یرفعہ الظنی لعدم المماثلۃ او الجزئیۃ۔ **والدوامی** ایضاً قطعی و یقینی لان وجود المعلول عند وجود العلۃ قطعی و یقینی لا یتخلف عنہا۔ فلا یزاحمہ الظنی فلیتامل فانہ للاذکیاء **قولہ** پہلا جواب اس حدیث کو **بخاری** علیہ الرحمۃ نے جزو القراءۃ میں یون روایت کیا ہے۔ الی آخر ما قال زیادتی ثقہ کی مقبول ہے **اقول** حاصل جواب صاحب رسالہ کا یہ ہے کہ اس حدیث میں جو وتقرا ام القرآن آیا ہے۔ یہ زیادتی ثقہ کی ہے۔ وہ مقبول ہے۔ ام القرآن کا پڑھنا ضروری ہے۔ سو اسمین گزارش ہے **اولاً** حافظ ابن حجر عسقلانی نخبہ اور اوسکی شرح میں لکھتے ہین وزیادۃ راویھما ای الصحیح والحسن مقبولۃ۔ مالم تضع منافیۃ لروایۃ من ھو اوثق لمن لم یذکر تلک الزیادۃ۔ لان الزیادۃ اما ان تکون لا تنافی بینہما وبین روایۃ من لم یذکرھا۔ فھذہ تقبل مطلقاً لان فی حکم الحدیث المستقل الذی یتفرد بہ الثقۃ۔ ولا یرویہ عن شیخہ غیرہ۔ و اما ان تکون منافیۃ بحیث یلزم من قبولہا رد الروایۃ الاخری۔ فھذہ ھی التی یقع الترجیح بینہا وبین معارضہا فیقبل الراجح ویرد المرجوح۔ انتھی **ص ۱۸**

اس عبارت کا مفاد یہ ہے کہ زیادتی ثقہ کی اوسوقت مقبول ہی۔ جبکہ وہ منافی لمن ہو اوثق منہ کے نہو۔ اور عند التعارض راجح مقبول۔ مرجوح۔ متروک۔ مطروح۔ ہی۔ سو اب گزارش ہے۔ کہ راوی ثم اقرا ما تیسر معک من القرآن کا (جو کہ بخاری مین ہے) راجح ہی باگہ وتقرا ام القرآن (جو کہ جزو القراءۃ میں ہی) اول کو مرجوح کون کہے۔ کیونکہ امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ سے منقول ہے کہ ایک لاکھ صحیح حدیث یاد رکھتے تھے۔ **نقلہ الشیخ الدھلوی**

حتی یکون قولہ ما تیسر دالا علی ما زاد علی الفاتحۃ انتھی۔ (۲) جبکہ ما تیسر سے محمول بر ما زاد علے الفاتحہ ہو تو چاہیئے کہ فاتحہ معہ تلک الزیادۃ فرض ہو۔ و انتم لا تقولون بہ۔ **قولہ** فاتحۃ الکتاب کی حدیث زیادہ غیر معارض ہے۔ اور زیادہ ثقہ کی بالاتفاق آپ کے نزدیک مقبول ہے **اقول** زیادۃ ثقہ کی مقبول و نامقبول ہونیکا حال تو جواب اول کی نمبر (۱) سے بخوبی معلوم ہے ہو چکا ہے۔ فلا نکررہ۔ رہی یہہ بات کہ حدیث فاتحہ زیادہ غیر معارض ہے۔ (۱) تو جس حمل کا یہہ نتیجہ ہے وہ حمل ہے صحیح نہیں فکیف تکون غیر معارض (۲) بعد التسلیم اتنی تکلف سے معارضہ اس حدیث کا تو رفع ہوا۔ لا۔ قرآن کریم کا معارضہ جسکا رفع مقصود اہم تھا کسنی رفع کیا۔ وہ تو بدستور رہا۔ اوسکا بھی خیال چاہیئے تھا **قولہ** پس حدیث محتمل الوجوہ ہو گئی۔ اور محتمل حجت قطعی مُثبت فرضیت نہین **اقول** (۱) ایسی مجرد احتمالات تو سلیک غطفانی کی حدیث میں وارد ہو سکتی ہیں۔ احتمال ہے کہ یہ حکم قبل از نھی کلام در صلوۃ و عند الخطبہ ہو۔ تا اوسکی حالت مفلوکیت کے اظہار کے لئے ایسا فرمایا ہو۔ یا اوسی کی خصوصیت ہو (۲) اس حدیث شریف کا محتمل الوجوہ ہونا کچھہ ہمکو مضر نہین کیونکہ ہمارے اصحاب حنفیہ کرام نے اثبات فرضیت قرات کا مدار اس حدیث پر ہی نہین کہا تا کہ اسکی عدم قطعیت مخل مقصود نہ ہو۔ بلکہ مثبت فرضیت قرات تو آیۃ کریمہ ما تیسر من القرآن ہی اور اس حدیث کو مؤیدات سے تصور کرتے ہیں فرضاً اگر یہ حدیث نہ بھی ہوتی تو کیا فرضیت قرات ہی نہ ہوتی فلا یضرنا کونہ محتمل الوجوہ **قولہ** اس اعرابی کی حدیث حجت ہے یا نہین۔ اگر نہیں تو اثبات مطلب میں کیوں لائے **اقول** مدار اثبات مطلوب اس حدیث پر نہیں۔ فرضیت کا مدار اور چیز پر ہے۔ اور واسطے تائید اثبات مطلوب کے اس حدیث کو لائے۔ ایسا لانا ممنوع نہیں۔ **قولہ** اس حدیث میں قومہ اور رکوع اور سجود کی طمانیت کا بھی حکم ہے اوسکو آپنے کیوں چھوڑ رکھا ہے۔ اوسی فرض کیون نہین کہتے۔ **اقول**

باطل کر دیا۔ کما مر قبیل ھذا **قولہ** والحدیث یفسر بعضہ بعضًا **اقول**: پہلے صاحب رسالہ نے فرمایا کہ لفظ ام القرآن جو اس حدیث مین ہی زیادتی ثقہ کی ہی اب فرماتے ہیں کہ تفسیر ما تیسر معک کی ہے۔ کتب اصول میں لکھا ہے کہ بیان تفسیر مجمل۔ مشترک۔ مشکل۔ اور خفی کے لئے لایا جاتا ہے۔ اب ہم استفسار کرتی ہین کہ کلمہ **ما**۔ کا ان مین سے کیا ہے۔ اور اوسیر اون میں سے کس کی تعریف صادق آتی ہی۔ ہر عالم اصول کہیگا۔ کہ ان مین سے کسی کی تعریف لفظ **ما** پر صادق نہین آتی۔ عدم صدق تعریف مشترک۔ مشکل۔ تو ظاہر ہی ہی۔ رہا مجمل اور خفی۔ سو عینی نے اسکا فیصلہ ہی کر دیا ہی۔ حیث قال ولا یجوز ان یکون مفسرًا لانہ لیس فیہ ابہامًا ومن قال ان کلمۃ ما مجملۃ فقد ابعد جدًا لانہ لا یصدق علیہ حد الاجمال کما ذکرناہ عنقریب انتھی مختصرًا۔ پوری عبارت عینی رحمہ اللہ کی بخوف طوالت ذکر نہین کی گئی۔ من شاء فلینظرہ **قولہ** دوسرا جواب آہ **اقول** اسکا جواب اول جواب کے نمبر۳ مین گزر چکا ہے فلا نعیدہٗ **قولہ** تیسرا جواب آہ **اقول** وہان کے جملہ جوابات پھر یہاں بھی سمجھ لیجئے۔ **قولہ** ظنی کی تخصیص ظنی سے ممنوع نہیں۔ **اقول** درست ہی ظنی کی تخصیص ظنی سی ممنوع نہین۔ جائز ہے لٰکن اس تخصیص سے مخصوص بیکار ہو گیا۔ یعنی جب کہ ما تیسر معک من القرآن سی فاتحہ بخصوصہا مراد ہوئی۔ تو وہ بھی معارض قرآن ہو گیا۔ مطابقت حاصلہ اوسکی بھی جاتی رہی۔ اور قبل از تخصیص اوسمیں یہ بات موجود تھی۔ **قولہ** اس حدیث میں ما تیسر سی وہ قران مراد ہے جو فاتحہ کے سوا ہو۔ **اقول** (۱) ما تیسر سی مراد ماسوا فاتحہ کے لینا ظاہر کا سخت خلاف ہے۔ اسلئے کہ اس حدیث میں فاتحہ کا ذکر ہی کہاں ہے تا کہ ما تیسر کو حمل بر ما زاد علی الفاتحہ کے کیا جاوے۔ **قال العینی فی شرح البخاری** ولما حملہ علی ما زاد علی الفاتحۃ۔ فمن این یدل ظاہر الحدیث علی الفاتحۃ

بقیۃ الواجبات فی الصلوٰۃ کالنیۃ والقعود فی التشھد الاخیر - لانہ

کان معلوماً عندہ - اولعل الراوے - اختصر ذلک انتھی (۲) راقم سطور

کہتا ہے - کہ حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے اعرابی کو فرائض داخلیہ یعنے ارکان نماز

کے تمامہا تعلیم فرمائے - اون میں سے کسیکو ترک نہیں فرمایا - اگرچہ

بعض خارجیہ کو بہی بمقتضائے وقت اولغرض تعلیمہ صلی اللہ علیہ وسلم ارشاد فرمایا

اس لیے نیت اور قعدہ اخیرہ ہی ذکر نہ فرمایا - نیت کا خارج از ارکان ہونا تو

ظاہر ہی ہے قعدہ اخیرہ ہی ارکان میں داخل نہیں قال العینی فی شرح

الھدایۃ ذکر فی الایضاح اما القعدۃ الاخیرۃ فمن جملۃ الفروض و

لیست من الارکان لان رکن الشئ ما یفسر بہ ذلک الشئ و تفسیر الصلوٰۃ

لایقع بالقعدۃ - وانما یقع بالقیام والقراءۃ والرکوع والسجود انتھی و

قال ابن الھمام فی شرح الھدایۃ - و اعلم ان القعدۃ فرض غیر رکن لعدم

توقف الماھیۃ علیہا شرعاً - لان من حلف لا یصلی یحنث بالرفع من السجود

دون توقف علی القعدۃ فعلم انہا شرعت للخروج وھذا لان الصلوٰۃ افعال

وضعت للتعظیم ولیس القعود کذلک بخلاف ما سواہ انتھی ص۱۱۲ **قولہ**

پس اسیطرح فرضیت فاتحہ بھی کسی اور دلیل سے ثابت ہے **اقول** اگرچہ یہ بات

مسلم ہے کہ فرائض کے حصر اس حدیث میں نہیں اور اور دلائل سے ثابت ہیں - مگر

فاتحہ کہ اسکی فرضیت کی دلیل ہنوز معلوم نہیں ہوئی - اور جو دلیل فرضیت فاتحہ

کی صاحب رسالہ نے بیان فرمای ہے وہ ظنی مدخول فیہ ہے - جیساکہ تفصیلی

جوابوں سے سابق میں معلوم ہوچکا ہے فتذکرہ - فلا یضرنا ھذا الکلام

قولہ عینی نے اسی حدیث سے استدلال پکڑا ہے اور امام نووی پر تین اعتراض

جماتے ہیں **الاعتراض الاول** ان ارکان (الفاتحۃ) فرضاً لامر النبی صلی

(۱) اسی حدیث مین بیچ کے قعدی اور اوس مین التحیات پڑہنی اور فخذ یسرے پر بیٹہنے
کے لئے ہی فرمایا ہے۔ جیساکہ ابو داؤد مین رفاعہ بن رافع کی روایت مین ہے۔ فاذا
جلست فی الصلوٰۃ فاطمئن وافترش فخذك الیسری ثم تشهد الحدیث ص ۱۲۶
اور اسی حدیث مین وضع الکفین علی الرکبتین فی الرکوع کے لئے ہی فرمایا۔ جیساکہ
رفاعہ کی دوسری روایت مین ابو داؤد نے روایت کیا ہے واذا رکعت فضع راحتیك
علی رکبتیك الحدیث ص ایضًا اور اس مین فاتحہ کے بعد سورہ پڑہنے کیواسطے بہی
فرمایا۔ کما ھو فی روایة احمد ثم اقرأ بام القرآن ثم اقرأ بما شئت الحدیث وافعل
ذلك فی صلوتك کلها۔ تو اکثر روایتون مین وارد ہے۔ اور بعض روایت اس حدیث
مین ثنا۔ اور جلسۂ استراحت بہی آیا ہے۔ یہ مذکورہ امور بہی اس حدیث مین وارد ہین
تو پھر آپ انکو کیوں فرض نہین کہتے۔ آن کے فرض ہونیسے کیون منکر ہین۔ اور صاحب
ایقاظ کو بہی آپ فرماوین۔ امر کا اعجب من العجائب واغرب من الغرائب۔ یا
ابا العجائب اخذت شیئا وترکت شیئا حفظت بعضًا ونسیت بعضا۔ نصحت
غیرك ونسیت نفسك وصرت مصداقا لقوله تعالی شانه۔ لم تقولون ما لا
تفعلون۔ پس جو جواب ان امور سے آپ دینگے وہی ہماری طرف سے بھی تصور فرماوین (۲)
روی البخاری بسندہ عن ابن عمران رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نھی
یوم خیبر عن اکل الثوم وعن لحوم الحمر الاھلیة ص ۶۰۶ اس حدیث مین بہی حضرت
صلی اللہ علیہ وسلم نے لہسن اور حمر اہلیہ کے لئے نہی فرمایا ہے۔ پہر دونوں کو حرام کیوں
نہیں کہتے۔ جو جواب آپ دینگے وہی جواب اسکا بھی سمجہین قوله کیونکہ اس حدیث
مین مذکور نہیں اقول (۱) نووی نے شرح صحیح مسلم مین اسکا جواب
یون دیا ہے۔ لان الواجبات الثلثة المذکورة کانت معلومة عند السائل فلم یحتج
الی بیانها انتهی۔ اور قسطلانی بخاری کی شرح مین لکھتا ہے آنما لم یذکر له علیه السلام

ماروی البخاری فی جزء القراءة فهو مرجوح متروک کما مر تحقیقه ۔ فصار کانه لم یأمره لان وجوده کالعدم فثبت اذ لو کانت الفاتحة فرضا الخ **واما ثالثا** لو کانت هذا الروایة علی شرط البخاری رحمه الله لا ورده فی کتابه الشریف لانها کانت صریحة فی وجوب ام القران فلا تزاحم ما فی الکتاب **قوله واما ثانیا** الی اخر ما قال لان المقام مقام التعلیم **اقول** اما اولا فقد کان ذلک معلوما له علی ما قاله النووی والقسطلانی ۔ فتعلیمه یکون تحصیلا للحاصل واما ثانیا فانه صلی الله علیه وسلم کان بصدد تعلیم الارکان والقعدة الاخیرة لیست برکن للصلوة علی ما اشرنا فلا یضرنا عدم ذکرها **قوله** فان قلت الخ **اقول** لا حاجة لنا الی لیت ولعل وای داع یدعو الی ارتکاب هذه التکلیفات الباردة وعدم ذکر القعدة لا یخل بالمقصود لما سبق **قوله** اما ثالثا **اقول** اما اولا ۔ فقد کان عالما بها علی اختیار النووی والقسطلانی واما ثانیا فلما ذکرنا فی القعدة الاخیرة لان النیة ایضا لیست برکن للصلوة فلا حرج فی عدم تعلیمه النیة علی اختیار اصحابنا **قوله** اما رابعا ففی روایة البخاری الی اخر ما قال فلابد عندک ان تکون هذه الاشیاء فرائض آه **اقول** غرضه رحمه الله انه صلی الله علیه وسلم علمه فی هذا الحدیث المذکور فی البخاری ۔ ارکان الصلوة کلها وما ترک منها شیئا فلو کانت الفاتحة رکنا لعلمه لان المقام مقام التعلیم **لا** ان جمیع ما علمه فهو رکن فاندفع ما قیل علیه **قوله** جاء فی روایة ابی داؤد فان کان معک قران فاقرأ والا فاحمد الله وکبره وهلله الخ **اقول** قال النووی فی شرح البخاری ۔ اما حدیث ما تیسر معک من القران فمحمول علی من عجز عن الفاتحة انتهی ۔ یعنی من عجز عن قراءة الفاتحة ونقیله علی ما سواها ۔ من القران ۔ فله ان یقرأ ما تیسر من القران ومدلول کلامه صلی الله علیه وسلم فی روایة

اللہ علیہ وسلم لان المقام مقام التعلیم **اقول** عینی علیہ الرحمۃ نے بخاری کی شرح میں یہہ عبارت لکھی ہے۔ قولہ ما تیسر معک من القران یدل علی ان الفرض مطلق القراءۃ وھو حجۃ واضحۃ للحنفیۃ علی عدم فرضیۃ القراءۃ الفاتحۃ۔ اذ لو کانت فرضاً لامرہ النبی صلی اللہ علیہ وسلم لان المقام مقام التعلیم والبیان انتھی۔ آپ فرمائے کہ اس عبارت میں کونسا جملہ دال ہے۔ کہ عینی نے۔ نووی پر اعتراض جمایا ہے۔ بلکہ یہہ کلام نصاً صریحاً اسپر دال ہے۔ کہ عینی نے فاقرؤا ما تیسر معک من القران کا مدلول بیان فرمایا ہے نہ کہ اعتراض جمایا ہے کما فہمہ صاحب الرسالۃ خیر ہمنے فرضاً تسلیم کیا کہ اعتراض ہی ہے۔ نووی پر نہ سہی کسی اور پر ہی سہی۔ تو بھی غرض عینی رحمہ اللہ کی یہہ ہے۔ کہ یہ جملہ اسحدیث کا جو بخاری شریف مین مرجح معمول بہ واقعہ ہے۔ نہ وہ جملہ بخاری کا جو جزء القراءۃ یعنی ام القران مرجوح متروک ہے کما مر منا التحقیق قبل ذلک) اوسکا مدلول صریح عموم ہے۔ نہ خصوص۔ فھذا الکلام حق لا سترۃ فی ذلک لان ظاھر ھذہ الروایۃ التی وقعت فی البخاری تدل علی العموم لا علی الخصوص فلا یرد ما اورد علیہ۔ دیکھو نووی کہتا ہے۔ فھذا الحدیث مشتمل علی فوائد کثیرۃ۔ ولیعلم اولا انہ محمول علی بیان الواجبات دون السنن انتھی۔ تو غرض نووی رحمہ اللہ کی یہی ہے کہ اس حدیث مذکور فی المسلم کا یہ حال ہے ورنہ اگر اسکی جملہ طرق کا لحاظ کیا جاوے تو یہ کلام نوویکا کب صحیح ہے کیونکہ اسحدیث کے طرق مین تو سنن بلکہ آداب بھی مذکور ہین کما لا یخفی علی ناظریہا وقد مر قبیل ذلک ما یلوح منہ ھذا **قولہ** والجواب اما اولا فلامرہ النبی صلی اللہ علیہ وسلم کما رأیت فی روایۃ البخاری **اقول** اما اولا فانہ رحمہ اللہ علیہ فی صدد بیان مدلول ھذہ الروایۃ التی وقعت فی البخاری بقرینۃ قولہ قولہ ما تیسر معک من القران یدل علی الخ۔ لا ما وقع فی کذا کذا **واما ثانیاً**

الانصاف ما اتی المجیب فی رد ھذا الاعتراض بشئ یعتد بہ ویعتمد علیہ۔
فائدۃ لطیفۃ واعتراض العینی علی النووی اعتراضاً رابعاً وما حاله حوله صاحب الرسالة والوجه لدیه۔ وھو ھذا قال النووی اما حدیث ما تیسر محمول علی مازاد علی الفاتحة بعدھا انتہی ملتقطاً۔ قال العینی واما قوله علی مازاد علی الفاتحة بعدھا۔ فمن این یدل ظاہر الحدیث علی الفاتحة حتی یکون قوله ما تیسر الا علی مازاد علی الفاتحة۔ **ومع ھذا** اذا کان ماموراً بما زاد علی الفاتحة یجب ان تکون تلک الزیادۃ ایضاً فرضاً مثل الفاتحة ولم یقل بہ الشافعی رحمہ اللہ انتہی ملتقطاً **قوله** یہ حدیث جعفر بن میمون سے روایت ہے۔ اور وہ ثقہ نہیں **اقول (۱)** **تقریب التہذیب** میں لکھا ہے جعفر بن میمون التیمی صدوق یخطی من السادسة انتہی۔ اور **میزان الاعتدال** میں ہے جعفر بن میمون قال مرۃ صالح الحدیث۔ وقال الدارقطنی یعتبر بہ وقال ابن عدی لم ار حدیثہ منکراً انتہی بحذف البعض۔ اگرچہ جعفر بن میمون میں بعض ثقات کی کلام ہے الا بہ کلام بہ نسبت محمد بن اسحاق کے کلام کے نہایت ہی کمتر ہے۔ **یحییٰ بن قطان** کہتا ہے اشہد ان محمد بن اسحاق کذاب اور سلیمان تیمی نے بھی ایسا ہی کہا ہے۔ اور حضرت امام مالک رحمۃ اللہ علیہ نے اوسکو دجال من الدجاجلہ فرمایا ہے۔ دیکھو **میزان الاعتدال** جبکہ اوسکی حدیث کو آپ بلا دغدغہ قبول فرماتے ہیں تو پھر اس میں کیا تامل ہے علی انہ قد ضعفہ احمد وجماعة کما ذکرہ العلامة الزیلعی (۲) جعفر بن میمون کے طریق میں کلام ہی سہی۔ اس طریق کے سوا اس حدیث کا اور بھی طریق ہے۔ جس میں جعفر بن میمون نہیں **روی الطبرانی** نے فی معجمہ الاوسط من حدیث ابراھیم بن طہمان عن الحجاج بن ارطاۃ عن

ابی داؤد۔ ان کان معک قرآن فاتحۃ کانت او غیرھا فاقرأ و ان لم تعلمہ مطلقا
او عجزت عنہ فاحمد اللہ الحدیث فاین ھذا من ذلک آو نقول مدلول کلام
النووی ان من عجز عن الفاتحۃ و یقدر علی ما سواھا۔ و مدلول کلامہ صلی
اللہ علیہ وسلم ان من عجز عن القرآن فھل جازت صلوتہ۔ فلیت شعری
ما حملہ علی ھذا الحمل و کیف قال ان الحمل صحیح مع ان بین الکلامین
بعد بمراحل۔ فثبت ان قول العینی فحمل غیر صحیح صحیح لانہ لیس فی الحدیث شئ
یدل علیہ۔ فلیتامل الناظر فی ذلک و لینصف **قولہ۔ الاعتراض
الثالث الخ اقول** قال علیہ السلام للاعرابی۔ اذا قمت الی الصلوٰۃ
فکبر ثم اقرأ ما تیسر معک من القرآن الحدیث رواہ البخاری۔ قال النووی
فی شرح ھذا الحدیث۔ اما حدیث ما تیسر فمحمول علی الفاتحۃ فانھا متیسرۃ
انتھی۔ یعنی بہ ان ما تیسر من القرآن ھو الفاتحۃ لا غیر قال العینی ھذہ
تمشیۃ لمذھبہ بالتحکم۔ و کل ھذا خارج عن معنی کلام الشارع اما قولہ
فالفاتحۃ میسرۃ فلا یدل علیہ ترکیب الکلام اصلا لان ظاھرہ یتناول
الفاتحۃ و غیرھا مما یطلق علیہ اسم القرآن۔ و سورۃ الاخلاص اکثر
تیسیرا من الفاتحۃ فما معنی تعیین الفاتحۃ فی التیسیر و ھذا تحکم بلا دلیل
انتھی مختصرا **قولہ** الواجب و الفرض فی العمل سواء و انکار التیسیر بعد
اختیار الوجوب او الفرضیۃ تحکم **اقول** کلام العینی ناظر الی ان الحکم
بحصر تیسیر من القرآن فی الفاتحۃ تحکم لا یدل علیہ ترکیب کلام الشارع اصلا
لان مدلولہ الصریح یتناول الفاتحۃ و غیرھا مما یطلق علیہ اسم القرآن فما معنی
قولہ ان ما تیسر ھو الفاتحۃ لا غیر فھل ھذا الا تحکم بلا دلیل۔ و اختیار الوجوب
و الفرضیۃ لا مدخل لہ فی التیسیر فثبت ان قول المعترض تحکم۔ تحکم بلا دلیل بل

نے اس قاعدہ کی تفصیل ملاحظہ نہین فرمائی - ورنہ یہ اعتراض نہ کرتے **قوله**
القرآن معرف باللام ہے اور حنفیہ کے اس اصل کو الف لام مین عہد اصل ہے
اقول اولا عند العلماء مشہور یہ ہے - کہ لام چار قسم پر ہین تقسیم ہین **اللام**
بالاجماع لتعریف مدخولها فاما ان یشار بها الی الحقیقة من حیث هی هی من غیر
نظر الی الافراد - فهی لام الجنس - واما ان یشار بها الی حصة معنیة من الحقیقة
فهی لام العهد الخارجی - او الی حصة غیر معنیة من الحقیقة - وهی لام العهد
الذهنی - او الی جمیع افرادہ الحقیقة فهی لام الاستغراق - فالاول مثل
الرجل خیر من المرأة - والثانی مثل جاءنی رجل فقال الرجل کذا - والثالث
مثل ادخل السوق - والرابع مثل الانسان لفی خسر الا الذین امنوا وعملوا
الصلحت - هذہ خلاصة ما فی التلویح اور الف لام کی اقتضا عموم میں علماء کے
تین مذہب ہین **الاول** اذا کان هناك معهود حملت علی العهد فان لم
یکن حملت علی الاستغراق والیه ذهب جمهور اهل العلم **والثانی**
انها تحمل علی الاستغراق الا ان یقوم دلیل علی العهد **والثالث** انها
تحمل عند فقد العهد علی الجنس عن غیر استغراق اب استفسار طلب یہ امر
ہے - کہ القرآن میں عہد ذہنی ہے یا خارجی - اگر ذہنی ہے تو ذہنی کا مشار الیہ الحصہ
غیر معین ہوتا ہے کما مر لہذا اسکو حکما نکرہ کہتے ہیں - پس اس تقدیر پر معنی
آیت کے یہ ہوے - جبکہ کوئی حصہ قرآن کریم کا (فاتحہ ہو یا اوس کے سوا) پڑھا جاوے
تو اوسکو سنو - اور چپکی رہو - کچھ نہ پڑھو - اور حدیث شریف کا مضمون یہ ہے
کہ فاتحۃ الکتاب پڑہو - چپ نہ رہو - پھر تطبیق سہل کیونکر ہوئی - **الحاصل**
اس تقدیر پر معنی آیت کے توصیح الا تطبیق سہل نہیں **ھان** وہ تطبیق جو کہ جابر
رضی اللہ عنہ نے دی ہی البتہ وہ سہل ہے - یعنے لا صلوۃ الا بفاتحۃ الکتاب

عبد الکریم عن ابی عثمان عن ابی هریرة قال امرنی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ان انادی فی اهل المدینة ان لا صلوٰة الا بقراءة ولو بفاتحة الکتاب انتهی ذکره الزیلعی فی تخریج احادیث الهدایة - اور اس حدیث کا اور بھی طریق ہے اخرج ابو محمد الحارثی فی مسنده - وابن عدی - لکن اس طریق کو زیلعی نے کہا ہی کہ ضعیف ہے - (۳) جعفر بن میمون کا طریق ضعیف ہی سہی - الا چونکہ اوسکی مؤید قرآن - اور حدیث فاقرؤا ما تیسر من القرآن ہے پس جبر ضعف کا ہوا **قوله** آپکی روایت اس روایت سے کسطرح بڑہ کر نہیں **اقول** اس روایت میں بھی وہی جعفر بن میمون موجود ہے - پہر اس روایت کو کسطرح ترجیح اور فوقیت ہی - **روے** ابوداؤد حدثنا ابن بشار اخبرنا یحیی اخبرنا جعفر عن ابی عثمان عن ابی هریرة قال امرنی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ان انادی انہ لا صلوٰة الحدیث انتهی **قوله** یہ حدیث احادیث مصرح بفرضیت کا مقابلہ ہی کب کر سکتی ہے **اقول** (۱) وہ احادیث مصرح ہی کہاں ہین - اور جو بیان ہوئی ہین وہ مثبت فرضیت نہیں - جیسی جابجا معلوم ہوچکا ہے (۲) اگر یہ حدیث تن تنہا ہی ہوتی تو شاید - جبکہ اس کے مؤید اور معاضد اور احادیث صحاح اور قرآن موجود ہے - تو پہر مقابلہ نہ کرنے کی کیا وجہ - **قوله** ابوہریرہ کا فتوی اسکے خلاف ہے - الی آخر ما قال آپ کی اصول میں وہ روایت حجت نہیں رہتی **اقول** یہ قاعدہ ہمارے اصول میں اسطرح ہی وان عمل الراوی بخلاف ما روی قبل الروایة لا یجرح بجواز انہ کان مذهبه ... بالحدیث وکذا اذا لم یعلم التاریخ لانہ حجة بیقین فلا تسقط بالشک تلویح وتوضیح ص ۳۱۶ اب آپ ہی تاریخ بیان فرما دیجیے یقینی نہین تو ظنی ہی سہی - پہر ہمارا عمل اور ہماری اصول کا قاعدہ کیونکر ٹوٹا - اور یہ حدیث ہماری اصولی قاعدہ کے موجب قابل عمل ہی رہی **صاحب رسالہ**

وایضًا ولقد یسرنا القرآن للذکر وایضًا الرحمٰن علّم القرآن۔
وایضًا اذا قرأت القرآن فاستعذ باللہ وایضًا ان ھذا القرآن
یھدی للتی ھی اقوم وغیرہ انکے ماسوا کثیرًا من المواضع میں القرآن کا لفظ
معرف باللام واقع ہے ولا معنی العھد فی ھذہ المواضع کما لایخفی **قولہ**
امر بالشئ اسکی ضد کی نہی کا مُستلزم نہیں دیکھو اپنا اصول **اقول** حسب الحکم
ہمنے فواتح الرحموت شرح مسلم الثبوت دیکھی تو اوس میں یہ فال کھلی **مسئلہ**
وجوب الشئ یتضمن حرمۃ ضدہ وقیل الامر بالشئ یقتضی کراھۃ ضدہ
وقیل الامر بالشئ نفس النھی عن ضدہ وقیل لیس الامر نھیًا عن الضد
ولا متضمنًا لہ عقلا وعلیہ المعتزلۃ وعامۃ الشافعیۃ انتھی مختصرًا۔
پہر نور الانوار تو اوسمیں یہ عبارت پائی قیل الامر بالشئ یقتضی النھی عن
ضدہ والنھی عن الشئ یکون امرا بضدہ فیدل الامر علی تحریم ضدہ
والنھی علی وجوب ضدہ۔ فان کان لہ ضد واحد فیھا وان کانت لہ
اضداد کثیرۃ ففی الامر یحرم اضدادہ۔ وفی النھی یکفی لہ الاتیان بواحد
من الاضداد غیر معین۔ وھذا ھو مختار الجصاص۔ وعندنا الامر بالشئ
یقتضی کراھۃ ضدہ انتھی مختصرًا۔ ازان بعد حصول المامول کو دیکھا
اوسمیں صاف ہی ہے ذھب الجمھور من اھل الاصول ومن الحنفیۃ والشافعیۃ
والمحدثین الی ان الشئ المعین اذا امر بہ کان ذلک الامر بہ نھیًا عن الشئ
المعین المضاد لہ۔ سواء کان ضدًا واحدًا او کان الضد متعددًا الی اخر
ما قال۔ وقال الرازی۔ والقاضی ابوزید۔ والصیرفی۔ وصدر الاسلام
واتباعھم من المتاخرین۔ الامر یقتضی کراھۃ ضدہ ولو کان ایجابًا انتھی
مختصرًا وملتقطًا اور تلویح وغیرہ کے عبارات نقل نہیں کیگئی۔ خوفًا للاطناب

اذا کان وحدہ ذکرہ الترمذی یعنی یہہ حدیث منفرد کے لئے ہی مقتدی کی لئی نہین
اور آیت کریمہ اذا قرئ القران فاستمعوا لہ وانصتوا لعلکم ترحمون مقتدی کیواسطہ
ہے۔ یہ تطبیق آسان اور سہل ہے۔ علاوہ ازان صحابی جلیل القدر۔ لغت دان۔
محاورہ شناس۔ عالم النصوص۔ مصاحب الصحبت۔ کی ہی۔ اوریہی مختار
حنفیہ کرام کا ہے۔ اور اگر عہد خارجی تو مشارٌ الیہ خارجی کا ایکحصہ معینہ حقیقت
کا ہوتا ہے اور وہ مسبوق الذکر ہی ہونا چاہیئے **کقولہ تعالی** فارسلنا الی
فرعون رسولًا۔ فعصی فرعون الرسول **و** کقول القائل جاء رجل فالرجل
کذا۔ پہر یہاں کونسا حصہ خاص قرآن کا مسبوق الذکر ہے۔ کہ وقت پڑہنے قرآن
کے بخصوصہا اوسی کا سُننا فرض ہے۔ اور کونسا قرینہ اوس خاص حصہ کی
تقرر پر دال ہے۔ اسکی علاوہ۔ اس تقدیر پر معنی آیت کے یہ ہوئے۔ جبکہ ایک خاص
حصہ یعنی فلان آیت۔ یا فلان سورت۔ قرآن کریم کی پڑہی جاوے تو اوسکو سنو۔ کہ
اوسی کا سننا وقت قرات قران کی فرض ہی۔ اور فلان آیت یا فلان سورۃ۔ جبکہ
پڑہی جاوے۔ تو تمہیں اختیار ہے۔ سنو یا نہ سنو۔ فرض نہیں وھو کما
تری سخیف جدًا۔ لا یقول بہ احد ولا تقتضیہ الآیۃ **ثانیا** القران کا لفظ معرف
باللام۔ کتاب کریم میں بہت جگہہ واقع ہے۔ حسب تجویز مؤلف رسالہ کے وہان بہی
عہد ہونا چاہیے۔ وھو بمراحل بعید عن التحقیق۔ وایضًا لا یستقیم المعنی
کما لا یخفی علی من لہ قلب سلیم۔ قال عز من قائل ولقد صرفنا فی ھذا
القران **وایضًا** ما انزلنا علیک القران لتشقی **وایضًا** طسٓ تلک
آیات القران وکتاب المبین **وایضًا** ان الذی فرض علیک القران لرادک
الی معاد **وایضًا** یسٓ۔ والقران الحکیم **وایضًا** ولقد ضربنا للناس فی
ھذا القران من کل مثل لعلھم یتذکرون **وایضًا** قٓ۔ والقران المجید

تو پھر ظنیت کہاں سے آگئی۔ پس اب آیۃ کریمہ اپنی عموم پر ہی مخصوص نہیں فلا یجوز تخصیصہ بالظنی **قولہ** یہ آیۃ اپنے اطلاق عموم پر بالکل نہیں الی آخر ماقال تخصیص خبر واحد سے ممنوع نہ ہوگی **اقول** قبل از جواب تین مسئلوں کا بیان کرنا ضروریات سے ہے۔ تاکہ مسئلہ تخصیص کی حقیقت پوری پوری معلوم ہو۔

مسئلہ اول تخصیص مصطلح کی تعریف والتخصیص فی الاصطلاح ھو قصر العام علی بعض مسمیاتہ بکلام مستقل موصول۔ فان لم یکن کلاما۔ بان کان عقلا او حسا او عادۃ او نحوہ لم یکن تخصیصا اصطلاحا ولم یصر ظنیا۔ وکذا ان لم یکن مستقلا بل کان بغایۃ او شرط او استثناء او صفۃ وسیجئ تفاصیلھا۔ وکذا ان لم یکن موصولا بل کان متراخیا لا یسمی تخصیصا بل یسمی نسخا انتھی نور الانوار مزینہ۔

مسئلہ ثانیہ مخصص کی تاخیر جائز ہے یا نہ۔ **مسلم الثبوت** میں لکھا ہے لا یجوز تاخیر المخصص عند الحنفیۃ۔ خلافا للشافعیہ۔ وفی موضع اخر منہ۔ والحق ان المتراخی ناسخ اولا کان او ثانیا انتھی۔ اور **تلویح** میں ہے و مذھبنا فی المتاخر انہ نسخ لا تخصیص انتھی

مسئلہ ثالثہ عام وضعاً اپنے جملہ افراد کو مستغرق ہے۔ اور جن افرادوں کو متناول ہے اون افراد میں اوسکا حکم قطعی ہے۔ تو تخصیص عام جبتک کہ قطعی کے ساتھہ نہ ہولے ظنی (یعنی خبر واحد وقیاس) سے جائز نہیں۔ کیونکہ جب عام اپنے جملہ افراد کو من حیث الوضع مستغرق ہے۔ تو بعض پر اطلاق کرنا یا اطلاق علی الکل علی الجزو یا تسمیۃ الجزو باسم الکل کے قبیلہ سے ہے۔ پس احتمال تخصیص عام میں ایسا ہی جیسا کہ احتمال مجاز حقیقت میں ہے۔ اور ظاہر ہے کہ احتمال مجاز قطعیہ معنی حقیقی کو مضر نہیں۔ جبتک کہ کوئی قرینہ صارفہ عن الحقیقۃ نہو **فی التوضیح** وعندنا ھو قطعی

اب گزارش ہی - کہ ہماری اصول میں تو یہی لکھا ہے - امر بالشی مستلزم نفی ضدہ اوکراہتہ ضدہ کا ہے آپنے کہان سے اسکی نفی کا التزام فرمایا - کسی کتاب مین لکھا پایا - یا سناسنایا ہے الزام لگایا - پس مطلق قرارت یا قرارت فاتحہ کی نہی یا کراہتہ واسطے مقتدی کے اس آیۂ شریفہ سے ثابت ہوئی **قولہ** استماع کی تخصیص جہری نمازون کے ساتھ اور انصات کی سریہ کے ساتھ مستلزم ظنیت عموم ہے

اقول - تفسیر کبیر مین ہی - الانصات السکوت و الاستماع - یقال نصت و انصت و انتصت بمعنی واحد انتھی اور **فتح القدیر** میں ہی الانصات لا یخص الجھریۃ لانہ عدم الکلام لکن قیل ان السکوت للاستماع لا مطلقا وحاصل الاستدلال بالایۃ ان المطلوب امران الاستماع - والسکوت - فیعمل بکل منھما والاول یخص الجھریۃ والثانی لا - فیجری علی اطلاقہ فیجب السکوت عند القرأت مطلقا وھذا بناء علی ان ورود الایۃ فی القرأت فی الصلوۃ وھو کذلک الخ **حاصل ترجمہ** چپکے رہنا نمازوں جہریہ کی ساتھ مخصوص نہیں - کیونکہ انصات کے معنے نکرنا کلام کا ہے - اور کسی کا کہنا کہ چپکے رہنا واسطے سماع قرآن کہ ہی - پس سریہ میں سکوت آیت سی ثابت نہوئی - تو اوسکا جواب یہ ہے - کہ آیت مشتمل دو حکموں پر ہی - اول استماع قرآن دوم چپکے رہنا - فاستمعوا مخصوص بجہریہ ہے - وانصتوا جہریہ سریہ دونون کو شامل ہے - پس مقتدی کو چپکے رہنا نماز جہریہ اور سریہ میں لازم ہوا - اور یہہ دلیل اسپر مبنی ہی کہ ورود اس آیۃ کا درباب قرات فی الصلوۃ ہو - سو یہہ امر ایسا ہی ہے **الی آخرہ** اب گزارش ہی اول تو کلام صاحب رسالہ کے ماذکر کے خلاف ہی - خیر اس سی قطع نظر مقصود اس کلام سی یہہ ہے کہ فاستمعوا اپنے معنے موضوع لہ میں (یعنی جب قرآن جہراً پڑہا جاوی تو سنو) مستعمل ہی

پس عام جو ثبوت (وقتیکہ) اپنے افراد کو قطعاً اور یقیناً شامل ہے۔ اور متناول ہے۔ جبتک کہ کسی قطعی دلیل سے مخصوص ہو۔ اوسکی تخصیص خبر واحد سے۔ جو ظنی ہے جائز نہیں اسلئے کہ جسکو قطعی متناول قطعاً اور یقیناً ہے اوسکا ابطال ظنی سے کب جائز ہے اور **طرفہ** یہ ہے کہ لاصلوٰۃ الا بفاتحۃ الکتاب میں احتمال نفی فضیلت اور اجزا کا ناشی از دلیل موجود و قایم ہے۔ پھر اسکو تو بلا دغدغہ قطعی مثبت فرضیت مان لیا۔ ظنیت نے یہاں کچھہ اثر ہی پیدا نکیا۔ اس تفصیلی جواب سے **صاحب رسالہ** کی آیندہ جواب بھی بہت مستر د ہو گئے **فاحفظہ فانہ ینفعک** **علاوہ** اسکے مشرق میں پڑہے۔ تو مغرب والونکو سننا اور چپ رہنا کھنا مقتضے **فاستمعوا** کا اسکی رد کیلئے کافی ہے کیونکہ **فاستمعوا** کا مقتضی مقتضی ہے۔ کہ چپ رہنا اون لوگونکے لئے ضروری ہے۔ جو کہ استماع کرسکیں۔ مشرق میں پڑہنے سے مغرب والی استماع نہیں کرسکتی **صاحب** رسالہ نے **فاستمعوا** کے لفظ کیطرف خیال نفرما کے مونہہ آئی بات کھدے۔ گو کہ لفظ مقتضی ہو یا نہو **قولہ** آیت عام ہے اور عام کی تخصیص سنت ثابتہ سے صحابہ کرام نے جائز رکھی ہے **اقول** سنت ثابتہ یعنی قطعیہ مشہورہ اور متواترہ سے صحابہ کرام نے تخصیص جائز رکھی ہے۔ **وھذا ھو مذھب اصحابنا الحنفیۃ الکرام**۔ اور سنت ظنیہ سے جائز نہیں **فلا یضرنا ھذا المقال** **قولہ** تخصیص خبر واحد سے صحابہ کا معمول تہا **اقول** جن صحابے نے خبر واحد سے تخصیص جائز رکھی ہے۔ اوسکا نام او وہ حدیث سیدان میں لائے حتی تراہما۔ اور جناب حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے جو حدیث **نحن معاشر الانبیاء لا نورث ما ترکناہ فھو صدقۃ** سے استدلال فرمایا۔ **اول** تو یہ حدیث خبر واحد ہی نہیں کما تحقیقہ۔ دوم اگر فرضاً تسلیم کریں تو اوس کی قطعیت فوق المتواتر خلیفہ اول رضی اللہ عنہ کے نزدیک ہے۔ لانہ سمع مشافہتہ من رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم

مساوٍ للخاص وسيجئ معنى القطع فلا يجوز تخصيصه لواحدٍ منهما - ماله

يخص بقطعي - لان اللفظ متى وضع لمعنى كان ذلك المعنى لازمًا له الا ان

تدل القرينة على خلافه - ولو اراد البعض بلا قرينة - لارتفع الامان عن

اللغة والشرع بالكلية - لان خطابات الشرع عامة والاحتمال الغير

الناشي عن دليل لا يعتبر فاحتمال الخصوص ههنا كاحتمال المجاز فى الخاص

انتہی مذکورہ مسائل سے ثابت ہوا - کہ تخصیص مصطلح وہ ہے کہ کلام مستقل موصول سے ہو - بحکم مسئلہ اولے کے - اور متاخر کو ناسخ کہتے ہیں - نہ تخصیص بحکم مسئلہ ثانیہ کے - اور مجرد احتمال غیر الناشی عن دلیل عام کو قطعیت سے خارج نہیں کرتا - بحکم مسئلہ ثالث کے - کیونکہ اگر مجرد احتمال سے عام ظنی ہو تو چاہیئے کہ خاص ہی ظنی ہو - اسلئے کہ اس میں بھی احتمال مجاز قائم ہے اور وَارْكَعُوْا بھی ظنی ہو - کیونکہ رکوع بمعنے انحنا ہے - اس میں احتمال ہے کہ کسی طرح کا انحنا ہو - اور کسیطرف ہو - اور یحتمل کہ معنی مجازی ہو - اور وَاسْجُدُوْا بھی ظنی ہو - کیونکہ سجدہ کے معنے وضع علی الجبہۃ علے الارض ہیں - اسمیں احتمال ہے کہ وضو سے ہو یا بغیر وضو ہو - قبلہ کیطرف ہو یا جنوب وشمال کیطرف - اور احتمال ہے کہ معنی مجازی ہو - اور اٰمِنُوْا بھی ظنی ہو کیونکہ ایمان بمعنی گرویدن یعنی مان لینا ہے - اسمیں احتمال ہے کہ صرف زبانی ہو - اور جائز ہے کہ معنی مجازی ہو وغیرہ وغیرہ - خاص خاص احکام کا ذکر کیوں کیا جاوے - بلکہ چاہیئے کہ بہ تجویز صاحب رسالہ کے کوئی حکم قرآنی اور نبوی قطعی نہو - کیونکہ مجرد احتمال وہمی تو ہر ایک میں پیدا ہوسکتا ہے - نماز - روزہ - حج - زکوۃ وغیرہ احکامات سب کو ظنی کہنا چاہیئے - قطعی کا نام ونشان ہی نہ رہا - الغرض ایسے ایسے احتمالات وہمیہ تو ہر ایک حکم میں موجود ہیں - پھر چاہیے کہ کوی حکم قطعی نہ ہو وہو ظاہر البطلان -

یہ سب اقسام تخصیص مصطلح کے نہیں۔ اور نہ ان تحقیقات سے عام ظنی ہوتا ہے
ورنہ اللہ خالق کل شئ و للہ علی الناس حج البیت من استطاع الیہ سبیلا
مخصوص البعض ہیں لانا نعلم فی الاول قطعاً انہ لیس خالق لنفسہٖ وفی الثانی
انہ لیس بمتناول للصبی و المجنون پھر ظنی ہوں وکذلک **قولہ تعالیٰ**
اذا نودی للصلوٰۃ من یوم الجمعۃ الآیۃ ونظائرھا بھی مخصوص البعض ہیں
لخروج الصبی والمجنون ظنی ہوں **قال صاحب التلویح** لا یتوھم ان
خطابات الشرع التی خص منھا الصبی و المجنون بالعقل دلیل فیہ شبھۃ
کالخطابات الواردۃ بالفرائض فانہ یکفر جاحدھا اجماعاً مع کونھا مخصوصۃ
عقلاً۔ فان التخصیص بالعقل لا یورث شبھۃ۔ فان کل ما یوجب العقل
تخصیصہ یخص والا فلا انتھی۔ پس ثابت ہوا کہ ایسی ایسی تحقیقات سے عام
مخصوص البعض مصطلح (یعنی الذی تمکن فیہ شبھۃ) نہیں ہوتا اور نہ یہ
تحقیقات مورث شبہ کے عام میں ہیں فکیف یجوز تخصیصہ بالخبر
الواحد الذی ھو ظنی کما مر فیما سبق **قولہ** پندرہواں سولہواں جواب
اقول ان ہر دو جواب کا حاصل یہ ہے۔ کہ فاتحۃ الکتاب کی حدیث قراءۃ الامام
کی حدیث سے کم نہیں۔ اور یہ حدیث متواتر ہے۔ سو ان دونوں امر کا جواب مفصل فاقرؤا
ما تیسر من القرآن میں گزر چکا ہے فلینظر الطالب ثمہ **قولہ** سترہواں جواب
آیت کے شان نزول میں اختلاف ہے الی قولہ تو یہ آیت محتملہ حجیت قطعیہ ہونے کے
قابل نہیں **اقول** اختلاف شان نزول مستلزم ظنیت آیۃ کا نہیں۔ اگر یہ اختلاف
مستلزم ظنیت کا ہو تو بڑا بہت حصہ قرآن کریم کا ظنی ہو کما لا یخفی علی من یعلم اسباب
النزول چنانچہ نظیرا بعض آیات واسطے ملاحظہ کے حوالہ قلم ہوتی ہیں **قال عز
من قائل** انما جزاء الذین یحاربون اللہ ورسولہ الآیۃ قد اختلف

دیکھو بحر العلوم فواتح الرحموت شرح مسلم الثبوت میں لکھتے ہیں ولو
سلم العموم فلیس ھذا من الباب فی شیٔ فان تخصیص خلیفۃ رسول اللہ صلی
اللہ علیہ وسلم انما کان لانہ کان قاطعاً عندہ مثل قطعیۃ الکتاب فانہ
سمع مشافھۃ فالقطع فیہ فوق القطع من المتواتر ومن ہہنا ظھر لک
ان ماجرح بہ الخبیث النصیر الطوسی فی شان **صدیق الاکبر**
انہ خصص الکتاب بخبر الواحد - فمن غایۃ حماقتہ وبلادتہ وجھلہ
عصمنا اللہ ولسائر المسلمین عنہ - واما تخصیص غیرھم فلانہ کان مقطوعاً
عندھم الی آخرہ الخ انتھی وقد مر فیما مر **قولہ** جمہور اہل اسلام نے عام
کی تخصیص کو جائز کہا ہے **اقول** جواز تخصیص عام میں تو کلام ہی نہیں -
کلام تو تخصیص العام بخبر الواحد میں ہی سو اوسکا یہاں ذکر ہی نہین **قولہ**
امام ابو حنیفہ رحمہ اللہ علیہ کے نزدیک عام کی تخصیص خبر واحد سے جائز الخ
اقول اسکا جواب فاقرؤا ماتیسر کے جوابوں میں گزرچکا ہے فلینظرہ
ثمہ اور جہاں انکی دلائل مذکور ہیں وہاں اون کی جواب بھی مسطور ہیں **قولہ**
نوان جواب **اقول** اسکا جواب چوتھی جواب میں مذکور ہوچکا ہے - تکرار موجب
طوالت کلام ہے اوسی کو ملاحظہ کریں۔ **قولہ** دسواں جواب الی قولہ تعالیٰ میں
ابتک کسینے منع نہیں کیا **اقول** نمبر ۱۰ ۱۱ ۱۲ ۱۳ ۱۴ تک
ان سب کا بلکہ اس سے ماقبل کے بہت جوابوں کا مطلب ایک ہی ہے - صرف گنتی
ہی بڑہائی گئی ہے - کما لا یخفی علی الناظر سو انکا جواب کا خلاصہ یہ ہے
کہ یہ تخصیص مصطلح نہیں تاکہ مورث ظنیت عام ہو کیونکہ تخصیص عام مصطلح تو - قصر
العام علی بعض مسمیاتہ بکلام مستقل موصول کو کہتے ہیں - سو اگر تخصیص
بکلام نہو - یا بکلام ہو - اور مستقل نہو - یا بکلام مستقل ہو - اور موصول نہو -

اور ہے۔ دیکھو اتقان ص ۴۵ اور بیضاوے اور فاتحہ الکتاب کے
شان نزول میں بھی بڑا اختلاف ہے۔ اکثر کا قول یہہ ہے۔ کہ سب سے اول یہی
نازل ہوئی ہے۔ اور ابن عباسؓ کہتے ہیں۔ کہ اول اقرأ نازل ہوئی ہے۔ اور
بعض کا قول یہہ ہے کہ بسم اللہ الرحمن الرحیم اول نازل ہوئی ہے۔ وقیل یاایہا المدثر
اور بعض کہتے ہیں سورہ فاتحہ مکی ہے۔ اور بعض کا قول ہے کہ مدنی ہے۔ اور بعض
کا قول ہے کہ دوبارہ نازل ہوئی ایکدفعہ مکہ میں اور دفعہ دوم مدینہ میں۔ اور بعض کا
قول ہے کہ نصف مکہ میں اور نصف مدینہ میں نازل ہوئی دیکھو اتقان وعلی ہذا القیاس
بہت آیات احکامی وغیرہا کی شان نزول میں مفسرین کا اختلاف ہے۔ اگر
اختلاف موجب عدم حجت ہے۔ تو بہت آیات قرآنی قابل حجت نہیں رہتیں

قولہ استماع اور انصات آہستہ قراءت کا مانع نہیں **اقول** مستعینا باللہ
اولا اس آیۃ کریمہ میں باری تعالے نے حکم قراءت کے بعد فاستمعوا۔ فرمایا۔
استماع مع القراءت سرّیہ بنظر ظاہر جو نکہ ممکن تہا یعنے ہوسکتا ہے کہ کوئی شخص
قرآن کریم سنتا بھی ہے اور سرّا کچھہ پڑہتا بہی ہے۔ اس لیئے دفع الذلک اوس کے
بعد وانصتوا فرمایا۔ کہ ایسا مت کرو بلکہ جب قرآن کریم پڑہا جاوے تو سنو۔ اور چپکے
رہو۔ کچھہ نہ پڑہو۔ اگر آیتہ کریمہ کو اون معنوں پر حمل کیا جاوے جن پر صاحب رسالہ نے
حمل کیا ہے تو وانصتوا کا سوا تکرار بیفائدہ کے کوئی فائدہ معتدبہا نہیں رہتا وکلام
اللہ کا ہے عز مجدہ علو عن ذلک علوا کبیرا۔ فثبت ان ذلک المحمل غیر سدید
اور انصات آہستہ قراءت کا مانع ہے **انتباہ** یہ جواب تسلیم اتحاد معنی سماع اور استماع
پر مبنی ہے۔ والا بینہما فرق وسیاتے۔ **ثانیا** علامہ ابن الہمام نے لکھا ہے۔
الانصات عدم التکلم انتہی۔ جب انصات کے معنی عدم التکلم کے ہوئی۔ تو قراءۃ
سرّا کو کوئی عدم التکلم نہیں کہتا۔ کیونکہ کوئی اہل المحاورہ نہیں کہیگا۔ کہ تکلم زید ثم انصت

الناس فی سبب نزول ھذہ الآیۃ فذھب الجمھور الی انھا نزلت فی العرنیین وقال مالک والشافعی وابو ثور واصحاب الرای انھا نزلت فیمن خرج من المسلمین بقطع الطریق والسعی فی الارض **نیل المرام** اخرج الشیخان عن المسیب قال لما حضر ابا طالب الوفاۃ (وذکر القصۃ) فقال النبی صلی اللہ علیہ وسلم لاستغفرن لک ما لم انہ عنک فنزلت ما کان للنبی والذین امنوا ان یستغفروا للمشرکین الآیۃ **واخرج الترمذی** وحسنہ عن علی رضی اللہ عنہ قال سمعت رجلا یستغفر لابویہ وھما مشرکان۔ فقلت أتستغفر لابویک وھما مشرکان۔ فقال استغفر ابراھیم علیہ السلام لابیہ وھو مشرک فذکرت ذلک لرسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فنزلت واخرج الحاکم وغیرہ عن ابن مسعود خرج رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یوما الی المقابر فجلس الی قبر منہا۔ فناجاہ طویلا ثم بکی فقال ان القبر الذی جلست انہ قبر امی وانی استاذنت ربی فی الدعاء لہا فلم یاذن لی فانزل علی۔ ما کان للنبی والذین امنوا ان یستغفروا للمشرکین الایہ **اتقان** ص۲ اور آیتہ فاینما تولوا فثم وجہ اللہ کے شان نزول میں بھی اختلاف ہے **ما اخرجہ** ابن جریر وابن ابی حاتم میں کچھ ہے اور **ما اخرجہ الحاکم** وغیرہ میں کچھ اور ہے۔ دیکھو اتقان صفحہ ۲۵ **روی** انہ علیہ السلام قال کنت بجراء فنودیت فنظرت عن یمینی وشمالی الی اخرما قال فنزل جبرئیل وقال یا ایھا المدثر قم فانذر وربک فکبر وثیابک فطہر وقیل تاذی من قریش فیعطی بثوبہ متفکرا او کان قائما متدثرا فنزلت دیکھو **بیضاوی** صفحہ ۳۹۵ تو اسمیں بھی اختلاف ہے سورہ والضحی کے شان نزول میں بھی اختلاف ہے **ما اخرجہ الشیخان** میں کچھ اور ہے اور **ما اخرجہ الطبرانی** اور ابن شیبہ میں کچھ

فاوترت بواحدة رواہ الجماعة منتقی ا **قول** وروی البخاری ایضاً بسندہ عن ابن عمر ان رجلا سأل رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم عن صلوة اللیل فقال صلوة اللیل مثنی مثنی فاذا خشی احدکم الصبح صلی رکعة واحدة توتر له ما قد صلی الحدیث فعیه اولاً اس حدیث سے کہاں ثابت ہے ۔ اور یہ حدیث کب دال ہے ۔ کہ رکعت واحدہ بتحریمہ مستانفہ ہو ۔ بل یحتمل کلا ۔ یعنی یحتمل ان تکون بتحریمة مستانفة ۔ ویحتمل انه اذا خشی الصبح صلی واحدة متصلة بما قد صلی فکیف ینتهض حجة فی اثبات المرام ۔ لان الاحتمال یعقد الحجة عن الحجیة ۔ وکیف یقاوم الصرائح التی ذکرناها ۔ وثانیاً اگر مدلول لفظ حدیث کا ایسا ہی ہو جیسا صاحب رسالہ فرماتے ہیں ۔ تو بھی ایک رکعت ہونا وتر کا بضرورت خوف طلوع صبح کے ثابت ہوا نہ مطلقاً کما یدل علیه لفظ الحدیث فاذا خشی احدکم الصبح صلی رکعة واحدة پس بوقت عدم ضرورت یعنی وسعت وقت کے ایک رکعت ہرگز نہ پڑھنی چاہیئے ۔ شافعیہ ومن توافقهم کے نزدیک تو اس لیئے کہ وہ مفہوم شرط کے قائل ہیں ۔ اور حنفیہ ومن معهم کے نزدیک یہی نہیں چاہیئے لان ما وراء الشرط مسکوت فیبقی علی الاصل وهو العدم **وقال** ابن الهمام فاذا ابیحت بشرط تبقی ما وراءه علی العدم لکنا لا نجیزها ایضاً ۔ لذلك عند خشیة الصبح لانه احد محتملیه المتساویین کما قلنا ۔ فلا یجوز الحمل علیه بعینه انتهی **الحاصل** یہ حدیث مثبت وحدة مطلقة نہیں ۔ بلکہ وحدة عند خشیة الصبح کے ہے ۔ ومع ذلک محتمل الوجهین ہے ۔ فلا یقوم به الحجة ۔ وثالثاً ایسی وحدة رکعت کی مرویات سنت فعلیہ علیہ السلام کے خلاف ہی کہ انہ لم یرو احد نصاً انه صلی اللہ علیہ وسلم صلی الوتر رکعة واحدة فقط ومن ادعی فعلیه البیان ۔ ودق حرط القتاد **قوله** حنفیہ نے اوتر بواحدة کا ترجمہ فرمایا ہی طاق کردی پہلی نماز

مطری قاصر اللسان ہے درشتہ ہے ز وصف ناتمام ما جمال یار مستغنی ست +
باب و رنگ و خال و خط چہ حاجت روی زیبارا + یہ مختصر حال ماخذ حنفیہ کرام کا ہے
اور یہی قول حضرت عمر بن الخطابؓ + اور علی بن ابی طالبؓ + اور ابن مسعود۔ اور
ابی + اور انس بن مالکؓ اور ابن عباس + اور ابی امامہ + اور عمر بن عبد العزیز
اور حذیفہ۔ اور ابن المسیّب + اور عروہ بن زبیر + اور قاسم بن محمد۔ اور ابی بکر
بن عبد الرحمن + اور خارجہ بن زید + اور عبید اللہ بن عبد اللہ + اور سلیمان
بن یسار۔ وغیرہم رحمۃ اللہ علیہم کا ہے ذکرہ فی النہایۃ وذکر الترمذی
قال سفیان والذی استحب ان یوتر بثلث رکعات وھو قول ابن المبارک
واھل الکوفۃ انتھی و قال الشمنی فی شرح النقایۃ مذھبنا اقوی من
حیث النظر لان الوتر۔ لا یخلو اما ان یکون فرضًا او سنۃً فان کان فرضًا
فالفرض لیس الا رکعتین او ثلاثا او اربعًا۔ وکلھم اجمعوا علی ان
الوتر لا یکون اثنین ولا اربعًا۔ فثبت انہ ثلاث وان کان سنۃ فلا نجد لھا
سنۃ الا ولھا مثل فی الفرض۔ والفرض لم یوجد فیہ الوتر الا المغرب وھو
ثلاث انتھی **کذا فی التعلیق الممجد** قلت ذکرہ الطحاوی

حدیث صلوۃ اللیل مثنی مثنی کا جواب +

ابسط من ذلک من شاء فلینظرہ۔ قال الزیلعی ھذا الذی قالہ حسن جدا۔ وذکر
الحازمی فی کتابہ الناسخ والمنسوخ ان من جملۃ الترجیحات۔ ان یکون احد
الحدیثین موافقا للقیاس دون الاخر فیکون العدول عن الثانی الی الاول
متعینًا۔ انتھی بمضمونہ وقال بعض اصحابنا ان تعیین الوصل والاقتصار
علی ثلث حسن۔ لان الصحابۃ اجمعوا علی ان الوتر بثلث موصولۃ حسن جائز
واختلفوا فیما زاد او نقص فاخذنا بما اجمعوا علیہ وترکنا ما اختلفوا فیہ
واذا سمعت ما تلونا۔ فنقول **قولہ** صلوۃ اللیل مثنی مثنی فاذا خفت الصبح

تسلیم کے معنے ہیں السلام علیك ایها النبی کہنا آہ **اقول** صحیح مسلم کی عبارت
یہ ہے - عقبہ بن حریث کہتے ہیں - سمعت ابن عمر یحدث ان رسول اللہ ص
صلی اللہ علیہ وسلم قال صلوۃ اللیل مثنی مثنی - فاذا رایت ان الصبح یدرکك
فاوتر بواحدۃ - قیل لابن عمر ما مثنی مثنی قال ان تسلم فی کل رکعتین
انتہی ص۲۵۷ آفتاب نصف النہار سے روشن ہے - کہ یہ قول سرور انبیا صلی اللہ
علیہ وسلم کا نہیں - بلکہ موقوف ابن عمر کا بیان ہے - تسلیم کیا کہ تفسیر راوی ثقہ معتبر
کی ہے - الا انکار احتمال - کہ محتمل دو معنوں کا نہیں ہے - انکار بداہتہ ہے - کیونکہ
اسکے معنی سلام بعد الرکعتین کے بھی ہو سکتے ہیں - اور السلام علیک ایہا النبی
کا بھی محتمل ہے - اب ہم **میزان الاعتدال** سے دیکھتے ہیں - کہ ان ہر دو
احتمال سے رجحان کسکو ہے - تو ہمنے دیکہا کہ خود ہی حضرت ابن عمر رض احد المحتملین کو
ترجیح فرما رہے ہیں - **روی مالك** فی مؤطاہ عن عبد اللہ بن دینار ان
عبد اللہ بن عمر کان یقول صلوۃ المغرب وتر صلوۃ النہار انتہی **ورواہ**
محمد ایضا فی مؤطاہ عن مالك بہذا السند **ورواہ** ابن ابی شیبۃ مرفوعا
من حدیث ابن عمر بلفظ صلوۃ المغرب وتر النہار فاوتروا اللیل **قال**
العراقی مسند صحیح ذکرہ الزرقانی - ہکذا فی التعلیق الممجد واخرج الطحاوی
عن عقبۃ بن مسلم قال سالت عن ابن عمر عن الوتر فقال اتعرف وتر النہار -
فقلت نعم - صلوۃ المغرب فقال صدقت و احسنت انتہی پس ماذکر سے ثابت ہوا کہ
حضرت ابن عمر نے صلوۃ الوتر کو بصلوۃ المغرب تشبیہ دی - اور ظاہر ہے - کہ
صلوۃ المغرب تین رکعت بلا سلام ہے - تو وتر بھی ضرور ایسی ہی ہونے چاہیئے - تا
کہ تشبیہ تمام ہو - اور اسی تشبیہ تام پر امام محمد رحمۃ اللہ علیہ جو امام الوقت پہلو درجہ کے
فصیح و بلیغ محاورات عرب سے بدرجہ اتم ماہر - جنکی فصاحت و بلاغت کی تعریف

کو ایکرکعت ملا کر **اقول** صرف حنفیہ ہی کا یہ ترجمہ نہیں ہے۔ حضرت ابن عمر راوی
حدیث۔ بلکہ سید الانبیاء خاتم الرسالت صلی اللہ علیہ وسلم کا کلام فصاحت بیان
خود ترجمان اس ترجمہ کا ہے۔ **روی البخاری و مسلم** ان رجلاً سأل
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم عن صلوۃ اللیل۔ فقال۔ صلوۃ اللیل مثنی مثنی
فاذا خشی احدکم الصبح صلی رکعۃ واحدۃ توتر لہ ما قد صلی یعنی ایک
آدمی نے حضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے رات کی نماز کا سوال کیا۔ پس حضرت
صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ رات کی نماز دو دو رکعت ہے۔ جب تم سی کسی کو
خوف طلوع صبح کا ہو تو ایک رکعت اور پڑھ لے تاکہ یہ رکعت طاق کردے پہلی نماز کو۔
وروی مسلم عن ابن عمر رضی اللہ عنہ ان رجلاً۔ نادی رسول اللہ صلی
اللہ علیہ وسلم وھو فی المسجد۔ فقال یا رسول اللہ کیف اوتر صلوۃ اللیل
فقال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم من صلی صلوۃ اللیل فلیصل مثنی مثنی
فان احس ان یصبح۔ سجد سجدۃ۔ فاوترت لہ ما صلی یعنی کسی نے پوچھا
یا رسول اللہ میں وتر کی نماز کسطرح پڑھوں۔ آپنے فرمایا۔ دو دو۔ جب معلوم ہو
کہ صبح ہونیکو ہے۔ تو ایک رکعت اور پڑھ لے۔ پس یہ ایکرکعت پہلی کو طاق کردیگی
اور اسی (توتر لہ ما قد صلی) جملہ حدیث کو امام مالک۔ اور نسائی وغیرہ نے بھی۔
بیان کیا ہے۔ آپ فرمائیے۔ کہ یہ ترجمہ (طاق کردے ایکرکعت سی پہلے نماز کو) حنفیہ
کرام کا خانہ زاد۔ اور ایجاد ہے۔ یا کہ خاتم الانبیاء علیہ السلام کی کلام معجز نظام (توتر
لہ ما قد صلی) سی مستفاد ہے۔ وحدت رکعت کی۔ صلی رکعۃ واحدۃ سی ہی
مستفاد تھی۔ توتر لہ ما قد صلی کا۔ پھر فائدہ ہی کیا۔ **طرفہ تر یہ ہی**۔ کہ
اس جملہ والی حدیث کو صاحب رسالہ نے معرض استشہاد میں بیان نہیں فرمایا **قولہ**
پھر جب سنایا گیا زاد احمد تسلم فی کل رکعتین۔ وکذا مسلم من ابن عمر۔ تو کھدیا

کیوقت ایسا افعال کردنی وضروری ہی ساقط ور مبدل ہوجاتے ہیں۔ نظائر
اور تماثیل اسکے ازبس روشن اور ظاہر ہین۔ پس ایسا فعل دوام کی لئی عند
المعارضہ حجت متصور نہیں ہو سکتا۔ وھذا الجواب تسلیمی والزامی ثانیًا تسلیم بمقتضائے
کان یسلم کے کما قیل ہمنے تسلیم کیا کہ یہ فعل ابن عمر کا دائمی اور عادی تہا۔ یعنی
آپکی عادت مبارک اور شیمہ کریمہ ایسی ہی تہی۔ کہ وتر بدین طریق مذکور دوامًا پڑہتے
تو حاصل کلام یہ ٹھہرا کہ سرمایہ خیریت دارین کا اتباع معمولات صحابہ کرام کو۔ جو کہ
سالک مسالک سیرت احمدیہ علیہ التحیہ کے ہیں۔ مقرر کیا جاوے۔ تو پھر کیوں نہ فعل
ابن عمر سے۔ فعل حضرت عمر فاروق رض۔ اور علی بن ابیطالب رض۔ اور عبد اللہ
بن مسعود رض۔ اور عبد اللہ بن عباس رض۔ اور ابی بن کعب رض۔ اور انس بن مالک رض
وغیر ذلک۔ کو مرجح جانکر انکے شیمہ کریمہ اور معمولات کو مقتدا اور پیشوائے عمل قرار
دیا جاوے۔ ومن ھھنا قال الحسن اذا قیل له ان ابن عمر کان یسلم فی الرکعتین
الاولیین من الوتر فقال کان عمر افقه منه فکان ینھض فی الثانیة با
لتکبیر ومن غیر ذلک قبل ذلک۔ وقال محمد فی موطاه بعد ذکر اثر
ابن عمر ھذا۔ لسنا ناخذ بھذا ولکنا ناخذ بقول عبد اللہ بن مسعود رض وابن
عباس رض ولا نری ان یسلم بینھما۔ وقال مالک بعد روایة ان سعد بن ابی
وقاص کان یوتر بعد العتمة بواحدة لیس علی ھذا العمل عندنا ولکن ادنی الوتر
ثلث انتھی۔ ثالثًا ان صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم کے عملدرآمد سے قطع نظر کرکے ہم
تسلیم کرتے ہیں۔ کہ سیرت کریمہ اور فعل مبارک حضرت عمر کا ہی واجب الاتباع ہے۔
الا بمقابلہ سنت سنیہ نبویہ علی صاحبہا الصلوة والسلام کے۔ تو چراغ پیش آفتاب یا
بمنزلہ سراب ہے۔ روی النسائی عن عائشة انه صلی اللہ علیہ وسلم
لا یسلم فی رکعتی الوتر وروی ایضًا عن ابی بن کعب قال کان رسول اللہ صلی

وما روی عن ابن عمر ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم کان یفعل ذلک - فھو متأول۔ قال الطحاوی - فقد ثبت بھذہ الآثار التی رویناھا عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم ان الوتر اکثر من رکعة - ولم یرد فی الرکعة شیء الا وتاویله یحتمل ما قد شرحنا وبیناہ فی موضع من ھذا الباب انتھی ایضًا ١٢م

امام شافعی جیسے امام الوقت افصح و ابلغ۔ فرماتے ہیں۔ ما رئیت احدًا افصح منہ
کان القرآن نزل بلغتہ۔ اور نیز امام شافعی علیہ الرحمۃ کے اُستاذ ہیں۔ باب منعقد
کرکے اسی حدیث (صلوٰۃ المغرب وتر صلوٰۃ النہار) کو لاکر نتیجہ تحریر فرماتے
ہیں۔ قال محمد وبهذا ناخذ وينبغي لمن جعل المغرب وتر صلوة النهار كما
قال ابن عمر ان يكون وتر الليل مثلها لا يفصل بينهما بتسليم كما لا يفصل
في المغرب بتسليم وهو قول ابي حنيفة رحمة الله انتهى بلکہ یہہ روایت عبد اللہ
بن مسعودؓ سے بھی ثابت مروی **روی محمد** عن عبيدة قال قال عبد الله
بن مسعود الوتر ثلث كصلوة المغرب (انتہی ملخصاً) اور عبد اللہ بن عباس سے بھی مروی
ہے **روی محمد** عن عطاء بن يسار قال ابن عباس الوتر كصلوة المغرب
انتهى فليحفظ ذلك (انتہی ملخصاً) لكن اس بیان و تقریر میں۔ الخدشہ باقی رہا وہ
یہہ ہے کہ امام الائمہ بخاری علیہ الرحمۃ نے روایت کیا ہی **روی**
البخاري عن ابن عمر انه كان يسلم بين الركعتين والركعة في الوتر آہ
تو اسکا جواب قول ذیل میں گزارش ہوتا ہے **قولہ** روی البخاری عن ابن عمر
انه كان يسلم بين الركعتين والركعة في الوتر حتى كان يامر ببعض حاجته
اقول لفظ كان حتی كان يامر میں سہو قلم ہے صحیح حتی یامر ہے) اولاً
ابی بکر قسطلانی نے **مواہب لدنیہ اور شرح بخاری** میں لکھتے ہیں وعبارتہ هذه
كان ابن عمر يسلم بين الركعة والركعتين في الوتر حتى يامر ببعض حاجته۔ ق
هذا ظاهره انه كان يصلي الوتر موصولاً۔ فان عرضت له حاجته۔ فصل
ثم بنى على ما مضى انتهى **قسطلانی علیہ الرحمۃ** کے بیان سے ظاہر ہے۔ کہ فعل دائمی
حضرت عمرؓ کا یہہ تہا۔ کہ وتر موصولاً پڑہتے۔ الا احیاناً بوقت عروض حاجت۔ و
ضرورت کے کبھی فصل کرتے۔ اور بخاری خود ثابت ہے کہ عروض حاجت اور ضرورت

رکعت فقط ہے۔ اور احتمال ہے کہ یہ ایک رکعت مع ما قبل کے ملکر یہ تمام ذکر ہو۔
چنانچہ تو ترک صلوٰتک اسی احتمال کو ترجیح دیتا ہے۔ اور نیز وہ جملہ روایات
جو کہ در باب تثلیث وتر کے وارد ہوئی ہیں۔ انہیں معنونکے معاضد اور مؤید
ہیں۔ پس حدیث محتمل المعنیین کو اپنے اثبات مدعی کے لئے صریح قرار دینا
خیر خفا میں ہے۔ بلکہ یہ روایت اثبات مدعی میں پہلی روایت سے بھی کمتر
ہے۔ فکیف یکون صریحاً **قولہ** روی سعید بن منصور باسناد صحیح۔ صلی ابن عمر
رکعتین ثم قال یا غلام ارحل لنا ثم قام و اوتر رکعۃ **اقول**
قال الفاضل الکنوی فی التعلیق المجد۔ ناقلاً عن زرقانی اما روایۃ
سعید فمحتملہ انتھی پس یہ روایت بھی چونکہ مع الاحتمال ہے۔ صریح فی المقصود
نہیں ہے۔ **قولہ** اور عائشہ رضی اللہ عنہا سے مروی ہے۔ کہ رسول خدا
صلی اللہ علیہ وسلم گیارہ رکعت پڑھتے تھے۔ یسلم بین کل رکعتین و یوتر
بواحدۃ **اقول** طحاوی رحمۃ اللہ نے شرح آثار میں لکھا ہے ولما قولھا
رای عائشۃ یسلم بین کل رکعتین۔ فان ذلک محتمل ان یکون کان
یسلم بین کل رکعتین فی الوتر وغیرہ۔ فثبت بذلک ما ذھب الیہ اھل
المدینۃ من التسلیم بین الشفع و الوتر۔ ویحتمل ان یکون کان یسلم بین
کل رکعتین من ذلک غیر الوتر۔ فیتفق ذلک و حدیث سعد بن ھشام
ولا یتضادان۔ مع انہ قد روی عن عروۃ فی ھذا۔ خلاف ما رواہ الزھری
عنہ انتھی۔ ثم سرد الاحادیث۔ طحاوی علیہ الرحمۃ کے بیان سے ظاہر ہے۔ کہ یہ
روایت محتمل المعنیین ہے فلم تکن نصاً فی المقصود **قولہ** اور ظاہر ہے۔ کہ
گیارہ رکعتوں میں سلم کے معنے اوسط فی التشہد کے حنفیہ کے نزدیک ہی بن نہیں
سکتے **اقول** حنفیہ کرام نے یہ دعوی ہی کب کیا ہے۔ کہ گیارہ رکعت میں

انتظام ارض

اللہ علیہ وسلم یقرء فی الوتر بسبح اسم ربک الاعلی - وفی الرکعۃ الثانیۃ بقل یا ایہا
الکافرون وفی الثالثۃ بقل ھو اللہ احد ولا یسلم الا فی اخرھن **وروے**
الحاکم فی المستدرک وقال صحیح علی شرط البخاری ومسلم لم یخرجاہ
ولفظہ قالت یعنی عائشۃ کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یوتر بثلث لا
یسلم الا فی اخرھن - وفی لفظ کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لا یسلم الا
فی اخرھن - وروی ابو حنیفۃ عن حماد عن ابراھیم عن الاسود عن عائشۃ قالت
کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یوتر بثلث یقرء فی الاولی بسبح اسم ربک الاعلی
الحدیث **ھکذا فی الفتح** اور سوا اس کے اور احادیث بہت ہیں - جو کہ تثلیث الوتر
کے مؤید ہیں - اور اونکا ذکر سابق میں مؤیدات میں گزر چکا ہے **قولہ** اور اس
سے صریح عن ابن عمر وابن عباس انھما سمع النبی صلی اللہ علیہ وسلم یقول الوتر
رکعۃ من اخر اللیل رواہ احمد ومسلم **اقول** روی الطحاوی عن ابن عمر
عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال الوتر رکعۃ من اخر اللیل - ثم قال ذھب قوم الی
ھذا - وخالفھم فی ذلک اخرون فقال بعضھم الوتر ثلث رکعات لا یسلم الا فی اخر
ھن - وقال بعضھم الوتر ثلث رکعات یسلم فی الاثنین وفی اخرھن **وکان**
قول رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم الوتر رکعۃ من اخر اللیل - قد یحتمل عندنا ما
قال اھل مقالۃ الاولی ویحتمل ان یکون رکعۃ مع شفعۃ قد تقدمھا - وذلک
کلہ وتر فیکون تلک الرکعۃ توتر المتقدم لھا - وقد بین ذلک ما رواہ
بعضھم عن ابن عمر - ان رجلا سأل النبی صلی اللہ علیہ وسلم عن صلوۃ اللیل فقال
مثنی مثنی فاذا خشیت الصبح فصل رکعۃ واحدۃ - توتر لک صلوتک انتھی مختصرا
ثم سرد لاثبات المدعی احادیث کثیرۃ - **حاصل کلام شیخ** یہی کہ - الوتر رکعۃ
من اخر اللیل محتمل دو معنو نکا ہے - احتمال ہے کہ اسکے معنے یہہ ہوں - کہ وتر ایک ہی

ابن حزم کے کذب صریح کا جواب

ابن حزم نے کہا ہے الی قولہ - وقال قد روینا من طریق عبد الرزاق عن ابن
عباس - الثلاث بتیرا - یعنی الوتر - فعاد البتیرا علی المحتج بالخبر الکاذب
اقول ہذا کذب بحت یکذبہ ما رواہ الحاکم فی المستدرک - وقال انہ صحیح
علی شرط البخاری ومسلم لم یخرجاہ - **عن عائشۃ** مرفوعاً کان
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یوتر بثلث لا یسلم الا فی اخرھن **وفی لفظ**
کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لا یسلم فی الرکعتین الاولیین من الوتر -
وما روی النسائی عن عائشۃ انہ صلی اللہ علیہ وسلم لا یسلم فی رکعتی
الوتر - وما رواہ ایضاً عن ابی بن کعب قال کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم
یقرء فی الوتر بسبح اسم ربک الاعلی - الی ان قال - وفی الثالثۃ بقل ھو اللہ احد
ولا یسلم الا فی اخرھن انتہی - ومر تمامہ فیما سبق **وما رواہ ابو داؤد**
وغیرہ مرفوعاً - ومن احب ان یوتر بثلث فلیفعل الحدیث - وما رواہ الترمذی
عن علی قال کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یوتر بثلث یقرء فیہن الحدیث
قال وفی الباب عن عمران بن حصین - وعائشۃ - وابن عباس - وابی - وایوب
وعبد الرحمن بن ابزی انتہی - **وما روی البخاری** فی صحیحہ عن القاسم
رأینا اناسا منذ ادرکنا - یوترون بثلث الی اخرہ **وما روی الطحاوی**
عن انس انہ قال الوتر ثلث رکعات وکان یوتر بثلث رکعات - وما اخرج
الطحاوی عن ثابت صلی بی انس الوتر - وانا عن یمینہ - وام ولدہ خلفنا -
ثلث رکعات لم یسلم الا فی اخرھن وما اخرج عن المسور قال دفنا ابا بکر لیلا
فقال عمر انی لم اوتر - فقام وصففنا وراءہ فصلی بنا ثلث رکعات لم یسلم الا فی اخر
ھن وما اخرج عن ابی الزناد عن الفقہاء السبعۃ - سعید بن المسیب الی اخرہ کما
مر فیما مر - وما ذکرنا من الاحادیث الوتریۃ فیما سبق - فہذہ الاحادیث

یسلم کے معنی اوسط تشہد کے ہیں۔ تاکہ اونپر یہ اعتراض وارد ہو۔ بلکہ حنفیہ کے
معنی اور توجیہ۔ طحاوی رحمہ اللہ کی عبارت سے ظاہر۔ **قولہ** راوی کی
تفسیر اور راوی کا قول اگر حنفی حجت جانتے ہیں **اقول** راویکا قول اور راوی
کی تفسیر علے الاطلاق حجت نہ ہونا حنفیہ کا مذہب نہیں کما مر فیما مر۔ مع انہ
محتمل الوجہین **قولہ** اگر عبارۃ النص کو ترجیح دیتے ہیں **اقول** عبارۃ
النص ہی کہاں۔ لیتنج کما مر فیما تلونا **قولہ** اگر انصاف کا
خون نہیں کرتے **اقول** انصاف کا خون تو حنفیہ نے کیا کرنا ہے۔ اور کیوں
کریں کہ درپئے تطبیق احادیث ہیں **ہاں** اگر ایسے منصف طاعن کا خون
کرنہیں دریغ نکریں تو بعید نہیں **قولہ** اگر اوسے فقیہ مانتے ہیں **اقول**
لاشک فی کونہ فقیہا۔ ولکن عمر۔ وابن مسعود۔ وابن عباس کانوا افقہ
منہ مع ان التطبیق بین قولہ وفعلہ لا یضر فی فقاہتہ **قولہ** اگر اوسی
عاشق اتباع سمجھتے ہیں **اقول** حضرت عمر۔ علی۔ ابن مسعود۔ ابن عباس
ابی۔ زید۔ انس۔ وغیر ذلک مما ثبت عنہم تثلیث الوتر رضوان اللہ علیہم
اجمعین بلکہ جملہ صحابہ کرام عاشقان اتباع اور جان نثار سنت نبویہ علیہ السلام
پر ہیں۔ کون اور کسکی طاقت ہے۔ کہ حضرت عمر۔ علی۔ ابن مسعود۔ اور ابن
عباس وغیرہم کو کہے کہ عاشقان اتباع نہیں۔ حالانکہ وتر تین رکعت ہی پڑھتے
تھے۔ کما ثبت فی محلہ **قولہ** وہ جو محمد بن قرظی سے نہی عن البتیرا کی حدیث
جو مروی ہے۔ الخ **اقول** بتیرا کے ثبوت اور عدم ثبوت پر مدار اثبات تثلیث
وتر کا نہیں۔ تاکہ اوس کے اثبات میں کوشش اور اشتغال کیا جاوے کما مر منا
فیما سبق لہذا ابن ہمام نے بعد ذکر حدیث صلوۃ اللیل مثنی مثنی۔ الحدیث
کے کہا ہے فتم المقصود غیر متوقف علی ثبوت النہی عن البتیرا انتہی **قولہ**

انتہی ذکرہ بیان صاحب تمہید یعنی ابن عبد البر اور تعلیق الممجد سے ظاہر ہی کہ نیل کے قول سے د اگر اوسکا ہو نیل مرام حاصل نہیں ہوتا۔ یعنی جبکہ اوس کے قول کا قول معارض موجود ہے۔ تو پہر عند المعارضہ وہ حجت کیونکر ہو سکتا ہے اور اس اجمال کی تفصیل طوالت طلب ہے۔ آلا مشت نمونہ از خروارے گزارش ہوتا ہی

اخرج الحاکم عن حبیب المعلم وسکت عنه قال قیل للحسن ان ابن عمر کان یسلم فی الرکعتین الاولیین من الوتر۔ فقال کان عمر افقه منه۔ فکان ینهض فی الثانیه بالتکبیر انتهی وذکر الطحاوی من طریق المسور بن المخرمة۔ قال دفنا ابا بکر لیلاً فقال عمر انی لم اوتر فقام وصففنا وراءه فصلی ثلث رکعات لم یسلم فی اخرهن انتہی ذکرہ الحافظ ابن حجر فی نصب الرایة۔ ان آثار سے فعل حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ کا تثلیث وتر ثابت ہوتا ہے۔ نہ وحدۃ وتر کی۔ پس قول صاحب سالہ کا کہ عمر ایک رکعۃ وتر پڑہتے تھے۔ مطالب بالدلیل ہے۔ وروی الطحاوی بسندہ عن ابن لهیعة عن عبد العزیز بن صالح عن ابی منصور۔ قال سالت عبد اللہ بن عباس عن الوتر فقال ثلث وایضاً عن ابن لهیعة بسند اخر کذلک وایضاً بسندہ عن ابی یحیی قال سمر المسور بن مخرمة وابن عباس الی ما قال۔ فقال لاصحابه اتروني ادرک اصلی ثلثا یرید الوتر الحدیث وقال محمد فی مؤطاہ وبقول ابن عباس ناخذ انتھی۔ ای فی تثلیث الوتر۔ یہ آثار صاف دال ہین۔ کہ ابن عباس بھی تین رکعت وتر پڑہتے تھے وروی الطحاوی بسندہ عن عبد الرحمن بن یزید عن عبد اللہ بن مسعود قال الوتر ثلث کوتر النهار صلوة المغرب وایضاً بسند اخر مثله۔ وقال محمد فی مؤطاہ۔ و بقول ابن مسعود ناخذ ان آثار سے حال ابن مسعود کا ظاہر ہے۔ کہ وتر تین رکعت ہی

الصحیحۃ الصریحۃ فی تثلیث الوتر۔ والآثار المذکورۃ یکذب ابن حزم فی
دعواہ۔ لیت شعری کیف تفوہ بھذا الکلام۔ مع تجرّہ فی اخبار خیر الانام۔ و
توسّع نظرہ فی آثار الصحابۃ الکرام۔ ولولا مخافۃ طول المقال۔ لبسطنا
الکلام بسطاً فی الابطال۔ لعلہ لم تقرع سمعہ ھذہ الروایات المرویۃ عن
النقاد الثقات۔ ولم یصل بصرہ الی آثار الافراد والاثبات۔ واللہ یعصمنا عن
الآفات والبلیات **قولہ** ابن مسعودؓ کے اثر ما اجزأت رکعۃ قط الخ **اقول**
أخرج محمد فی کتاب الآثار۔ عن ابن مسعود انہ قال ما اجزأت رکعۃ قط و
اخرجہ فی موطاہ ایضاً **واخرج الطبرانی** عن ابراھیم قال بلغ ابن مسعودؓ
ان سعداً یوتر برکعۃ فقال ما اجزأت رکعۃ قط **قولہ** فقد قیل انہ ذکر
رداً علی ابن عباسؓ الخ **اقول** اسکا ضعف قیل سے ہی خود ظاہر ہے۔ اور ما
اخرج الطبرانی سے صاف ظاہر ہے کہ ابن مسعودؓ نے سعد کے ردّ میں یہ عبارت فرمائی
اور امام مالک علیہ الرحمۃ کو جب یہ اثر سعد بن ابی وقاص کا پہونچا۔ تو آپنے فرمایا
لیس علی ھذا العمل عندنا۔ ولکن ادنی الوتر ثلث انتہی یہ عبارت بنی نبائی موطا
امام مالک میں ثبت ہے۔ اور ابن عباس کا قول الصلوٰۃ فی حال الخوف رکعۃ
واحدۃ متاول ہے۔ دیکھو نووی کا باب الصلوٰۃ فی السفر **قولہ** وتر کی ایک
ایک رکعت کس کس صحابی کا مذہب ہے۔ خلفاء اربعہؓ ابن مسعودؓ۔ ابن عباسؓ
ابی بن کعبؓ الخ **اقول** فی التعلیق الممجد **قولہ** الوتر ثلث وھو قول عمرؓ و
علیؓ و ابن مسعودؓ۔ و ابیؓ۔ و انسؓ۔ و ابن عباسؓ۔ و ابی امامۃؓ۔ و عمر بن عبدالعزیز
و حذیفۃ۔ و الفقہاء السبعۃ۔ و ابن المسیب۔ و الواحد قول الشافعیؒ انتہی
و ذکر صاحب التمہید عن جماعۃ من الصحابۃ **روی** عنھم الوتر منھم بثلث۔ لا
یسلم الا فی آخرھن **منھم** عمرؓ و علیؓ و ابن مسعودؓ و زیدؓ۔ و ابیؓ۔ و انسؓ

سے منکر کوئی بھی نہیں ہے۔ بلکہ اکثر کو اونکی اولویت میں اتفاق ہے۔ پس مذہب حنفیہ کرام رح درباب وتر بہت اوثق اور محتاط ہے۔ **قولہ** بلکہ ابوہریرہ رض نے مرفوعاً روایت کیا ہی لا توتروا بثلث۔ اوتروا بخمس او سبع۔ ولا تشبہوا بصلوٰۃ المغرب الی اٰخر اگر کسینے موقوف کہا ہی۔ تو موقوف آپکے یہاں حجت ہے

اقول اولاً اس روایت میں نفی تثلیث وتر کی ہی۔ اور اثبات پانچ۔ سات کا وحدۃ رکعت کے اثبات کا اسمیں کچھ ذکر ہی نہیں۔ تا کہ لا کما اس حدیث کا آپ کی لیے کچھ سود مند ہو۔ ثانیاً اس روایت کی معارض ہے۔ روایت ابوداؤد۔ نسائی وغیرہ کے جو مرفوعاً مروی ہے۔ ابی ایوب سے **قال قال** رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم الوتر حق فمن شاء ان یوتر بثلث فلیفعل الحدیث اور نیز اسکے معارض ہی حدیث ابی بن کعب کی جسکو نسائی وغیرہ نے بیان کیا ہی۔ قال کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یقرء فی الوتر بسبح اسم الی ان قال و فی الثالثۃ بقل ہو اللہ احد۔ ولا یسلم الا فی اٰخرہن اور نیز اسکے معارض ہے۔ حدیث عائشہ صدیقہ کی جسکو حاکم نے بیان کیا ہے **وقال** صحیح علی شرط البخاری ومسلم ولم یخرجاہ۔ قالت کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یوتر بثلث لا یسلم الا فی اٰخرہن اور انکے سوا بہت احادیث مرفوعہ اور آثار صحابہ جو کہ سابق میں گزر چکی ہیں۔ اس روایت کے معارض ہیں **راقم اوراق** کہتا ہے۔ انشاء اللہ تعالیٰ روایت عائشہ صدیقہ رض کی روایت ابوہریرہ رض سے بوجوہات مرجح اور قوی ہی احدہا۔ ان روایۃ اکثر۔ بخلاف حدیث ابی ہریرۃ۔ ثانیہا۔ ہذہ روایۃ کثیر المخالطۃ للنبی صلی اللہ علیہ وسلم بخلاف روایۃ ابی ہریرۃ۔ ثالثہا۔ ان راویۃ فقیہۃ بالاتفاق بخلاف روایۃ ابی ہریرۃ لانہ لم یقل بفقاہتہ بعض الاصولیین۔ رابعہا۔ ان روایۃ عائشۃ رضی اللہ عنہا یوافق الحفاظ۔ بخلاف روایتہ رضی اللہ عنہم خامسہا۔ ان روایۃ عائشۃ رض علی شرط

ابوہریرہ کے اثر کا جواب +

وجوہ ترجیح حدیث عائشہ رض

پڑہتے تھے **قولہ** تابعین اور علما الی آخرہ **اقول** اگر واقعی ایسا ہی ہو۔ تو
صحابہ اور تابعین اور علماء جنکے نزدیک وتر تین رکعت ہیں بکثرت ہین
منہم عمر بن الخطاب۔ علی بن ابیطالب۔ ابن مسعود۔ ابی۔ انس بن مالک۔ ابن
عباس۔ ابی امامہ۔ عمر بن عبد العزیز۔ حذیفہ۔ ابن المسیب۔ عروۃ بن الزبیر
قاسم بن محمد۔ ابی بکر بن عبد الرحمان۔ خارجۃ بن زید۔ عبید اللہ بن عبد اللہ
سلیمان بن یسار۔ ذکرہ فی النہایۃ **اور حلبی** نے لکہا ہے واختارہ الثوری
وابن المبارک۔ وہو قول مالک فی کتاب القیام ذکرہ فی المعارضۃ
انتہی **اور طحاوی** نے لکہا ہے۔ کہ بہت مشائخ اور صالح لوگ جو لائق فتوے
اور معتمد علیہ ہیں۔ انسے بہی تین وتر ہی منقول ہیں **قولہ** امام مالک اور
امام شافعی۔ اوزاعی۔ احمد۔ اسحاق۔ ابو ثور۔ داؤد۔ ابن حزم۔ **اقول**
امام مالک تو اپنی موطا میں بعد ذکر روایت سعد کے فرماتے ہین قال مالک لیس
العمل علی ہذا عندنا ولکن ادنی الوتر ثلث اور صاحب **مسوی** لکھتے ہیں
افراد الرکعۃ مکروہ عند مالک انتہی۔ اور امام شافعی رحمہ اللہ سے دربابِ وتر روایت
مختلف ہے ثلث لا یفصل بینہن بتسلیم۔ وثلث بتسلیمتین۔ والقول انہ شاء
اوتر برکعۃ۔ وان شاء بتثلیث بتسلیمۃ واحدۃ۔ او بخمس۔ او بتسع۔ او
باحدی عشرۃ۔ کذا فی النہایہ۔ ذکرہ فی التعلیق الممجد **اور جامع ترمذی** میں ہے
والعمل علی ہذا عند بعض اصحاب النبی صلی اللہ علیہ وسلم والتابعین راوان یفصل
الرجل بین الرکعتین والثالثۃ۔ یوتر برکعۃ۔ وبہ یقول مالک والشافعی
واحمد۔ واسحاق انتہی اس بیان سے ظاہر ہے۔ کہ امام مالک شافعی۔ احمد۔ اسحاق
کا مذہب نہیں ہے۔ کہ وتر صرف ایک ہی رکعت ہی۔ بلکہ انکا مذہب یہ ہے۔ کہ وتر
تین رکعت ہیں۔ الا بتسلیمتین۔ باایں ہمہ کمال یہ ہے۔ کہ تین رکعت بیک سلام

تین رکعت وتر صحابہ اور تابعین اور علماء کے نزدیک بکثرت منقول ہیں +

اور فعال صحابہ اور سنت فعلیہ علیہ السلام کے نسبے ایسا فرمانا کب متصور تہا۔ ثانیاً۔ جس
طرز وطریق سے صاحب رسالہ بیان فرماتے ہیں۔ مخرج مجہول۔ اور سائل بھی نامعلوم
اثبات مُدعا کے لئے عند المعارضہ یہہ طریق کب قابل تسلیم ہے۔ طحاوی نے
اپنی سند مسلسل سے بیان فرمایا ہے۔ کہ قراء سبعہ ر اور سُلیمان بن یسار بھی ایک
اونمیں سے ہی) کا درباب وتر عمل تین رکعت پر ہی تہا۔ وتر قبل فراک **قولہ**
آپ لوگوں نے دیکہا کہ ایکرکعت کی نماز شرع میں کیسی ثابت ہی **اقول** اپنی
جسقدر بیان کیا ہے۔ اوسمیں سے کوئی حدیث مرفوع جس سے وحدت رکعۃ کا
ثبوت نصًّا ہو۔ بیان نہیں فرمائی۔ اگر کسی میں وحدت رکعۃ کا ذکر بھی ہی۔ تو
وہ متأول ہے۔ جیسے ماسبق میں گزارش ہوا ہے۔ پہر اس دعوی کو مجرد دعوی
ہی کہنا چاہیئے۔ **قولہ** بلکہ ابن عبّاس سے فرض کے ایکرکعت بہی ثابت ہی۔
اقول نووی نے کہا ہے وقول ابن عبّاس۔ و فی الخوف رکعۃ متاول۔ امام
شافعی اور مالک اور جمہور نے اسکی تاویل کی ہے علی ان المراد بہ رکعۃ مع الامام۔ و
رکعۃ اخری یاتی بہا منفرداً وھذا التاویل لا بد منہ للجمع بین الادلۃ انتہی
باختصار۔ پہر جب کہ متاول ہے۔ تو اس سے معارضہ کب قائم ہوسکتا ہے۔ فلا یفیدہ
ذکرہ **قولہ** عینی کا قول کہ ایکرکعت شرعی نماز نہیں ہرگز درست نہوا **اقول**
اتبک ایکرکعت شرعی نماز ہونا کہاں ثابت ہوا ہے۔ کہ عینی کا قول ثابت نہو **قولہ**
فائدہ۔ وتروں میں اصل ثابت یہی ہی۔ علے سبیل الاختلاف الانواع کئی طرح ثابت
ہیں۔ ایکرکعت جیسا گزرا **اقول** اوس گزری پر جو گزرا وہ ہی معلوم ہوا۔
وحدت کا ثبوت نصًّا کہیں ہی نہوا۔ **قولہ** تین رکعت اسمیں سبّح ا سم
ربک اور سورۂ کافرون اور سورۂ اخلاص کی تخصیص ہے خلافاً للحنفیۃ **اقول**
اگر اس تخصیص سے یہ مراد ہے۔ کہ سوا ان سورتوں کے تین رکعت وتر جائز ہی نہیں ہوتے

الشیخین رواہ البخاری ومسلم۔ کما قال الحاکم فی المستدرک سادسہا۔ روایۃ عائشۃ موفوع بالاتفاق بخلاف روایۃ ابی ہریرۃ۔ فانہ قال بعضہم بالرفع وقال بعضہم بالوقف۔ سابعہا۔ روایۃ عائشۃ موافق للقیاس کما مر بخلاف روایۃ رضی اللہ عنہ ثامنہا۔ ان روایۃ عائشۃ یفسر بفعلہ صلی اللہ علیہ وسلم بخلاف روایۃ رضی اللہ عنہ تاسعہا۔ انہ لم یعمل بروایۃ احد من الائمۃ لان کلہم اجمعون یقولون بجواز تثلیث الوتر عاشرہا۔ روایۃ عائشۃ مخرج فی السنن بخلاف روایۃ ابی ہریرۃ رضی اللہ عنہ وغیر ذلک من وجوہ الترجیح **قال** الفاضل اللکھنوی فی التعلیق الممجد۔ ومن المعلوم ان حدیث عائشۃ فی عدم السلام فی الرکعتین مرجح علی حدیث ابو ہریرۃ رضی اللہ بوجوہ لا یخفی علی ماہر الفن۔ مع ان حدیث ابی ہریرۃ نفسہ معارض بحدیث من احب ان یوتر بثلث فلیفعل۔ المخرج فی السنن وھو من اسباب الترجیح انتہی **قولہ** عراقی نے کہا۔ عائشہ سے صحیح ہوا۔ آہ **اقول** اولا۔ روایات مسبوقۃ الذکر عائشہ وغیرہ کی اس تصحیح کے معارض صریح ہیں۔ **علاوہ** اس کے اگر صاحب رسالہ اس روایت کو بسند مسلسل بیان فرماتے۔ تو البتہ ہم بھی دل کھول کر کلام کرتے۔ گول بات کا جواب گول دیا جاتا ہے۔ ثانیاً۔ **زرقانی** نے نقل کیا ہے۔ **روی** ابن ابی شیبۃ مرفوعا من حدیث ابن عمر بلفظ۔ صلوۃ المغرب وتر النہار فاوتروا اللیل قال العراقی مسند صحیح انتہی۔ ذکرہ فی التعلیق یہ حدیث صریح مرفوع معارض اوس موقوف کے ہے۔ **قولہ** سلیمان بن یسار سے تین رکعت وتر کا مسئلہ پوچھا گیا آہ **اقول** اولا۔ سلیمان بن یسار کو سرے احادیث مرفوعہ اور آثار صحابہ کرام بالتخصیص سنت فعلیہ مرویہ بروایات ثقات۔ اور اعمال صحابہ رضوان اللہ کی نہیں پہونچے۔ کہ ایسا فرمایا۔ ورنہ بعد وصول ان احادیث

عراقی کے قول کا جواب

سلیمان بن یسار مروی کا جواب

وغیرہما نے لکھا ہے ان ھذا وما ثبتنا کله کان قبل ان یستقر امر الوتر۔ انتھی

والعیان لابن الھمام۔ اور اسکی تفصیل فتح القدیر۔ اور طحاوی۔ اور مرقاۃ

شرح مشکوۃ وغیرہ سے ملاحظہ کرنی چاہیئے **قولہ** اور یہہ اختلاف الانواع

ہے۔ **اقول**۔ اختلاف رفع یدین عند الرکوع وغیرہ۔ اور اختلاف وضع

الیدین علی الصدر۔ اور تحت السرۃ فی الصلوۃ۔ اور اختلاف التیمم ضربتان

او ضربۃ واحدۃ۔ اور اختلاف جلوس فی التشھد۔ اور وغیرہ وغیرہ اختلاف کو

اختلاف الانواع کہہ دیا۔ اور چھٹی ہوئی۔ یہہ امر تو آفتاب نصف النہار سے بھی روشن

ہی۔ کہ اختلاف الائمہ رضوان اللہ علیھم کا اسی لئے ہوا۔ کہ روایات مختلفہ وارد ہوئیں

ہیں۔ اور ہر ایک نے اپنے قواعد مقررہ کے بموجب احدی الروایتین کو ترجیح دیکر اپنا

معمول قرار دیا۔ تشھد ابن مسعود کو امام علیہ الرحمۃ نے بوجوہات شتی جو کہ بمحل خود

مذکور ہیں۔ اور تشہدوں پر ترجیح دی۔ اور اوسی تشہد کو اپنا معمول ٹھہرایا۔

اور اذان بلال رضی اللہ عنہ کو جو کہ بغیر ترجیع تھے۔ راجح سمجھکر اپنا قرار دادہ مقرر فرمایا

علی ہذا القیاس۔ اور حج میں مَن تَعَجَّلَ فِی یَومَینِ فَلَا اِثمَ عَلَیهِ وَمَن تَاَخَّرَ فَلَا

اِثمَ عَلَیهِ تو خود منجانب شارع کے تخییر مرحمت فرمائی۔ اختلاف الانواع کے کیا

معنے ہیں۔ اور کسی سورہ کا نماز میں پڑہنا۔ تو بمقتضائے فاقرؤا ما تیسر من القرآن

کے قاری مخیر قرار دیا گیا۔ پھر اختلاف الانواع کی کیا صورت۔ اور دعا میں بعد تشہد

کے۔ ثم لیتخیر احدکم من الدعاء اعجبہ الیہ فیدعو بہ وارد ہے۔ فکیف

اختلاف الانواع۔ اور وتروں میں اگر فمن احب ان یوتر الحدیث کا خیال ہو۔ تو بھی امر

مبحوث فیہ ہے۔ پھر اسکو اثبات اختلاف الانواع کے لئے پیش کرنا۔ شائبہ مصادرہ

علی المطلوب سے خالی نہیں **قولہ** دوسرا اعتراض حنفیہ کا۔ شافعی۔ لا صلوۃ میں۔

ایک رکعت کو نماز کہنے پر تقریر اعتراض یہہ ہے۔ لا صلوۃ میں نماز کامل مراد ہے اور وہ

پنجم امر کا جواب

اختلاف الانواع کا جواب

دوسرے اعتراض حنفیہ شافعی کا جواب

یا ان میں اور سورتین مروی نہیں فذلک یردہ **ماروا ہ اصحاب السنن الاربعۃ** وابن حبان فی صحیحہ والحاکم فی المستدرک انہ علیہ السلام کان یقرء فی الرکعۃ الاولی بفاتحۃ الکتاب۔ وسبح اسم ربک الاعلی۔ وفی الثانیۃ بقل یا ایہا الکافرون۔ وفی الثالثۃ بقل ھو اللہ احد والمعوذتین **ومارو ی الطحاوی** بسندہ عن علی قال کان النبی صلی اللہ علیہ وسلم یوتر بتسع سور من المفصل فی الرکعۃ الاولی۔ الھٰکم التکاثر وانا انزلناہ فی لیلۃ القدر۔ واذا زلزلت وفی الثانیۃ والعصر واذا جاء نصر اللہ وانا اعطیناک الکوثر۔ وفی الثالثۃ قل یا ایہا الکافرون وتبت یدا۔ وقل ھو اللہ احد انتہی۔ وذکر فی عمدۃ الرعایۃ۔ آخرجہ احمد وغیرہ۔ وقد بسط طرق ھذہ الاخبار الحافظ ابن حجر العسقلانی فی تخریج احادیث الاذکار المسمی بنتائج الاذکار انتہی **وماقال الترمذی** فی جامعہ قال ابو عیسی **و** روی عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم انہ قرا فی الوتر۔ فی الرکعۃ الثالثۃ بالمعوذتین۔ وقل ھو اللہ احد انتہی اور اگر اس تخصیص سے یہ مراد ہے کہ اولی اور مسنون یہی ہے کہ وتروں میں یہی تین سورتیں پڑھی جائیں۔ اتباعاً لفعلہ علیہ السلام فی اکثر الاوقات وغالبہا تو خلافاً للحنیفہ کہنا سراسر بے اعتبار وخلاف ہے فی عمدۃ الرعایۃ۔ ویقرأ فی کل رکعۃ منہ ای الوتر الفاتحۃ وسورۃ ای ای سورۃ شاء۔ والاولی الاتباع بما نقل عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم وکان یقرء تارۃ فی الرکعۃ الاولی بسبح اسم ربک الاعلی الحدیث **وقال** الحلبی المستحب ای فی الوتر قراۃ سبح اسم ربک فی الاولی۔ وقل یا ایہا الکافرون فی الثانیۃ۔ وقل ھو اللہ احد فی الثالثۃ انتھی۔ وھکذا فی الدر والبحر وغیرہا

قولہ اور پانچ آہ **اقول** پانچ۔ سات۔ نو۔ کے جواب میں۔ ابن الہمام اور طحاوی

میں جو صلوٰۃ کہ مفہوم ہوتی ہے۔ اسکا اطلاق رکعت واحدہ کاملہ پر نہیں ہوتا۔ نہیں ہوتا ہے۔ یقال صلی رکعۃ۔ بلکہ وہ نفی اس امر کی کرتا ہے۔ کہ جب صلوٰۃ بضمن فعل مذکور ہوا۔ اوس سے صلوٰۃ کاملہ عرفی مراد نہیں ہوتی۔ بخلاف اسکے صراحۃً مذکور ہو **قال صاحب الکفایۃ** فی حاشیۃ الھدایہ۔ و الصلوٰۃ متی ذکرت صریحًا ینصرف الی الرکعتین۔ وان لم تذکر صریحًا تنصرف الی الواحدۃ۔ والسر فی ذلک علی ما قال ابن الھمام فی الفتح۔ الثابت فی ضمن الفعل ضروری لا یظھر اثرہ فی غیر تحقیق الفعل بخلاف الصریح فانہ اختیاری یترتب علیہ حکم المطلق فیوجب الکمال انتہی پس صاحب رسالہ کا یہ اعتراض کہ حسب قرار آپکے ایک رکعت کا نماز ہونا ثابت ہوا۔ محض مسامحت اور تسابل ہے۔ کیونکہ صاحب ہدایہ خود ثابت کر رہا ہے۔ کہ یصلی کے ضمن میں جو صلوٰۃ مفہوم ہوتی ہے۔ اوسکا اطلاق رکعت واحدہ پر ضرورتًا ہوتا ہے۔ لکن وہ صلوٰۃ کاملہ عرفی نہیں۔ اور مبحوث فیہ صلوٰۃ جو کہ حدیث شریف لاصلوٰۃ الا بقراءۃ میں وارد ہے۔ چونکہ وہ صراحتًا نہ بضمن فعل مذکور ہے۔ اس سے مراد صلوٰۃ کاملہ عرفی ہے۔ فلا یتم استدلال الشافعی بہ۔ پھر ایک رکعت کا صلوٰۃ کاملہ عرفی ہونا۔ کہاں سے ثابت ہوا تاکہ اعتراض وارد ہو **قولہ** دوم نکرہ نفی کے نیچے مفید عموم ہے **اقول** اوسی عموم کا یہ نتیجہ ہے۔ کہ کوئی نماز بدون قراءت صحیح نہیں ہوتی **قولہ** اور تخصیص کمال بطور آپکے نسخ عموم ہے **اقول** (۱) تخصیص اور عموم میں بڑا فرق ہے کما مر فیما مر مرارًا۔ (۲) یہاں تخصیص ہی کہاں ہے۔ بلکہ لاصلوٰۃ کے مفہوم کا بیان ہے۔ یعنے جب لفظ صلوٰۃ صراحۃً مذکور ہو۔ اوس سے صلوٰۃ کاملہ عرفی مراد ہوتی ہے۔ اور وہ دو رکعت سے کم نہیں ہوتی۔ پھر یہ تخصیص ہے۔ یا کہ مفہوم لفظ ہے **قولہ** تیسرا ایمان کا مدار آپکے یہاں عرف پر ہے۔ اور حنفیوں کی

دو رکعت سے کم ہوتی الخ۔ **اقول** ہدایہ کی عبارت مقام ہذا میں یہ ہے۔ والقراءۃ
فی الفرض واجبۃ فی الرکعتین۔ وقال الشافعی رحمہ اللہ فی الرکعات کلہا
لقولہ علیہ السلام لا صلوۃ الا بقراءۃ۔ وکل رکعۃ صلوۃ۔ وقال مالک رحمہ اللہ
فی ثلث رکعات اقامۃ للاکثر مقام الکل تیسیرا۔ ولنا قولہ تعالی فاقرؤا ما تیسر
من القران۔ الخ اور شافعی رحمہ اللہ کے جواب میں **صاحب ہدایہ** لکھتے ہیں۔ و
الصلوۃ فیما روی مذکورۃ صریحا۔ فتصرف الی الکاملۃ۔ وہی الرکعتان عرفا کمن
حلف لا یصلی صلوۃ۔ بخلاف ما اذا حلف لا یصلی انتہی حاصل کلام صاحب ہدایہ کا
یہ ہی۔ کہ جب صلوۃ کا لفظ صراحۃً مذکور ہو۔ تو اوسوقت صلوۃ سے عرفا صلوۃ کاملہ مراد ہوتی
ہے۔ اور وہ دو رکعت سے کم نہیں ہوتی۔ جیسے کہ کوئی حلف میں کہے۔ لا یصلی
صلوۃً یعنے صلوۃ کا لفظ صراحۃً ذکر کرے۔ تو بدون دو رکعت پڑھنے کے حانث نہیں
ہوتا۔ بخلاف اسکے حالف کہے۔ لا یصلی یعنے صراحۃً لفظ صلوۃ کا ذکر نکرے۔ اگرچہ
ضمن فعل میں ضرورۃ مذکور ہو۔ تو ایکرکعت کاملہ پڑھنے سے حانث ہوتا ہے۔ آسے صاحب
رسالہ جواب وہ ہیں یعنی اعتراض کرتے ہیں **قولہ** اول۔ حسب اقرار آپکے ایک
رکعت کا نماز ہونا بھی ثابت ہوا۔ کیونکہ لا یصلی کا مشتق منہ صلوۃ ہے۔ اگر لا یصلی کہنے والے
کی ایکرکعت پڑھنی نماز نہوتے وہ حانث نہوتا **اقول** اس اعتراض میں ہدایہ
کی عبارت سے تساہل ہے۔ کیونکہ وہ لکھتا ہے کہ جب صلوۃ کا لفظ صراحۃً مذکور ہو۔ تو
اوسوقت صلوۃ سے صلوۃ کاملہ عرفا مراد ہوتی ہے۔ اور وہ دو رکعۃ سے کم نہیں ہوتی۔ اور
اگر صراحتًا مذکور نہو یعنے ضمن فعل میں مذکور ہو۔ تو اوسوقت اوسکا اطلاق ایکرکعت پر ہوتا
ہے۔ مگر وہ صلوۃ کاملہ عرفا نہیں۔ جیساکہ مسئلہ حلف میں حلف لا یصلی یحنث
اذا صلی رکعۃ واحدۃ کاملۃ۔ **ومن** حلف لا یصلی صلوۃ یحنث اذا صلی رکعتین
کاملتین الحاصل **صاحب ہدایہ** اسی امر کی نفی نہیں کرتا۔ کہ لا یصلی کے ضمن

مسئلہ طمانینت در رکوع و سجود کا

بیان فرمائیے ۔ لینظر و یجاب ۔ **قولہ** دیکھو چار رکعت کی نماز بدون قراءۃ فاتحہ
یا بہ ترک فاتحہ اُخریین میں **اقول** اس مسئلہ کی گفتگو پہلے ہو چکی ہے ۔ یہ مقام
میں محتاج بجواب نہیں ۔ جواب سابق ہی مکتفی ہے ۔ **قولہ** طمانینت رکوع
و سجود **اقول** امام صاحب اور امام محمد کے نزدیک طمانینت رکوع و سجود میں منجملہ
فرائض کے نہیں ۔ لان الرکوع ہو المطلوب بالنص جزءًا للصلوۃ وکذا السجود لقولہ تعالی
ارکعوا واسجدوا ۔ ولا اجمال فیہما لیفتقر الی البیان ۔ ومسمی ہما یتحقق بمجرد
الانحناء ووضع بعض الوجہ مما لا یعد سخریۃ مع الاستقبال ۔ والطمانینۃ
دوام الفعل لا نفسہ فہی غیر المطلوب بہ فوجب ان لا تتوقف الصحۃ علیہا بالخبر
الواحد ۔ والا لکان نسخًا لاطلاق القاطع بہ وہو ممنوع عندنا ۔ مع ان
الخبر یفید عدم توقف الصحۃ علیہ وہو قولہ علیہ السلام ۔ وما انتقصت من
ہذا شیئًا فقد انتقصت من صلوتک **وجہ** الاستدلال بہ انہ علیہ السلام
سماہا صلوۃ ۔ والباطلۃ لیست بصلوۃ ۔ ولانہ علیہ السلام وصفہا بالنقص
والباطلۃ انما توصف بالانعدام ۔ فعلم انہ علیہ السلام امرہ بالاعادۃ لیوقعہا
مع غیر کراہۃ ۔ لا للفساد ۔ ولو لم یکن ہذا لما ترکہ صلی اللہ علیہ وسلم
بعد اول رکعۃ حتی اتم ۔ وتقریرہ صلی اللہ علیہ وسلم من الادلۃ الشرعیۃ ۔

تخصیص لفظ اللہ اکبر کا جواب

ہذا ہو المستفاد من الفتح **الحاصل** قرآن کریم میں طمانینت کا تو کچھ ذکر ہی
نہیں ۔ اور نہ اوسکا ثبوت کسی آیت سے ہوتا ہے ۔ اور حدیث شریف میں جو ذکر
ہے اوسکا مدلول وجوب ہے یا سنت مؤکدہ ۔ تو اسی کے ہم قائل ہیں ۔ لہذا
امام صاحب اور امام محمد رح فرماتے ہیں ۔ کہ اوسکے ترک سے سجدہ سہو لازم آتا ہے
علی ما ہو المذکور فی الفتح ۔ پس صاحب رسالہ کا یہ اعتراض کہ حسب احادیث جائز
نہیں ۔ فائز نہیں ۔ **قولہ** بلکہ بدون لفظ اللہ اکبر **اقول** تخصیص اسے

عرف ایکرکعت کو کامل نماز کہنے کے خلاف ہے۔ پس اونکے نزدیک لایصلی صلوٰۃ میں حالف کا ایک رکعت کے پڑہنے سے حانث ہونا اس امر کا مستلزم نہیں۔ کہ فی الواقع بھی ایک رکعت کی نماز کامل نہیں ہوتی **اقول** حنفیونکی عرف خانہ زاد نہیں۔ بلکہ عرف شرعی بھی یہی ہے۔ کہ ایک رکعت کو صلوٰۃ کاملہ شرعا نہین کہتے کما مر۔ اور فی الواقع سے اگر فی الواقع حنفی مراد ہے۔ تو اونکے نزدیک فی الواقع ایکرکعت صلوٰۃ کاملہ نہیں۔ پھر وہ حالف صلوٰۃ غیر کاملہ سے حانث ہوگا۔ اور فی الواقع شرعی مراد ہے۔ توبھی ابتک ایکرکعت کا صلوٰۃ کاملہ ہونا واقع شرعی میں فی الواقع ثابت نہیں۔ توبھی وہ حالف حانث نہوا۔ اگر کوئی اور فی الواقع ہے تو اوسکا بیان ہونا چاہئے **قولہ** اس حالف کا حانث نہ ہونا ممنوع ہے **اقول** مطالب بالسند ہے **قولہ** ۵ لایصلی صلوٰۃ میں صلوٰۃ کا لفظ مکرر ہے۔ پس دو رکعت کا لایصلی صلوٰۃ مین مراد ہونا باعث تکرار لفظ کے ہے الخ **اقول** یہ اعتراض مبنی بر عدم ملاحظہ کتب حنفیہ کے ہے **فتح القدیر** وغیرہ میں لکھا ہے۔ اگر کوئی شخص کہے للہ علی صلوٰۃ۔ توبھی اوسپر دو رکعت لازم ہوتی ہیں۔ والحال ان اللفظ غیر مکرر۔ پس معلوم ہوا کہ مدار دو رکعت کا تکرار پر نہیں۔ بلکہ صراحت لفظ پر ہے۔ فرضاً اگر کوئی۔ لایصلی صلوٰۃ۔ صلوٰۃ کہے تو چاہیئے کہ تین رکعت پڑہنے سے حانث ہو۔ والحال انہ لیس کذلک **قولہ** صفت کمال کا ازدیاد اُنکی یہاں مشعر اس بات کا ہے۔ ایک رکعت بھی نماز ہوتی ہے دیکھو جو آپنے لفظ خداج میں تاویلیں کی ہیں **اقول** (۱) اسمقام میں ازدیاد صفت کمال کا ہی کہاں بلکہ بیان مفہوم لفظ کا ہے کما مر (۲) جبکہ ایکرکعت کی نماز کامل عرفی ہونفیسی صراحۃً نفی موجود ہے۔ پھر اوس اشعار کا وجود قائم ہونا چاہئے لینظر فیہ (۳) خداج میں کونسی ایسی تاویل ہے جس سے ثابت ہوتا ہی کہ ایکرکعت بھی نماز کامل دینے

الاخبار الاحاد ناسخاً لحکم الکتاب ولا مقیدة لا طلاق ما فی الباب انتہی بعینہ

پس ماذکر سے معلوم ہوا۔ کہ مقتضی آیتہ اور احادیث کا فرضیت تخصیص اسے لفظ کی نہیں۔ بلکہ غایت ما فی الباب احادیث سے وجوب یا سنیت اسی لفظ کی ثابت ہوتی ہی۔ واصحابنا یقولون بذلک پہر صاحب رسالہ کا یہہ فرمانا کہ حسب احادیث صحیحہ جائز نہیں۔ جائز نہیں۔ بلکہ صاحب رسالہ کا فرض منصبی یہہ تہا۔ کہ پہلے اس کی فرضیت قرآن یا احادیث سے ثابت کرتے۔ پہر حنفیہ پر اعتراض کرنے کے قابل ہوتے

قوله اور بدون سلام **اقول** صاحب رسالہ فرماتے ہیں۔ کہ نماز سے باہر آنا بدون سلام آپکے یہاں جائز ہے۔ اور احادیث صحیحہ میں وارد ہے کہ نماز بدون لفظ سلام کے جائز نہیں۔ یعنے خروج از نماز بلفظ سلام فرض ہے۔ الا صاحب رسالہ نے کوئی ایسی حدیث بیان نہیں فرمائی۔ جس سے ثابت ہوتا ہے کہ لفظ سلام کہنا فرض ہی۔ تو کہ آپکا مستند معلوم ہوتا۔ ہماری اصحاب حنفیہ فرماتے ہیں۔ کہ بلفظ سلام نماز سے باہر آنا واجب ہے۔ اور عمداً تارک اوسکا مسی اور گنہگار ہے۔ اور لفظ سلام کہنا منجملہ فرائض کے نہیں۔ اور مستند ہمارا بہت احادیث ہیں **منها** ما اخرجه ابو داؤد بسندہ

عن القسم ابن مخیمرة قال اخذ علقمة بیدی فحدثنی ان عبد الله بن مسعود اخذ بیده۔ وان رسول الله صلی الله علیه وسلم اخذ بید عبد الله نعلمه التشهد فی الصلوٰة وذکر مثل دعاء حدیث الاعمش اذا قلت هذا وقضیت هذا فقد قضیت صلوٰتک ان شئت ان تقوم فقم وان شئت تقعد فاقعد انتهی ص ۱۴۰ **قال** ابن الهمام قال النووی اتفق الحفاظ علی انها مدرجة والحوان غایة الادراج ههنا ان تصیر موقوفة والموقوف فی مثله له حکم الرفع انتهی **ومنها** ما اخرجه الطحاوی بسنده عن عبد الله بن عمرو ان رسول الله صلی الله علیه وسلم قال اذا رفع المصلی راسه من اخر صلوته وقضی تشهده ثم احدث فقد تمت صلوته فلا یعود

بدون سلام کے نماز سے باہر آنا جائز نہیں بلکہ واجب

لفظ کی مدلول قرآن کریم کا نہیں۔ بلکہ قرآن کریم میں وربک فکبر ارشاد ہوا ہے۔ فکان المطلوب بلفظ النص التعظیم وھو اعم من خصوص اللہ اکبر وغیرہ بل بای لسان کان بلکہ حدیث شریف میں بھی وتحریمہا التکبیر وارد ہوا ہے۔ ومعناہ التعظیم ایضاً ونظیرہ قولہ علیہ السلام امرت ان اقاتل الناس حتی یقولوا لا الٰہ الا اللہ فلو آمن احد بغیر العربیۃ او بغیر ھذا اللفظ جاز۔ اجماعاً بین العلماء الاسلامیۃ اسی لیئے اقوال علماء کے تکبیر تحریمہ میں مختلف ہیں۔ امام شافعی علیہ الرحمۃ فرماتے ہیں۔ کہ افتتاح صلوٰۃ کیوقت اللہ اکبر۔ یا۔ اللہ الاکبر کہنا ضرور ہے۔ اور امام ابو یوسف کے نزدیک اللہ اکبر یا اللہ الاکبر یا اللہ الکبیر اور امام مالک کے نزدیک اللہ اکبر فقط۔ اور امام صاحب اور امام محمدرح فرماتے ہیں۔ کہ مدلول آیت اور حدیث کا تکبیر ہے۔ اور وہ عام ہے وتفصیلہ فی کتب الفقہ۔ الا ان الثابت بالخبر اللفظ المخصوص فیجب العمل بہ حتی یکرہ لمن یحسنہ ترکہ وھو مقتضی المواظبۃ۔ ان لم تقترن بترک یہہ خلاصہ فتح القدیر کا ہے۔ اور مولوی عبد الحیٔ صاحب نے اپنے رسالہ اکام النفائس میں لکہا ہے وخلاصۃ المرام فی المقام انہ لم یقم دلیل قاطع علی اشتراط العربیۃ فی التکبیر لیصح بہ التکبیر بل ظاہر الآیۃ والاحادیث مطلق لا یفید الا اشتراط الذکر المطلق والاحادیث الواردۃ فی ھذا الباب القولیۃ والفعلیۃ لا تدل علی اختصاص الذکر بالعربی بحیث لا یجزئ غیر العربی۔ بل غایۃ ما ثبت منہ ان النبی علیہ السلام اکتفی علیہ ورغب غیرہ الیہ۔ وھو انما یثبت الوجوب او السنیۃ لا انہ لا یجزئ التکبیر بالفارسیۃ۔ وان کانت الاحادیث دالۃ علی اختصاصہ بالعربی اختصاصاً بالغاً الی حد الاشتراط۔ فالآیۃ معراۃ عن ھذا الاشتراط ولا تصح

بلکہ کفایت مطلقہ پر دال ہے جسکے بعد کمال کیو سطے کچھ احتیاج باقی نہیں **قولہ** ایکھی ضرب سے تیمم کیا۔ **اقول** اخرج الحاکم فی المستدرک والدارقطنی من طریق عثمان بن محمد الانماطی **حدثنا** حرمی بن عمارة عن عروة بن ثابت عن ابی الزبیر عن جابر عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال التیمم ضربة للوجه وضربة للذراعین الی المرفقین انتہی۔ **قال** الحاکم صحیح الاسناد ولم یخرجاه **و** قال الدارقطنی رجاله کلهم ثقات انتہی ذکره الزیلعی فی التخریج **و** اخرجه البیہقی وقال هذا اسناد صحیح۔ وقال الذهبی ایضاً اسناده صحیح۔ ذکره القسطلانی فی شرح البخاری **و** اخرج الحاکم فی المستدرک من طریق ابراهیم الحربی عن جابر فقال اصابتنی جنابة وانی تمعکت فی التراب فقال اضرب هکذا و ضرب بیدیه الارض فمسح وجهه ثم ضرب بیدیه فمسح بهما الی المرفقین انتہی وقال اسناده صحیح انتہی ذکره الزیلعی **و** قال محمد وبه ناخذ والتیمم ضربتان ضربة للوجه وضربة للیدین الی المرفقین۔ وهو قول ابی حنیفة انتہی وبه قال الثوری۔ واللیث بن سعد۔ والشافعی۔ وابن ابی سلمة۔ وغیرهم انه لا یجزیه الا ضربتان۔ ضربة للوجه۔ وضربة للیدین الی المرفقین۔ وبه قال مالک الا انه لا یری البلوغ الی المرفقین فرضاً۔ وممن روی عنه التیمم الی المرفقین۔ عبداللہ بن عمر۔ والشعبی۔ والحسن البصری۔ وسالم بن عبداللہ بن عمر **و** قال الاوزاعی ضربتان۔ ضربة للوجه۔ وضربة للیدین الی الکوعین۔ و به قال احمد واسحاق وابن راهویه وداؤد وطبرانی یہ خلاصہ نووی اور تعلیق الممجد کا ہے۔ **قال النووی** قوله صلی اللہ علیہ وسلم "انما یکفیک ان تقول هکذا۔ وضرب بیدیه الی الارض فنفض یدیه فمسح وجهه وکفیه" فیه دلالة لمذهب من یقول یکفی ضربة واحدة للوجه والکفین جمیعاً۔ وللآخرین

